[illegible] سے تھا اور یمن کے بادشاہ [illegible] جس نے افریقہ فتح کیا اور شہر تعمیر کئے اور ان کا خیال ہے کہ افریقہ کا نام اسی کے نام پر رکھا گیا ہے اور جب اس نے اس اجنبی قوم کو دیکھا اور ان کی زبان سنی اور ان کے اختلاف اور حروف کو دیکھا تو اس سے تعجب ہوا اور کہنے لگا کہ تمہاری بربرت کس قدر زیادہ ہے پس ان کا نام بربر پڑ گیا اور عربی زبان میں بربرۃ ان ملی جلی آوازوں کو کہتے ہیں جو [illegible] کہتے ہیں جب شیر [illegible] آوازوں کے ساتھ دھاڑتا ہے تو کہتے ہیں بربر الاسد۔

اس قوم کے شعوب و قبائل: ماہرین نسب کے متعلق علماء انساب اس بات پر متفق ہیں کہ ان کی دو بڑی شاخیں ہیں۔ برنس اور مادغیس کا لقب ابتر ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے بیٹوں کو البتر کہا جاتا ہے اور برنس کے بیٹوں کو برانس کہتے ہیں اور دونوں دو بھائیوں کے بیٹے ہیں اور نسابوں کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے کہ کیا یہ دونوں ایک باپ کے ہیں۔ ابن حزم نے [illegible] صاحب [illegible] سے بیان کیا ہے کہ وہ ایک باپ کے ہیں کیونکہ یوسف بن الوراق نے اس سے یہی روایت کی ہے اور [illegible] سالم [illegible] اور [illegible] نسابین [illegible] کرتے ہیں کہ برانس [illegible] کی نسل سے ہیں اور ابتر [illegible] روایت [illegible] اور یہ اتفاق [illegible] ہے۔

برانس کے قبائل: نسابین کے نزدیک برانس کے قبائل سات بڑی اقوام ہیں ان کے نام یہ ہیں [illegible] صنہاجہ اور [illegible] اور سابق بن سلیم اور ان کے اصحاب نے لمطہ، ہسکورہ اور [illegible] کا بھی اضافہ کیا ہے اور ابو محمد بن حزم [illegible] بیان کرتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ صنہاجہ اور لمطہ ایک عورت کے بیٹے تھے [illegible] اور ان دونوں کے [illegible] معلوم نہیں [illegible] کے متعلق [illegible] ہے [illegible] یہ دونوں [illegible] کے بیٹے ہیں اور [illegible] کہ [illegible] کے [illegible] یہ جھوٹ ہے اور [illegible] بربر [illegible] سے نکلے ہیں۔ [illegible] یمانی قبائل میں سے ہیں اور [illegible] افریقش [illegible] نے افریقہ میں اپنے کارندوں کے ساتھ چھوڑا تھا اور [illegible] کے بارے میں تمام اہل تحقیق کا مذہب یہی ہے۔

[illegible] حمیر [illegible] کے بیٹے ہیں [illegible] اور [illegible] عبداللہ [illegible] ہے اور [illegible] سے [illegible] سب [illegible] ابن [illegible] کہتے ہیں کہ [illegible] مصر [illegible] ہے [illegible]

[illegible] ہے۔

	سلیلہ	
یوکلان	یمن	
صنہاجہ	جزولہ	رسوتہ کتامہ
لمطہ	بن	ماداس بن مصغر
بنی القدن	اوریغ	مصمودہ
عجیسہ	بن	صنہاجہ
ہسکورہ	برنس	مسطاسہ بن ازداجہ
زواوہ بن کتامہ	بن	زواوہ بنت لمطہ

نارہ بن مسطاف بن یحیی بن مصمود بن بر

سبیل سکینہ
حیدرآباد لطیف آباد [redacted]

البتر کے قبائل: یہ مادغیس الابتر کے بیٹے ہیں۔ ان کو چار بڑے قبائل ہیں اداسہ، نفوسہ، ضریسہ اور بنو لوا الاکبر اور یہ سب کے سب بنو زحیک بن مادغیس ہیں اور اداسہ اداس بن زحیک کے بیٹے ہیں۔ وہ ان کے سب بطون ہوارہ میں ہیں۔ اس لئے کہ کل اداس نے زحیک بن اوریغ کے بعد اس سے شادی کی تھی۔ جو اس کے چچا برنس والد ہوارہ کا بیٹا تھا اور اداس ہوارہ کا بھائی تھا اور اس کے سب بیٹوں کا نسب ہوارہ میں داخل ہے اور وہ یہ ہیں سفارہ، اندارہ، ہنزونہ، ضریسہ، لضراعہ، اوطیطہ اور ترہنہ یہ سب کے سب اداس بن زحیک بن مادغیس کے بیٹے ہیں اور آج کل وہ ہوارہ میں ہیں۔

لوا الاکبر: اور لوا الاکبر سے دو عظیم شاخیں ہیں۔ نفزاوہ بنی نفزاو بن لوا الاکبر کے بیٹے اور لواتہ لوا الاصغر کے بیٹے اور لواتہ سے مزاتہ ہیں جو فیلۃ بن لوا الاصغر کے بیٹے ہیں اور مزاتہ کا نسب نفزاوہ میں داخل ہے۔ ابو محمد بن حزم کہتا ہے کہ نفزاوہ نے ام مزاتہ سے شادی کی تو مزاتہ بنی نفزاوہ کے ماں جائے بھائی بن گئے اور ان کا نسب ان سے مل جل گیا۔

نفزاوہ: اور نفزاوہ کے بھی بہت سے بطون ہیں جو یہ ہیں ولہاصہ، غساسہ، زہیلہ، سوماتہ، ورسیف، مرنیسہ، زاتیمہ، ورکول، مرصینہ، ورفجوبہ اور ورتدین اور یہ سب کے سب طوفت کے بیٹے ہیں جو نفزاو سے تھا اور ابن سابق اور اس کے اصحاب نے مجر مکلاتہ کا بھی اضافہ کیا ہے اور کہا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ مکلاتہ بربر میں سے نہیں ہے۔ بلکہ حمیر میں سے ہے۔ جو چھوٹی عمر میں طوفت کے پاس آ گیا تو اس نے اسے متبنیٰ بنا لیا اور وہ مکلاتہ بن ریمان بن کلاع بن سعد بن حمیر ہے۔

ولہاصہ: اور وہ ولہاصہ جو نفزاوہ میں سے ہیں اس کے ولہاص کے دونوں بیٹوں بیزغاسن اور ورتجین سے بہت سے بطون ہیں۔ اور بیزغاسن سے بطوین اور مجوسہ ہیں اور وہ رحال تو بورغش وانیز کرطیۃ اور ماکرین مختصر و تقریباً بنی بیزغاسن بن ولہاص بن طوفت بن نفزاوہ کے بیٹے ہیں۔ ابن سابق اور اس کے اصحاب کہتے ہیں کہ بنو بیزغاسن لواتہ سے ہیں اور سب کے سب جہاں اور اس میں ملے جلے ہیں۔

ورتجین: اور ورتجین سے ورتجین، زیر و بنو طوفت، مکرانقوس ہیں۔ جو ورتجین بن ولہاص بن طوفت بن نفزاوہ کے بیٹے ہیں۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

زوائد [illegible] قوم کے [illegible] اصلی بیان ہے [illegible] امام علیہ السلام کے تذکرے کے موقع [illegible]

[illegible]

[illegible]

حام مغرب کی طرف چلے گئے اور وہاں ان کی نسل پھیلی نیز وہ کہتا ہے کہ جب حام اپنے باپ کی دعا سے سیاہ رنگ ہو گیا تو شرمندگی کی وجہ سے مغرب کی طرف بھاگ گیا اور اس کے بیٹوں نے اس کا پیچھا کیا اور وہ چار سو برس کا ہو کر مر گیا اور اس کے بیٹوں میں سے بربر بن کسلاجیم بھی تھا۔ پس مغرب میں اس کے بیٹوں کی اولاد ہوئی اور وہ کہتا ہے کہ جب بربر مارب ’’تہامہ اور شام سے نکلے تو مغرب کے دو یمنی قبیلے ان کے ساتھ آ ملے اور وہ کہتا ہے کہ ہوارہ لمطہ اور لواتہ حمیر بن سبا کے بیٹے تھے اور ہانی بن بکور الضریسی اور سابق بن سلیمان مطماطی اور کہلان بن ابی لوی اور ایوب بن ابی یزید وغیرہ بربر کے نسابوں میں کہتے ہیں کہ بربر کے دو قبیلے ہیں جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آئے ہیں اور وہ یہ ہیں

البرانس اور البتر۔ جو بربر بن قیس بن عیلان کی اولاد سے ہیں اور البرانس بربر بن سکو بن ابزج بن جنوح بن واعیل بن شراط بن تام بن دویم بن دام بن مازیغ بن کنعان بن حام کے بیٹے ہیں۔ اور یہی وہ قول ہے جس پر بربر کے نسابین اعتماد کرتے ہیں اور طبری کہتا ہے کہ بربر بن قیس بربری قبائل میں اپنی گمشدہ لونڈی کا اعلان کرتا نکلا اس کے ساتھ اس نے شادی کی اور اس کے ہاں اولاد ہوئی اور بربر کے دوسرے نسابوں کے نزدیک وہ اپنے بھائی عمرو بن قیس سے بھاگ کر وہاں چلا گیا اس بارے میں اس کی بہن تماضر کہتی ہے۔

’’جدا ہونے والے اپنے بھائی پر رونے کے بعد میں بربر بن قیس پر رو رہی ہوں جس نے اپنے خاندان کا بوجھ اٹھایا ہوا تھا اور اس کی ملاقات کے بغیر دور ہو گئے ہیں‘‘۔ اور تماضر کی طرف یہ اشعار بھی منسوب کئے گئے ہیں:

’’اور بربر نے ہمارے ملک سے دور گھر بنایا اور جہان کو اس نے اداوں کی وجہ سے چھوڑ دیا۔ بربر پر بھی تنگی نے بوجھ ڈالا۔ حالانکہ ہم بربر حجاز میں تنگی نہیں تھے۔ گویا میں اور بربر اپنے گھوڑوں کے ساتھ کبھی نجد میں نہیں ٹھہرے اور نہ ہی ہم نے لوٹ اور غنیمت کا مال تقسیم کیا ہے‘‘۔

اور علمائے بربر نے عبیدہ بن قیس العقیلی کے یہ اشعار بھی پڑھے ہیں

’’اے وہ شخص جو فرق میں ہمارے درمیان تفریق کر رہا ہے ٹھہر جا اللہ تعالیٰ تجھے راستوں کی طرف تیری راہنمائی کرنے میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ہم اور بربری مرتے دم تک بھائی ہیں اور یہی ہمارا اصل جو بڑا کریم ہے اور قیس بن عیلان دنیا میں ہمارا اور ان کا باپ ہے اور جنگ میں وہ جنگ باز کی پیاس کو بجھاتا ہے لیکن ہم دونوں کینہ ور دشمنوں کے علی الرغم مضبوط رکن اور بھائی ہیں اور جب تک لوگ باقی ہیں بربر ان کا مددگار ہے اور ہمارے لئے ایک مضبوط سہارا ہے اور وہ دشمنوں کے لئے سرخ نیزے اور تلواریں تیار کرتا ہے۔ جو جنگ کے روز گھوڑوں کو دوڑاتا ہے اور بربر بن قیس مضری قبیلہ ہے اور فرع میں بھی اس کا حسب نسب ہے اور قیس ہر ملک میں دین کا قوام ہے اور نسب کے حفظ کے وقت معد کا بہترین آدمی ہے اور قیس کو وہ بزرگی حاصل ہے جس کی وجہ سے اس کی بات اونچی باقی ہے اور قیس کے پاس تیز دھار تلوار ہے‘‘۔

اور اسی طرح یزید بن خالد نے بربریوں کی مدح میں جو اشعار کہے ہیں وہ بھی پڑھے جاتے ہیں ’’اے وہ شخص جو ہم سے ہمارے اصل کے متعلق پوچھتا ہے قیس عیلان پہلے طاقتور آدمی کے بیٹے ہیں ہم طاقتور بربر کے بیٹے ہیں جس نے بزرگی کو پہچانا اور بزرگی میں داخل ہوا اور اس نے بزرگی کی حفاظت کی اور اس کے چچازاد نے آگ دی اور وہ بڑی مصیبت

میں ہمیں کافی ہو گیا اور قیس بربر سے اور بربر قیس سے عزت حاصل کرتا ہے اور ہمیں قیس پر فخر ہے کہ وہ ہمارا جدِ اکبر ہے اور بیماریوں کو کھولنے والا ہے اور قیس عیلان حق کی کان اور بھلائی کی طرف راہنمائی کرنے والا ہے۔ میری قوم بربر کے لئے یہی بات کافی ہے کہ اس نے نیزوں کی انیوں سے زمین پر قبضہ کر لیا اور ہم تلواروں کو اس شخص کی کھوپڑی پر مارتے ہیں۔ جو حق سے روکتا ہے۔ میری طرف سے بربر کو یہ مدح پہنچا دو۔ جو جواہرات سے بنائی گئی ہے"۔

البکری وغیرہ نے روایت کی ہے کہ بربریوں کے نسابوں کے نزدیک مضر کے دو لڑکے تھے الیاس اور عیلان جن کی ماں رباب بنت حیدہ بن عمرو بن معد بن عدنان تھی پس عیلان بن مضر کے ہاں قیس اور دہمان پیدا ہوئے اور دہمان کی اولاد بہت قلیل ہے اور وہ قیس کے اہل بیت سے ہیں جنہیں بنو امامہ کہا جاتا ہے اور ان کی ایک بیٹی تھی۔ جس کا نام بہا بنت دہمان تھا اور قیس بن عیلان کے چار بیٹے تھے۔ عمرو اور سعد ان کی ماں کا نام مزنہ بنت اسد بن ربیعہ بن نزار تھا اور بر اور تماضر کی والدہ تمریغ بنت مجدل بن عمار بن مصمود تھی اور ان دنوں بربر کے قبائل شام میں رہتے تھے اور مساکن میں عربوں سے ہمسائیگی رکھتے تھے اور انہی پانیوں اور چراگاہوں میں شریک کرتے تھے اور ان سے رشتہ داری کرتے تھے۔ پس بر بن قیس نے اپنے چچا کی بیٹی بہا بنت دہمان سے شادی کی اور اس کے بارے میں بھائیوں میں اس سے حسد کیا اور اس کی ماں تمریغ عقلمند عورتوں میں سے تھی اور اسے اس کے متعلق ان سے خوف محسوس ہوا تو اس نے خفیہ طور پر اس کے ماموؤں کو اطلاع دی اور ان کے ساتھ اپنے بیٹے اور اس کی بیوی کے ساتھ بربر کے علاقے کی طرف کوچ کر گئی۔ اس وقت وہ فلسطین اور اکناف شام میں رہائش پذیر تھے۔ پس بہا نے بر بن قیس کے لئے دو بیٹوں علوان اور مادغیس کو جنم دیا اور علوان چھوٹی عمر میں ہی فوت ہو گیا اور مادغیس زندہ رہا اور اس کا لقب ابتر تھا اور وہ بربریوں میں سے ابتر کا باپ ہے اور تمام زناتہ اس کی اولاد میں سے ہیں۔ مورخین بیان کرتے ہیں کہ مادغیس ابتر نے باطال بنت زحیک بن مادغیس بن مجدل بن عمار سے شادی کی تو اس نے زحیک بن مادغیس کو جنم دیا اور ابو عمر بن عبد البر کتاب التمہید فی الانساب میں بیان کرتا ہے کہ لوگوں نے بربر کے انساب کے متعلق بہت اختلاف کیا ہے اور ان کے متعلق جو باتیں بیان کی گئی ہیں۔ ان میں سے واضح بات یہ ہے کہ وہ قبط بن حام کی اولاد میں سے ہیں۔ جب وہ مصر میں اترے تو اس کا بیٹا مغرب کی طرف چلا گیا پس وہ مصر کے مضافات سے آگے جا کر ٹھہر گئے اور برقہ سے بحر اخضر تک ہے اور بحر اندلس کے ساتھ ریگستان کے ختم ہونے تک یہ سوڈان سے جا ملتے ہیں اور ان میں سے لواتہ سرزمین طرابلس میں رہتے ہیں۔ اور اس کے قریب ہی نفوسہ اترے پھر راستے طرابلس میں رہتے ہیں۔ اور اس کے قریب ہی نفزاوہ اترے پھر وہاں سے کتامہ قیروان اور اس کے ورے تاہرت سے طنجہ اور سجلماسہ سے سوس اقصیٰ تک آئے اور وہ صنہاجہ کتامہ، لمطہ، کزولہ اور ہسکورہ اور مطغرہ کے قبائل تھے اور بعض مورخین نے بیان کیا ہے کہ شیطان نے بنی حام اور بنی سام کے درمیان اختلاف پیدا کر دیا اور ان کے درمیان جنگیں ہوئی جن میں سام اور اس کے بیٹوں کو فتح ہوئی اور حام مغرب کی طرف چلا گیا اور مصر آیا اور اس کے بیٹے منتشر ہو گئے اور وہ سیدھا مغرب کی طرف چلا گیا۔ یہاں تک کہ سوس اقصیٰ میں پہنچ گیا اور اس کے بیٹے اس کی تلاش میں اس کے پیچھے چلے گئے اور اس کے بیٹوں کا ہر طائفہ ایک جگہ پہنچا اور وہاں کے حالات سے باخبر ہو گئے اور وہ اس جگہ پر اقامت پذیر ہو گئے اور اس میں نشوونما پائی اور ایک طائفہ ان کے پاس پہنچ کر ان

کے ساتھ ٹھہر گیا اور وہ بھی وہاں پھلا پھولا اور ہشام بن محمد الکلبی کے بیان کے مطابق ۲۴۰ سال بھی اور دوسرے کہتے ہیں کہ اس کی عمر ۲۱۵ سال تھی اور نکلی کہتا ہے کہ یعرب بن قحطان بے تمیز کہتا ہے کہ اس نے سام کو تو طابن یافث کی اولاد میں سے جڑی کے بعد مغرب کی طرف جلاوطن کیا تھا۔ بربروں کے انساب کے متعلق بڑی اختلاف ہے۔

اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے کہ یہ تمام مذاہب مرجوح اور حق و صواب سے دور ہیں اور یہ قول کہ وہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ حقیقت سے بہت دور ہے کیونکہ داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کیا ہے اور بربر جالوت کے معاصر ہیں اور اس کے اور حضرت اسحاق بن ابراہیم علیہما السلام کے درمیان جو قحطان کے بھائی ہیں۔ دو باپ بھی پائی جاتی جو ان کے خیال میں ہے بلکہ دس آباء پائے جاتے ہیں۔ جن کا ذکر ہم نے کتاب کے شروع میں کیا ہے اور ان کے درمیان نسل کا اس طرح پھیلنا اور بڑھنا بھی بعید بات ہے اور یہ قول کہ وہ جالوت اور عمالیق کی اولاد ہیں اور دیار شام سے آ کر یہاں مقیم ہوتے ہیں ایک ساقط قول ہے بلکہ یہ ایک بے ہودہ بات ہے کیونکہ اس جیسی قوم جو امم و عوالم پر مشتمل ہو اور جس نے زمین کی اطراف کو بھر دیا ہو کسی جزیرہ کی چھوٹی اور مخصوص جگہ سے نہیں آ سکتی اور بربر اپنے علاوہ دیگر معروف ہیں اور ان کے اقالیم اسلام سے طویل عہد پہلے اپنے شعار سے مخصوص ہیں۔ پس ان کی جیتی ان کی اولیت کے بارے میں ان سب بیہودہ اور باطل باتوں کا محتاج بنا سکتی ہے اور اس طرح تو عرب و عجم کی ہر قوم کے متعلق ایسی باتوں کا محتاج ہونا پڑے گا اور افریقش جس کے متعلق مؤرخین کا خیال ہے کہ وہ انہیں یہاں لایا ہے۔ انہوں نے خود بیان کیا ہے کہ اس نے انہیں یہاں موجود پایا اور وہ اس کی کثرت اور شور سے متعجب ہوئے ہیں۔ بے متعجب ہوا اور اس نے کہا کہ تمہارا شور کس قدر زیادہ ہے۔ پس وہ ان کو یہاں لانے والا کیسے ہو سکتا ہے اور اس کے اور ذوالاذعار کے درمیان کوئی ایسی قوم نہیں جو اس طرح بڑھے پھولے اور یہ قول کہ وہ حمیر میں سے ہیں اور نعمان بن ذوالقرنین میں سے ہے اور مضر کی بات ہیں اور قیس بن عیلان کی اولاد میں سے ہے جو ایک جھوٹی بات ہے اور اسے علماء اور نسابین کے امام ابو محمد ابن حزم نے باطل قرار دیا ہے اور کتاب الجمہرۃ میں بیان کیا ہے کہ بربر کے بعض قبائل نے ادعا کیا ہے کہ وہ یمن اور حمیر سے ہیں اور بعض بربر بن قیس کی طرف منسوب ہوتے ہیں بلاشبہ یہ تمام باتیں جھوٹی ہیں۔ اور نسابوں نے قیس بن عیلان کے بیٹے بر کے نام کو جانا ہی نہیں اور حمیر کے لئے بلاد بربر کی طرف جانے کا کوئی راستہ ہی نہیں۔ یہ سب مؤرخین یمن کے جھوٹ ہیں اور ابن قتیبہ نے جو یہ کہا ہے کہ وہ جالوت کی اولاد میں سے ہیں اور جالوت قیس بن عیلان کی اولاد میں سے ہے یہ بھی حقیقت سے دور بات ہے کیونکہ قیس بن عیلان معد کی اولاد میں سے ہے اور ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ معد بخت نصر کا معاصر تھا اور جب بخت نصر عرب پر مسلط ہو گیا تو ارمیا نبی اس کے بارے میں بخت نصر سے خوف محسوس کرتے ہوئے اسے شام لے گئے اور بخت نصر وہ ہے جس نے بیت المقدس کو حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کے تعمیر کرنے کے ۴۵۰ سال بعد تباہ و برباد کیا تھا اور معد بھی حضرت داؤد کے بعد اتنی مدت ہی ہو سکتا ہے پس اس کا بیٹا قیس جالوت کا باپ کیسے ہو سکتا ہے۔ جو داؤد کا معاصر تھا یہ حقیقت سے صد درجہ دور بات ہے اور خیال میں یہ ابن قتیبہ کی غفلت اور وہم ہے اور حق وہ ہے جو ان کے بارے میں کسی اور چیز پر بھروسہ نہیں کرتا اور یہ کنعان بن حام بن نوح کی اولاد میں سے ہیں۔ جیسا کہ پہلے طوفان کے انساب میں بیان ہو چکا ہے اور ان کے دادا کا نام مازیغ ہے اور ان کے بھائی ارکیش اور

فلسطین ہیں اور ان کے بھائی بنو کسلوحیم بن مصرایم بن حام ہیں اور ان کا بادشاہ جالوت مشہور علامت رکھتا ہے۔ اور ان فلسطینیوں اور بنو اسرائیل کے درمیان شام میں قابل ذکر جنگیں ہوئیں اور بنو کنعان اور وارکیش فلسطین کے مددگار تھے۔ پس تیرے وہم میں اس کے سوا اور کوئی بات نہ آئے اور یہی بات درست اور صحیح ہے۔ جس سے انحراف نہیں کیا جا سکتا اور عرب نسابین کے درمیان اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا کہ بربر کے جن قبائل کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں سوائے صنہاجہ اور کتامہ کے سب بربر میں سے ہیں اور عرب نسابوں کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے اور مشہور یہ ہے کہ وہ یمنیوں میں سے ہیں۔ اور جب افریقش نے افریقہ سے جنگ کی تو ان کو یہاں اتار دیا اور بربر کے نساب اپنے بعض قبائل کے متعلق خیال کرتے ہیں کہ وہ لواتہ کی طرح عربوں میں سے ہیں ان کا خیال ہے کہ وہ حمیر میں سے ہیں اور ہوارہ کے متعلق ان کا خیال ہے کہ وہ سکاسک کے کندہ میں سے ہے اور زناتہ کے نسابوں کے متعلق ان کا خیال ہے کہ وہ عمالقہ میں سے ہیں۔ جب انہوں نے بنی اسرائیل سے آگے دیکھا اور بعض وقت وہ ان کے متعلق خیال کرتے ہیں کہ وہ جالوت کے بقایا لوگوں میں سے ہیں۔ اور کتامہ زواوہ اور مکناسہ کے متعلق ان کے قوم نسابوں کا خیال ہے کہ وہ حمیر میں سے ہیں۔ جیسا کہ ہم ان کا تذکرہ ان کے قبائل کی تفصیل کے وقت کریں گے مگر یہ سب غیر ثقہ باتیں ہیں اور حق بات وہ ہے جس کی گواہی مواطن اور گوشے دیتے ہیں کہ وہ بربر ہیں سوائے ان دونوں کے البتہ ان کے نساب اور صنہاجہ اور کتامہ کے متعلق خیال کرتے ہیں کہ وہ عرب ہیں اور میرے نزدیک یہ ان کے بھائیوں میں سے ہیں۔ واللہ اعلم

اب ہم ان کے انساب اور اولیت کے متعلق آخر میں پہنچ چکے ہیں۔ پس ہم ان قبائل کی تفصیل اور ایک قوم کے بعد دوسری قوم کے ذکر کی طرف رجوع کرتے ہیں اور ان میں سے ان کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں جنہیں حکومت یا شہرت حاصل تھی۔ یا عام ملک انہی کی نسل پھیلی ہوئی ہے اس لیے ہم ابتر سے آغاز کریں گے اور برانس پر ختم کر دیں گے اور ہم تفصیل وار ان کے حالات کو بیان کریں گے جیسا کہ ہم تک ان کے حالات پہنچے ہیں اور ہم ان کا احاطہ کریں گے۔ واللہ المستعان۔

باب: ۱۲

بربر افریقہ اور مغرب میں

افریقہ اور مغرب میں بربریوں کے مواطن کے متعلق

دوسری فصل

اس بات کو سمجھ لیجئے کہ مغرب کا لفظ اپنی اصل وضع کے لحاظ سے اسم اضافی ہے۔ جو کسی جگہ پر دلالت کرتا ہے جو اس کے مشرق کی طرف اضافت کرنے سے معلوم ہو اور مشرق وہ ہے جو مغرب کی طرف اضافت کرنے سے معلوم ہو اور کبھی عرف ان اسماء کو معین جہات اور مخصوص علاقوں سے مخصوص کرتا ہے اور اہل جغرافیہ کی توجہ زمین کی ہیئت اور اس کے اقالیم کی تقسیم اور اس کی آبادی و خرابی اور اس کے پہاڑوں اور سمندروں اور اس کے اہل کے مساکن کی طرف ہوتی ہے۔ جیسے بطلیموس اور مسعودی اور صاحب صقلیہ جس کی طرف اس عہد کی مشہور کتاب جو زمین اور ممالک کی ہیئت کے متعلق ہے منسوب ہے۔

مغرب ایک جانب ہے جو جوانب کے درمیان ممیز ہے۔ پس مغرب کی جہت سے اس کی حد بحر محیط ہے جو پانی کا عنصر ہے اور اس کا نام زمین کے مختلف علاقوں کے احاطہ کی وجہ سے محیط ہے جیسا کہ ہم کتاب کے شروع میں بیان کر چکے ہیں اور اسی طرح اس کو زیادہ سبز رنگ ہونے کی وجہ سے بحر اخضر بھی کہتے ہیں نیز اس کو ظلمات بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ شعاع زمین پر سورج سے منعکس ہونے والی شعاعوں کی روشنی اس میں کم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ وہ زمین سے دور ہے۔ پس یہ ظلمت والا ہو جاتا ہے اور روشنی کے فقدان کی وجہ سے حرارت کم ہو جاتی ہے جو بخارات کو تحلیل کرتی ہے۔ پس بادل ہمیشہ اس کی سطح پر پیدا اور گہرے ہوتے ہیں اور عجمی اسے بحر اوقیانوس کا نام دیتے ہیں اور الف بظاہر بتاتا ہے کہ وہ اس سے وہی مراد لیتے ہیں جو ہم عنصر سے لیتے ہیں اور بعض لوگ اسے بحر بلایہ بھی کہتے ہیں اور یہ ایک ناپیدا کنار سمندر ہے جس میں کشتیاں ہوا کے راستوں اور ان کی غایت کا علم نہ ہونے کی وجہ سے ساحلوں سے حد نظر سے دور نہیں جا سکتیں اور محدود سمندروں میں کشتیاں لوگوں کے کثرت تجارب کی وجہ سے معروف ہواؤں کے ساتھ چلتی ہیں۔ یعنی ہوا اپنی جگہوں سے چلتی ہے اور اس کے چلنے کی جگہ کی حد اس کی سمت میں ہوتی ہے پس ہر ہوا کی حد ان کے نزدیک معروف ہے اور اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ ہوا کے ساتھ اس کا چلنا

قیاس بھی یہی ہوگا اور اپنے مقصود و جہت کے مطابق وہ ایک حد سے دوسری سمت کی طرف چلا جائے گا اور یہ بہت بڑے سمندروں میں متفق ہوتی ہے۔ پس جب کشتیاں اس میں چلتی ہیں تو کھلی ہوتی ہیں اور تیز ہوتی ہیں اس لئے اس کا سوار دھوکے اور خطرے میں ہوتا ہے بحر مغرب کی طرف سے قریب کی حد تک بحیرہ ہے جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ اس پر بہت سے شہر ہیں جیسے طنجہ، سلا، سوس اقصیٰ اور ازمور اور اسی طرح اس پر مسجد ماسہ اور تاکا کا شہر اور یلادسون کے شہر، مست اور قولی ہیں اور یہ سب بربر کے مساکن اور ان کے علاقے ہیں۔ اور جہاز ساحل کے پیچھے سے ساحل قولی تک پہنچ جاتے ہیں اور اس سے خطرے کے سوا آگے نہیں بڑھتے جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اور شمال کی طرف سے اس کی حد بحر روم ہے اور اس سے بحر محیط متفرع ہوتا ہے۔ جو بلاد مغرب کے طنجہ اور اندلس کے شہر طریف کے درمیان ایک تنگ خلیج میں چلا ہے جسے خلیج زقاق کہتے ہیں جس کی چوڑائی آٹھ میل سے بارہ میل ہے اور اس پر ایک پل بنا ہوا ہے۔ جس پر سمندر کا پانی بہ جاتا ہے۔ پھر یہ بحر روم مشرق کی سمت میں چلا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ساحل شام اور اس کی سرحدوں اور انطاکیہ اور طرسوس اور المصیصہ اور طرابلس اور صور اور اسکندریہ تک پہنچ جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے بحر شام کہتے ہیں اور جب وہ خلیج سے نکلتا ہے تو چوڑائی میں بڑھتا جاتا ہے اور اس کی یہ وسعت شمال کی جانب میں ہوتی ہے اور اس کی یہ وسعت شمال کی طرف مسلسل بڑھتی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی نہایت کو پہنچ جاتا ہے اور کہتے ہیں کہ اس کا طول پانچ اور چھ ہزار میل ہے۔ جس میں جزیرہ قبرص اور صقلیہ، اقریطش، سردانیہ اور میورقہ کے جزائر پائے جاتے ہیں۔ اور جنوب کی طرف اس کی چوڑائی کا یہ حال ہے کہ وہ ایک سمت سے نکلتا ہے اور پھر خلیج میں منقلب ہو جاتا ہے۔ کبھی جنوب میں دور تک چلا جاتا ہے اور کبھی شمال کی طرف لوٹ آتا ہے اور یہ بات ساحلی ممالک کی عرض بلد میں داخل ہو جاتی ہے اور اس طرح ہوتا ہے کہ عرض بلد اس کے قطب شمالی کی اس بلندی کو کہتے ہیں جو اس کے افق پر ہوتی ہے اور اس طرح اس بعد کا نام ہے۔ جو اس کے اور اس کے سروں کی سمت اور دائرہ معدل النہار کے درمیان ہوتا ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ زمین کروی شکل کی ہے اور آسمان بھی اسی طرح کروی شکل ہے اور افق بلد در حقیقت زمین و آسمان میں سے ہر ایک کے ان دو حصوں کے درمیان پایا جاتا ہے اور قطب دو ہوتے ہیں پس جب ان میں سے ایک آبادی کے اوپر بلند ہوتا ہے تو دوسرا اسی قدر ان سے نیچے ہوتا ہے اور زمین کی آبادی زیادہ تر شمال میں ہے اور جنوب میں کوئی آبادی نہیں ہے جیسا کہ اس کا مقام پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قطب جنوبی کے مقابلہ میں قطب شمالی آبادی والوں کے اوپر ہے۔ اور کسی چیز کی سمت پر چلنے والا جب ایک جہت میں دور چلا جاتا ہے تو اس چیز کی سمت اس کے سامنے آ جاتی ہے۔ اور جب تک اس کے بالمقابل آسمان کی سمت کا ظہور ہوتا ہے تو افق پر قطب کے بعد کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ جیسے وہ شمال میں دور ہوتا ہے اور جب جنوب کی طرف لوٹتا ہے تو بعد کم ہو جاتا ہے۔ وہی [illegible] اور خلیج کی آمد سے پہلے بہت سی بستیاں ان کا عرض ان کے مطابق ہوتا ہے۔ پھر سمندر جنوب کی طرف بڑھتا ہے تو شہروں کا عرض کم ہو جاتا ہے۔ پس وہ جنوب میں بڑھتا ہے تو پھر ان کا عرض گھٹتا ہے جو شمالی سے تھوڑا دور ہوتا ہے۔ کیونکہ شام کا عرض (لڈ) ہے اور یہی وجہ ہے کہ مغرب اقصیٰ میں آبادی شمال میں مغرب اوسط کی آبادی سے طنجہ اور شام کے درمیان سے زیادہ چوڑی ہے۔ اور یہ قطر بحر روم کے جنوب کی طرف مڑنے کی وجہ سے سمندروں کے درمیان چوڑی

طرح ہے پھر وہران کے بعد سمندر اپنی سمت سے مڑ جاتا ہے اور یہ تونس اور الجزائر کا عرض بن جاتا ہے۔ جو خلیج زقاق سے نکلنے کے وقت اس کی سمت اوّل کے مطابق ہوتا ہے۔ پھر یہ شمال میں بڑھتا ہے۔ تو بجایہ اور تونس کا عرض بن جاتا ہے۔ جو قرطاجنہ مریہ اور بالقرب سمت کی شکل ہوتا ہے۔ پھر وہ جنوب کی طرف لوٹتا ہے۔ تو طرابلس اور قابس کا عرض بن جاتا ہے جو سمت اور خلیج کی سمت اوّل کے مطابق ہوتا ہے۔ پھر یہ جنوب کی طرف بڑھتا ہے۔ تو قونیہ اور برقہ کی شکل برقہ کا عرض بن جاتا ہے۔ پس وہ اسکندریہ کا عرض بن جاتا ہے مگر وہ مراکش اور اناطولیہ کی شکل نہیں ہوتا۔ پھر وہ شمال میں انطاکیہ کی طرف سواحل شام میں اپنی سمت کے خلیج کی طرف جاتا ہے اور اسی طرح جنوبی کنارے میں اس کا اختلاف ہوتا ہے اور ہمیں شمالی کنارے میں اس کے حال کے متعلق علم حاصل نہیں اور وہ اس کے ساتھ اس سمندر کا عرض اس سمت سے مکمل طے ہو جاتا ہے یا اسی طرح سواحل افریقہ اور جنوب کے درمیان ہوتا ہے جو خلیج کے دو ملک ہیں۔ اور مغرب اقصیٰ اور جنوب اور اوسط سواحل شہر خلیج کے قریب ہیں اور سب کے سب طنجہ سبتہ بادس غسافہ مستغانم وہران الجزائر بجایہ بونہ تونس سوسہ مہدیہ صفاقس قابس طرابلس سواحل برقہ اور اسکندریہ کی طرح ان کے اوپر واقع ہیں۔ یہ اس بحر روم کا بیان ہے جو شمال کی طرف سے مغرب کی حد ہے اور قبلہ اور جنوب کی جہت کی طرف سے اس کی حد وہ پھیلے ہوئے اور جھکے ہوئے پہاڑ ہیں جو بلاد سوڈان اور جبال بربر کے درمیان روک ہیں اور عراق کے عرب خانہ بدوش عمرانی لوگوں کی ولایت کا دریچہ ہیں اور یہ ریت جنوب کی جہت سے مغرب پر ایک دیوار ہے جو بحر محیط سے شروع ہوتی ہے اور مشرق کی جہت میں ایک ہی سمت سے ہو جاتی ہے یہاں تک کہ اس سے نیل آ ملتا ہے جو جنوب سے مصر کی طرف جاتا ہے وہاں پر یہ ریت ختم ہو جاتی ہے اور اس کا عرض تین دن کی مسافت یا اس سے زیادہ ہوتا ہے اور مغرب اوسط کی جہت میں اسے پتھریلی زمین آ ملتی ہے جسے عرب الحماد کہتے ہیں جو وہ قرت سے بلاد ریغ اور اس کے درمیان جنوب کی جہت میں ہو جاتی ہے اور بعض بلاد جریدکی جو کھجوروں اور نہروں والے ہیں۔ بلاد مغرب میں شمار ہوتے ہیں۔ جیسے مغرب اقصیٰ کے سامنے بلاد بودہ اور تمنطیت اور مغرب اوسط میں نیز یہ اور تیکورارین اور غرواہ کے سامنے تعاسہ قران اور دوان ان میں سے ہر اقلیم آباد ممالک پر مشتمل ہے۔ جو بستیوں اور کھجوروں اور نہروں والے ہیں جن میں سے ہر ایک کی تعداد سو تک پہنچتی ہے۔ پس خوف مشرق سے جنوبی کنارے کی طرف کثرت سے پہنچے گے۔ جو بعض سالوں میں صنہاجہ کے نقابیوں کے میدانوں میں پہنچتے ہیں اور شمالی کنارے میں مغرب کے سفر کرنے والے جنگلی اعراب کے میدان ہیں اور ان سے پہلے بربر کے میدان تھے۔ جیسا کہ ہم اس کے بعد جنوب کی جہت سے مغرب کی حد بیان کریں گے اور مشرق کے علاوہ مغرب پر ایک اور دیوار بھی ہے جو ٹیلوں کے قریب ہے اور یہ وہ پہاڑ ہیں جو ان ٹیلوں کی سرحدیں ہیں۔ جو بحر محیط کے پاس سے برنیق تک پہنچ جاتے ہیں جو بلاد برقہ میں سے ہے وہاں یہ پہاڑ ختم ہو جاتے ہیں اور مغرب سے ان کی ابتداء جبال درن سے ہوتی ہے اور ان پہاڑوں کے درمیان جو ٹیلوں اور ریت کے درمیان پائی جاتے تھے کھجور [illegible] ہیں۔ جہاں [illegible] میں جن کی اکثر پیداوار درخت ہیں اور ٹیلوں کے نزدیک بلاد الجریدہ میں جہاں کھجوریں اور نہریں پائی جاتی ہیں اور وادی سوس میں مراکش کے سامنے ترودانت اور فوبان کی بستیاں اور دیگر کھجوروں، نہروں اور کھیتوں والے متعدد بلاد شمار ہوتے ہیں۔ اور درعہ کی جانب سجلماسہ اور اس کی بستیاں اور درعہ کی مشہور بستی پائی جاتی ہے اور تلمسان کی جانب کھجوروں اور نہروں

والے متعدد محلات پائے جاتے ہیں اور تاہرت کی جانب بھی ایسے ہی مکانات پائے جاتے ہیں اور اسی طرح مشرق سے مغرب تک آگے پیچھے شہر پائے جاتے ہیں۔ ان سب کے زیادہ قریب جبل راشد ہے۔ جو کھجوروں اور نہروں والے ہیں پھر بجایہ کی جانب وارکلا کا شہر ہے جو صحرا کا واحد آباد شہر ہے۔ جس میں بہت کھجوریں پائی جاتی ہیں اور اسی کی سمت میں تلول کی بلاد ریغ کے تقریباً سو سے زائد شہر ہیں۔ جو اس وادی کے کناروں پر ترتیب کے ساتھ چلے جاتے ہیں جو مغرب سے مشرق کی طرف جاتی ہے اور ان سب شہروں میں کھجوریں نہریں بستیاں اور کھیتیاں پائی جاتی ہیں۔ پھر تونس کی جانب بلاد الجرید ہیں۔ جو نفطہ توزر اور قفصہ ہیں اور بلاد نفزوہ کو بلاد قسطیلہ کہتے ہیں۔ جو بہت آباد اور متمدن ہیں اور نہروں اور کھجوروں پر مشتمل ہیں پھر غدامس کی جانب قابس ہے۔ جو سمندر کے کنارے افریقہ کے بڑے بڑے شہروں میں سے ہے اور یہ ابن غانیہ کا دارالخلافہ تھا۔ جیسا کہ ہم بعد میں اس کا ذکر کریں گے۔ یہ بھی نہروں کھجوروں اور کھیتوں پر مشتمل ہے پھر طرابلس کی جانب فزان اور ودان ہیں متعدد نہروں اور کھجوروں والے محلات ہیں اور ارض افریقہ میں یہ سب سے پہلا شہر ہے جسے مسلمانوں نے اس وقت فتح کیا۔ جب حضرت عمر بن الخطاب اور حضرت عمرو بن العاص نے ان سے جنگ کی۔ پھر برقہ کی جانب واحات ہیں۔ جن کا ذکر مسعودی نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ وہ جنوب کی جہت میں ان کے ماوراء جنگلات اور ریگستان ہیں۔ جہاں کھیتی ہوتی ہے نہ چراگاہ۔ یہاں تک کہ یہ اس عرق تک جا پہنچتے ہیں۔ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اور اس کے ورے ملثمین کے میدان ہیں جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے کہ یہ ہاد و ہو ان تک پیاس لگانے والے جنگلات ہیں اور ان بلاد اور ان پہاڑوں کے درمیان جو گویا کی دیوار میں ٹیلوں والے میدان پائے جاتے ہیں۔ جن کا مزاج عمدہ پانی اور پیداوار کے لحاظ سے کبھی ٹیلوں کا اور کبھی صحرا کا سا ہوتا ہے اور ان شہروں میں قیروان بھی ہے اور جبل اوراس ان کے وسط میں حائل ہے اور بلاد حضنہ ہیں۔ جہاں طبنہ اور اتل کے درمیان طبنہ واقع ہے اور اس میں مقرہ اور مسیلہ ہیں اور ان میں السرسو ہے اور تلمسان کی جانب جہاں تاہرت ہے اسی میں جبل دیر ہے اور شمال کی جانب ان میدانوں میں حائل ہے۔ یہ قبلہ اور جنوب کی جانب سے مغرب کی حد ہے اور مشرق کی جہت اصطلاحات کے اختلاف کی وجہ سے مختلف ہے۔ بحر جغرافیہ کے عرف میں وہ بحر قلزم کا سمندر ہے جو بحر یمن سے نکلتا ہے اور شمال کی سمت اور بائیں کی طرف جاتا ہے اور مغرب کی طرف چلتا چلتا قلزم اور سویز پر جا ختم ہوتا ہے اور وہاں سے ان کے اور بحر روم کی سمت کے درمیان دو دن کے سفر کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے اور سویز اور قلزم اور اس کے بعد مصر سے مشرق کی جانب تین روز کے فاصلہ پر ختم ہو جاتا ہے۔ یہاں کا نزدیک مغرب کا آخر ہے اور اس میں برقہ اور مصر کے علاقے بھی شامل ہو جاتے ہیں اور مغرب ان کے نزدیک ایک جزیرہ ہے جسے تین طرف سے سمندروں نے گھیر رکھا ہے جیسا کہ آپ اسے دیکھ رہے ہیں اور اس عہد کے اس علاقے کے باشندوں کے عرف کے مطابق اس میں مصر اور برقہ کے علاقے شامل نہیں ہوتے بلکہ یہ صرف طرابلس اور اس کے ماوراء مغرب کی جہت تک مخصوص ہے اور یہی بات قدیم زمانے میں بربر اور ان کے مواطن کے متعلق تھی اور مغرب اس سے مشرق کی جانب سے وادی مسیہ سے بحر محیط کے کنارے تک اور مغرب کی جانب سے جبال درن تک ہے۔ جو زیادہ تر اہل درن اور برغواطہ اور غمارہ کے المصامدہ کے دیار ہیں اور غمارہ کا آخر طنجہ میں ہوتا ہے جو سبتہ کے پاس ہے اور ان کے ساتھ صنہاجہ مغرہ اور زوارہ وغیرہ کے لوگ ہیں۔ جیسے کہ اس جانب سے بحر کبیر

اور شمالی جانب سے بحر روم اور درن جیسے بلند پہاڑ اور مشرق کی جانب سے جہاں تازا گھیرے ہوئے ہیں۔ کیونکہ سمندروں کو روکنے کے لئے بیہ تکوین کے اقتضاء کے مطابق پہاڑ سمندر کے قریب ہوتے ہیں اور جبال مغرب کے اکثر باشندے المصامدہ میں سے ہیں۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صنہاجہ میں سے ہیں۔ اب باقی رہ گئے مغرب میں ازغہ تامسنا تادلا اور دکالہ کے میدان تو انہیں بربریوں کے ان مسافروں نے آباد کیا ہے جو جشم اور ریاح سے وہاں آتے ہیں اور مغرب کے ایک حصے میں ایسی قومیں رہتی ہیں جنہیں ان کے خالق کے سوا کوئی شمار نہیں کر سکتا اور وہ حصہ ایک جزیرہ یا ملک کی طرح بن گیا ہے جسے پہاڑ اور سمندر گھیرے ہوئے ہیں اور اس کا دارالخلافہ فاس ہے اور اس میں عظیم دریا گزرتا ہے جو وادی ام ربیع کے نام سے مشہور ہے اور وہ اتنا بڑا دریا ہے کہ بارشوں میں اس کی وسعت کی وجہ سے اسے عبور نہیں کیا جا سکتا اور اس کی مد سمندر تک چلی جاتی ہے اور قریباً سجلماسہ تک پہنچتی ہے۔ پھر وہ دریا ازمور کے نزدیک بحر کبیر میں جا گرتا ہے اور اس کا منبع جبل درن میں ہے جہاں سے دریا نکلتا ہے جو قبلہ کی طرف چلا جاتا ہے اور درعہ کے کھجوروں والے علاقے سے گزرتا ہے جو نیل کے پودوں کو اس کے درخت سے نکالنے کی صنعت سے مخصوص ہے اور اس علاقے میں کھجوروں والے محل ہیں۔ جو دامن کوہ میں بنائے گئے ہیں۔ پھر یہ دریا سوس کی طرف جا کر ریگستان میں داخل ہو جاتا ہے۔

اور دریائے ملویہ مغرب اقصیٰ کے آخر میں ہے اور یہ ایک عظیم دریا ہے۔ جس کا منبع زادی کے سامنے کے پہاڑوں میں ہے اور یہ غساسہ کے پاس بحر روم میں جا گرتا ہے اور اس کے کنارے دیار مکناسہ ہیں۔ جو قدیم سے ان کے نام سے معروف ہیں اور اس دور میں اس جگہ پر تازا کی دیگر قومیں دریا کے بالائی حصے تک محلات میں رہتی ہیں اور ان کے پڑوس اور دیگر نواح میں بربری قومیں رہتی ہیں۔ جن میں سے سب سے مشہور رطالسہ ہیں جو مکناسہ کے بھائی ہیں اور اس دریا کے دہانے سے ایک اور دریا نکلتا ہے۔ جو قبلہ کی طرف چلا جاتا ہے اور عرق کو اس کی سمت سے قطع کرتا ہوا بودہ تک پہنچ جاتا ہے اور پھر اس کے بعد تمنطیت تک جاتا ہے اور اس دور میں اسے کیر کہتے تھے اور اس پر محلات بھی تھے۔ پھر یہ جنگل میں جا گرتا ہے اور اس کے جنگلوں میں چلا جاتا اس کے ریگستان میں گھس جاتا ہے۔

اور بودہ کے مشرق میں جو عرق کے اطراف ہے۔ تسابیت کے صحرائی محل ہیں اور تسابیت کے مشرق میں جنوب تک تیکورارین کے محلات ہیں۔ جو ایک وادی میں تین سو سے زائد ہیں۔ پس وہ وادی مغرب سے مشرق کی طرف چلی جاتی ہے اور اس میں زناتہ کی اقوام آباد ہیں اور مغرب اوسط زیادہ تر دیار زناتہ کا مقام ہے۔ جو مغراوہ اور بنی یفرن کا مقام تھا اور ان کے ساتھ یلومی مغیلہ کومیہ مطغرہ اور مطماطہ رہتے تھے۔ پھر ان کے بعد وہ بنی ومانو اور بنی یلومی کا مقام بنا۔ پھر بنی عبد الواد اور توجین کا ٹھکانہ بنا جو بنی مدین سے تھے اور اس عہد میں اس کا دارالخلافہ تلمسان تھا اور مشرق کی جانب سے اس کے پڑوس میں وہ جگہ ہے جس سے الجزائر متیجہ اور المریہ اور بجایہ کے آس پاس کے علاقے تھے اور اس عہد کے آخر میں صنہاجی ترکی عربوں میں سے مطلوب تھے اور بنی واصل کی وادی شلف سے ایک بڑا دریا گزرتا تھا۔ جس کا منبع بلاد صحرا کے جبل راشد میں تھا اور اس عہد میں تل میں داخل ہو جاتا ہے اور جو بلاد حصین میں سے ہے۔ پھر وہ مغرب کی طرف چلا جاتا اور اس میں مغرب کی دوسری وادیاں مینا وغیرہ جمع ہو جاتی ہیں۔ یہاں تک کہ وہ مستغانم اور مجیس کے درمیان بحر روم میں جا گرتا ہے اور اس

سے دبا نے سے ایک اور بڑا دریا پھوٹتا ہے جو نجد کی راہ سے مشرق کی طرف چلا جاتا اور [illegible] سے گزرتا ہوا [illegible] اور بصرہ و [illegible] کے درمیان خلیج میں جا گرتا اور اس دریا کا نام وادی [illegible] تھا۔

[illegible] تسمیہ اور [illegible] کے مقام تھا اور [illegible] کی یادگار ہے۔

[illegible] اور افریقہ میں [illegible] سپرین تھے۔ [illegible] دونوں عراق اور [illegible] اور [illegible] تہامہ اور نجد کے [illegible] تھے اور ان کا [illegible] تھا اور [illegible] عہد میں [illegible] عربوں کے میدان ہیں اور [illegible] بحرین اور [illegible] کے ماتحت ہیں۔ [illegible] کی زبان بھول گئے اور عربوں کی [illegible] بھول گئے [illegible] عربوں کی [illegible] ہو گئے تھے اور [illegible] ہوا۔ [illegible] اور اس کی وجہ سے ان کا [illegible] تھا [illegible] سے ایک بڑا دریا گزرتا ہے جو وادی [illegible] کے نام سے مشہور ہے۔ [illegible] یہاں کی [illegible] ہو جاتی ہیں اور [illegible] کے مغرب سے ایک [illegible] پر [illegible] مقام [illegible] ہوتا ہے اور [illegible] ہیں اور اس کی [illegible] خاتمہ ہو چکا ہے [illegible] اور [illegible] عربوں کا مقام ہونے کے بعد [illegible] عربوں کی [illegible] کیا ہے اور [illegible] تجارتی شہر اور [illegible] تھے [illegible] ہیں۔ [illegible] گیا [illegible] ہی تھے۔ [illegible]

باب: ۱۳

بربر اقوام کے فضائل

اس قوم کے قدیم و جدید لوگوں کے ان انسانی فضائل اور شریفانہ خصائص کا تذکرہ جن کی وجہ سے وہ ملک و سلطنت کی بلندیوں تک پہنچے

ہم نے بربر قوم کے حالات، ان کی تعداد اور کثرت قبائل و اقوام اور اس کے علاوہ ہزاروں سال سے بادشاہوں اور حکومتوں کے ساتھ ان کے مقابلوں کا ذکر کیا ہے کہ انہوں نے شام میں بنی اسرائیل کے ساتھ جنگیں کیں۔ پھر وہ وہاں سے نکل کر افریقہ اور مغرب کی طرف چلے گئے۔ نیز انہوں نے سب سے پہلے مسلمانوں کے ہراول دستوں سے جنگ کی پھر وہ ان کے دشمنوں کے خلاف ان کے معین و مددگار بن گئے اور اسلام سے قبل اور بعد میں اور اس میں لواتہ کاہنوں کی قوم کو عزت و حکومت حاصل تھی۔ یہاں تک کہ عرب ان پر غالب آ گئے اور کاہنہ نے بھی پہلے مسلمانوں کی پیروی کی۔ پھر انہوں نے ان کو دور کر دیا اور انہیں مغرب اقصیٰ کی جانب نکال کر لے گئے اور انہوں نے عقبہ بن نافع کے آگے فرار اختیار کیا پھر ہشام کے ہراول دستے ارض مغرب میں ان پر غالب آ گئے۔

ابن ابی زید کا بیان ہے کہ بربر نے افریقہ میں بارہ دفعہ ارتداد اختیار کیا اور ہر دفعہ مسلمانوں سے جنگ کی اور موسیٰ بن نصیر کے زمانے سے قبل ان کا اسلام لانا ثابت نہیں ہوتا اور بعض کہتے ہیں کہ انہوں نے اس کے بعد اسلام قبول کیا تھا اور انہوں نے صحرا میں جو شہر اور سجلماسہ میں جو قلعے اور توات اور تیگورارین اور فیگیگ اور مصاب اور وارکلا اور بلاد ریغہ اور الزاب اور نفزاوہ اور الحمہ اور غدامس میں جو محلات بنائے ان کا تذکرہ ہم کر چکے ہیں۔ پھر انہوں نے جنگیں کیں اور فتوحات حاصل کیں اور پانچویں صدی میں افریقہ میں ان کے اور بنی ہلال کے عربوں کے درمیان جنگیں ہوئیں اور انہیں آل حماد کی حکومت

کے ساتھ قصر شنی اور لمتونہ کے ساتھ تلمسان اور تاہرت میں جو حملات ہیں وہ انکشاف تھا اور آخر پر بنو بادین یعنی مسعدین کے دوران کے دشمنوں کی دعوت پر مغرب میں ان پر غالب آ گئے اور بنی مرین نے عبد المومن کے قبیلے پر چڑھائی کرنے کے لئے جو کارنامے دکھائے یہ تمام واقعات اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ یہ قوم زمانے پر غالب رہی ہے اور ان سے خوف کھایا جاتا رہا ہے اور یہ بہت جنگجو اور کثرت تعداد والی ہے اور اقوام عالم میں سے عربوں، رومیوں، ایرانیوں اور یونانیوں کی مددگار رہی ہے لیکن جب سے فنا نے آ لیا ہے حکومت و سلطنت کی خوشحالی جو انہیں بار بار ملتی رہی۔ اس نے انہیں مسعود کر دیا تو ان کی اہمیت کم ہو گئی اور قبائل فنا ہو گئے اور وہ حکومت کے خادم اور ٹیکس کے غلام بن گئے اور بہت سے لوگوں نے اس وجہ سے ان کی طرف منسوب ہونے کو برا خیال کیا۔ ورنہ دیکھا گیا کہ جنہوں نے نبی ﷺ سے وقت پایا ان کا امیر زناتہ تھا اور وہ بادشاہی ایسے ہی تھے۔ یہاں تک کہ ان کے امیر وزمار بن صولات کو قید کر کے مدینہ میں حضرت عثمان بن عفان کے پاس لایا گیا اور ان کے بعد اور دار و طلباء اور ان کے بعد قبائل نے مغرب و مشرق میں جو حکومتیں قائم کیں وہ عجیب و غریب ہیں ان کے ذکر میں دیکھی گئیں۔

فضائل انسانی: اب رہا ان کا فضائل انسانی سے آراستہ ہونا، قابل تعریف خصائل میں رغبت کرنا اور اللہ تعالیٰ نے ان کی فطرت میں جو کریمانہ اخلاق ودیعت کئے تھے وہ اقوام کے درمیان شرف و رفعت کا زینہ اور مخلوق سے مدح و ثنا کے حصول کا ذریعہ تھے جیسے پڑوسی کی عزت کرنا، مہمان کی حفاظت کرنا، عہد کا پاس کرنا، ذمہ داری کا خیال رکھنا، اپنے اصول پر ثابت رہنا، مصائب میں ثابت قدم رہنا، عیب سے چشم پوشی کرنا، انتقام سے بچنا، مسکین پر رحم کرنا، بڑوں سے نیکی کرنا، اہل علم کی توقیر کرنا، لوگوں کا بوجھ اٹھانا، غریب پروری کرنا، مہمان نوازی کرنا، مصائب پر مدد کرنا، بلند ہمت ہونا، ظلم سے انکار کرنا، حکومتوں اور مصیبتوں سے نبرد آزما ہونا اور دین کی نصرت میں جانوں کا سودا کرنا۔ ان باتوں میں ان لوگوں نے جو کارنامے دکھائے ہیں انہیں خلف نے سلف سے نقل کیا ہے اگر وہ بھی لکھے ہوتے تو قوموں کے لئے نمونہ ہوتے اور تیرے لئے یہی بات کافی ہے کہ وہ ان اوصاف حمیدہ سے متصف تھے اور ان کے لئے بلندیوں کا باعث سب پر فائق تھے اور قبض و بسط کی حالت میں مخلوق میں ان کے احکام نافذ ہوئے اور طبقہ اولیٰ میں ان کے مشاہیر بلکین بن زیری صنہاجی جو افریقہ میں عبیدیوں کا عامل تھا اور محمد بن خزر اور اس کا بیٹا الخیر اور عروبہ بن یوسف کتامی جو عبد اللہ شیعی کی دعوت کو قائم کرنے والا اور شاہ لمتونہ یوسف بن تاشفین اور شیخ الموحدین اور صاحب الامام المہدی عبد المومن بن علی تھے۔ دوسرے طبقے میں ان کے عظیم آدمی جو ان کی حکومتوں کے درمیان ہونے کی طرف متوجہ کرنے والے اور مغرب اقصیٰ اور وسطیٰ میں اپنی حکومت کے لئے مقابلہ کرنے والے تھے۔ یعقوب بن عبد الحق سلطان بنی مرین اور یغمراسن بن زیان سلطان بنی عبد الواد اور محمد بن عبد القوی ابن وزمار بنی توجین کا بڑا آدمی تھا اور ثابت بن مندیل امیر مغراوہ اہل شلف اور وزمار بن ابراہیم جو بنی راشد کا لیڈر تھا۔ جو اپنے زمانے میں اپنی حکومت کو نبھا رہے تھے اور اپنی قوم والوں کے مطابق تیار کرنے کے لئے آپس میں مقابلہ کرتے تھے اور وہ ان قصوں میں بڑے درجے اور بڑے کارنامے والے تھے اور حکومت سے آگے اور بعد ان کے وقت مشہور ہو چکے تھے اور بعد والوں اور دوسرے لوگوں سے نقل کے لحاظ سے تحت شہرت میں جو تواتر کی حد تک پہنچ چکے تھے۔

اور احکام شریعت کے قائم کرنے اور ان پر عمل کرنے اور دین کی مدد کرنے کے بارے میں ان سے منقول ہے کہ انہوں نے اپنے بچوں کے لئے کتاب اللہ کے معلم تیار کئے اور فقہ کے متعلق فتوے پوچھے اور اپنے صحراؤں میں دینداری کی پیروی کی اور اپنے قبیلوں کے درمیان ایک دوسرے کو قرآن پڑھایا اور فقہ کے طالبوں کو اپنے قضایا میں حکم بنایا اور سرحد میں جہاد کے لئے بحری چھاؤنی ڈالی اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی جانوں کو بیچا اور دشمن سے جہاد کیا۔ یہ باتیں ان کے رسوخ ایمان اور صحت اعتقاد اور دیانت کی پختگی پر دلالت کرتی ہیں اور ان کی عزت کا مدار اور ان کی حکومت وسلطنت کی طرف لے جانے والی ہیں اور اس کام میں ان کے مرشد یوسف بن تاشفین اور عبدالمومن بن علی اور ان کے بیٹے اور پھر ان کے بعد یعقوب بن عبدالحق اور اس کے بیٹے تھے اور انہیں علم وجہاد کے متعلق اہتمام کرنے مدارس بنانے زاویے تیار کرنے اور رباط بنانے اور سرحدوں کو بند کرنے اور خدا کی راہ میں مال وجان کے قربان کرنے اور اہل علم سے ملاقات کرنے اور اپنی مجالس میں انہیں بلند مقام دینے اور شریعت کی پیروی میں ان سے گفتگو کرنے اور ان کے فتاویٰ کی پیروی اور انبیاء کی خبروں اور اولیاء کے حالات کے مطالعہ کرنے میں ان کے ارشادات کی اطاعت کرنے اور ان کو مجالس میں ان کے سامنے پڑھتے اور مظلوموں کی شکایت سننے اور ظالموں سے انصاف کرنے اور کمزوروں کی مدد کرنے اور اپنے شہروں کے گرد مسجدیں بنانے اور اپنے شدید اخلاق میں انہیں کمزوروں اور نصیحت سے آباد کرنے اور دشمنوں کے مراتب کی ادائیگی کرنے اور مسلمانوں کی سرحدوں کو مضبوط کرنے اور ان کے مورچوں کو تیار کرنے اور بے ٹھکانوں کو ترجیح دینے کا بڑا خیال رہتا تھا اور یہ تمام امور اس بات کے دلائل ہیں کہ انہوں نے اپنے پیچھے بہت کچھ چھوڑا ہے اور ان میں خوارق کا مظہر تھا اور وطن کا ظہور اس لئے تھا کہ ان میں پاکیزہ نفس محدث اولیاء اور دینی علوم کے مالک موجود تھے اور تابعین اور ان کے بعد کے ائمہ اور کاہن جو پیدائشی طور پر اسرار غیبیہ اور خارق عادت اور عجیب وغریب باتوں کی اطلاع دیتے تھے۔ موجود تھے اور ان پر اللہ تعالیٰ کی عنایت کی سب سے واضح دلیل یہ ہے کہ اس نے انہیں تمام کمالات اور خوبیوں سے نوازا اور ان میں متفرق خوبیاں انسانی کو جمع کر دیا اور جب یہ باتیں ان کے واقعات میں تحقیق ہوتی ہیں تو ان کو نجات کا وہم پیدا کر دیتی ہیں اور ان کے مشاہیر حاملین علم میں سے سعید بن واصل تھا جو بنی [illegible] کا جد تھا جو تابعین کے پاس آتا جاتا تھا۔ اس نے تابعین کو پایا اور عکرمہ مولیٰ ابن عباس سے علم حاصل کیا۔ ابن حزم نے اپنی تاریخ میں اس کا ذکر کیا ہے اور ان میں ابو یزید مخلد بن کیداد الیفرنی صاحب الحمار بھی تھا۔ جس نے ۳۳۲ھ میں شیعہ کے خلاف خروج کیا اور خارجیوں کا مذہب اختیار کیا اور اس نے توزر میں اور اس کے مشائخ سے نحو کا علم حاصل کیا اور خوارج نکاریہ کے مذاہب کا مطالعہ کیا۔ پھر وہ ابو عمار الاعمیٰ النکاری سے ملا اور اس سے ان کے مذاہب کو سیکھا اور معاوضہ کے باعث ان سے نکل گیا اور اس کے بارے میں اس قوم میں بڑی شہرت حاصل ہے جس سے بے اعتنائی نہیں کی جا سکتی اور ان میں منذر بن سعید بھی تھا۔ جو قرطبہ میں قاضی رہا تھا اور وہ اصل میں [illegible] کے سفر کرنے والوں میں تھا۔ اس کی پیدائش ۲۶۵ھ میں اور وفات ۳۵۵ھ میں ہوئی اور وہ [illegible] میں سے تھا جو نفزہ کی اولاد میں سے تھا اور عبدالرحمن ناصر کے زمانے میں فوت ہو گیا اور ان میں ابو محمد ابن ابی زید اصلی بھی تھا جو نفزی تھا۔ یہ عالم اور اس کی حیثیت ان میں علمائے نسب و تاریخ اور دیگر علوم وفنون کے ماہر کی تھی اور زمانے کے مشاہیر میں سے موسیٰ بن صالح غمری بھی تھا۔ جو سب میں سے مشہور

معروف تھا اور ہم نے شعوب زناتہ میں سے مغراوہ کے ذکر میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔ اگرچہ ہمیں اس کے دین کے متعلق کچھ حالات کا علم نہیں ہو سکا۔ مگر وہ اس قوم کے ان محاسن سے آراستہ تھا۔ جو خواص انسانی کے پائے جانے پر شاہد ہیں۔ جیسے ولایت و کہانت اور علم و سحر اور یہ بھی مخلوق کے کارناموں کی ایک نوع ہے۔ اس قوم کے لوگوں کا بیان ہے کہ یعلیٰ بن محمد الیفرنی کی بہن کے ہاں بغیر باپ کے ایک بچہ پیدا ہوا۔ جس کا نام انہوں نے کلمام رکھا اور اس کی شجاعت کے خارق عادات واقعات بیان کئے جاتے ہیں۔ جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ وہ اسے کسی طرف سے وہبی طور پر ملے تھے جن کے سبب اللہ تعالیٰ نے اسے خاص کیا تھا اور ان میں سے اس کے خاندان کے کسی آدمی کو شریک نہ کیا تھا اور بعض وقت ان کے خواص اس واقعہ کو سمجھنے سے قاصر ہو جاتے ہیں اور قدرت نے اس قسم کے واقعات کا جو دائرہ وسیع کیا ہے۔ اس سے بیگانہ رہتے اور وہ نقل کرتے ہیں کہ اس عورت نے کسی درندے کے ساتھ غسل کرنے کے بعد حمام میں غسل کیا تھا۔ جس کے نتیجے میں اسے حمل ہو گیا تھا اور وہ وہاں پر لوگوں کے ساتھ آیا کرتی تھی اور لوگ بھی وہاں جایا کرتے تھے اور وہ دیکھتے کہ وہ اس کے جانے ہونے کے نتیجے سے حاملہ ہوگئی اور وہ اس مولود کو بہادری کی وجہ سے شیر کا بچہ کہا کرتے تھے اور اس قسم کے بہت سے واقعات ہیں۔ مگر ناقلین اخبار اس طرف توجہ کرتے تو کئی دفتر بھر جاتے اور مسلسل ان کی یہی حالت رہی یہاں تک کہ انہوں نے حکومتوں اور سلطنتوں کی بنیاد رکھی۔ جن کا اب ہم ذکر کرنے والے ہیں۔

بربر اقوام

کے حالات میں یہ چوتھی فصل ہے جس میں فتح اسلامی سے قبل اور اس کے بعد بنی اغلب کی حکومت تک بیان ہے

جیسا کہ تاریخ افریقہ اور مغرب میں یہ بات مشہور ہے کہ بربر قوم کے قبائل و شعوب شمار سے زیادہ ہیں اور ان کے ارتداد اور جنگوں کے واقعات میں ابن ابی الرقیق سے نقل کیا ہے کہ جب موسیٰ بن نصیر نے سوس کو فتح کیا۔ تو ولید بن عبدالملک کی طرف لکھا کہ اس نے تمہارے لئے ایک لاکھ آدمیوں کو قیدی بنایا ہے۔ تو ولید بن عبدالملک نے اسے لکھا میرے خیال میں یہ تیرا ایک جھوٹ ہے اور اگر تو اس بات میں سچا ہے تو امت کا محشر ہے اور ہمیشہ سے بلاد مغرب طرابلس تک بلکہ اسکندریہ تک اس قوم سے آباد رہے ہیں۔ بحر روم اور بلاد سوڈان کے درمیان ان زمانوں سے رہ رہی ہے۔ جس کا آغاز اور اس سے ما قبل کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہوتا اور ان کا دین مجوسی تھا اور مشرق اور مغرب کے تمام عجمیوں کا بھی حال ہوتا ہے اور بعض وقت وہ غالب آنے والی اقوام کا دین اختیار کر لیتے ہیں۔ کیونکہ عظیم حکومتوں کی اقوام ان پر غالب آجاتی تھیں اور کئی دفعہ یمن کے بادشاہوں نے اپنے مقامات سے ان سے جنگ کی جیسا کہ ان کے مؤرخین نے بیان کیا ہے۔ پس وہ ان کے غلبہ

سے مانوس ہو گئے اور ان کے دین کو اختیار کر لیا۔ ابن الکلبی نے بیان کیا ہے کہ حمیر نے یمانی قبائل کے ساتھ مغرب پر حملہ کیا حکومت کی اور اسی نے افریقہ اور صقلیہ کے شہر بنائے اور مؤرخین نے افریقش صیفی کو جو تبابعہ میں سے تھا مغرب کے ساتھ جنگ کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ جیسا کہ ہم سابق میں حالات میں بیان کر آئے ہیں اور انہوں نے متعدد کے باعث اس کے قریب سبز و زار و ریاست میں تسمیم الشئ کی شرح ہے۔ میں نے ... اس عہد تک باقی ہیں۔ جیسے سطیف صحولا مرباتی طاقہ اور تونہ و نبطہ وغیرہ۔ عرب مسلمانوں نے پہلی فتح کے موقع پر غالب آ کر تباہ و برباد کر دیا اور مؤرخوں نے اس وقت جس چیز کا بھی حالات کی باقی تھی۔ اس کا ذکر اختیار کر لیا۔ حالانکہ وہ یمنی تھے اور انہوں نے ان سے مصاحبت کی اور خوشی سے انہیں تسلیم اداکی اور بربریوں کا لطف اور ساحلی شہروں کے پیچھے بڑی طاقت قوت تیاری بادشاہ روما کا امراء اور سردار خاص تھے۔ جن کا قسطنطنیہ کے ساتھ تعلق تھا اور وہ جزیروں اور افرنجوں ... تک پہنچا سکتے تھے۔ یہ بڑی قوم والی تھی اور اسلام نے ان کی مملکت میں ان پر حملہ کیا۔ روم پر غالب آ گئے اور وہ قسطنطنیہ کے بادشاہ ہرقل کو ٹیکس دیا کرتے تھے۔ جیسے مقوقس جو اسکندریہ برقہ اور مصر کا حکمران تھا ٹیکس دیا کرتے تھے اور جیسے طرابلس، لبدہ اور صبرہ کا حکمران اور صقلیہ کا حکمران اور اندلس کا حکمران جو القوط میں سے تھا۔ انہیں ٹیکس دیتے تھے۔ اور جب عرب ان سب پر غالب آ گئے تو انہوں نے ان شہروں پر قبضہ کر لیا۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جو افریقہ کے حکمران بنے اور یہ کوئی حکمران جس سے کچھ بھی حاصل نہ تھا۔ بلکہ سب کچھ افرنجی لوگوں کو حاصل تھا اور فتوحات کی کتب میں رومیوں کا ذکر فتح افریقہ کے متعلق بتایا جاتا ہے۔ یہ باب تغلیب میں سے ہے۔ کیونکہ عرب ان دنوں افرنج سے واقف نہ تھے اور وہ شام میں رومیوں سے لڑتے تھے اور انہی سے جنگیں کرتے تھے انہوں نے خیال کیا کہ وہی نصرانی قوم ہے جو غالب ہیں اور عربوں سے واقف تھے جو اسی طرح نقل کرتے آئے ہیں گئے وقت تک ہوتے ... رومی ... بلکہ افرنج جو افریقہ میں تھے۔ ... پر غالب تھے اور ان کے شہروں اور قلعوں میں اترے ہوئے تھے۔ وہ افرنجی تھے۔ اسی طرح بعض اوقات ان بربریوں نے یہودیت اختیار کر لی اور انہوں نے اسے بنی اسرائیل سے اس وقت لیا جب ان کی حکومت مضبوط ہوئی اور ان کا بادشاہ شام کے قریب تھا۔ جیسے بربریوں کی پہلی فتح کے وقت اوراس پہاڑ والا قبیلہ جراوہ کا ... جیسے نفوسہ افریقہ بربریوں میں سے تھا اور فندلاوہ، مدیونہ، بہلولہ، غیاثہ تھے اور مغرب الاقصیٰ کے بربریوں میں سے تھے۔ یہاں تک کہ ادریس اکبر ... جو حسن ... مغرب میں قوم ... ان ... دین اسلام سے قبل افریقہ اور مغرب میں بربر افرنجی بادشاہت کے ماتحت تھے اور دین نصرانیت پر تھے اور رومیوں کے ساتھ متفق تھے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے یہاں تک کہ فتح ہوئی اور مسلمانوں نے حضرت عثمانؓ کے زمانے میں ۲۹ھ میں افریقہ پر حملہ کیا اور عبداللہ بن سعد بن ابی سرح جو بنی عامر بن لوی سے تھا ان پر غالب آ گیا۔ جرجیر نے جو ان دنوں افریقہ میں افرنجی بادشاہ تھا۔ ان تمام افرنجیوں اور رومیوں کو جمع کیا۔ جو شہروں میں رہتے تھے اور مختلف بربریوں اور ان کے بادشاہوں کو اکٹھا کیا اور وہ طرابلس اور طنجہ کے درمیان کے علاقے کا بادشاہ تھا اور اس کا دارالسلطنت سبیطلہ تھا وہ آپ کے مقابلہ میں ہزار کی تعداد میں مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے آئے اور مسلمان ان دنوں بیس ہزار تھے اور عربوں نے انہیں شکست دی اور سبیطلہ کو فتح کیا

اور اُسے تباہ و برباد کر دیا اور ان کے بادشاہ گرگور کو قتل کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے اموال اور بیٹیوں کو غنیمت میں دیا جن میں سے گرگور کی بیٹی اس کے قاتل عبداللہ بن زبیر کو ملی۔ کیونکہ مسلمانوں نے شکست دینے کے بعد اس سے یہ عہد کیا تھا کہ وہ اُسے ملے گی۔ پس وہ فتح کی خبر لے کر خلیفہ اور مسلمانوں کی جماعت کے پاس مدینہ میں پہنچا اور یہ سب واقعہ مذکور و مشہور ہے اور وہ فتح کی خبر لے کر افریقہ کے قلعوں کی طرف گیا اور مسلمان غارت گری کرتے ہوئے میدانوں میں چلے گئے اور ان کے اور ضواحی کے بربریوں کے درمیان معرکہ آرائی قتل عام اور قیدی بنانے کے واقعات ہوئے یہاں تک کہ ان دنوں ان کی قید میں ان کا بادشاہ وزمار بن صقلاب بھی آیا۔ جو بنی خزر کا جد ہے اور وہ ان دنوں مغراوہ اور دیگر زناتہ کا امیر تھا۔ مسلمانوں نے اُسے حضرت عثمان بن عفان کے حضور پیش کیا تو وہ آپ کے ہاتھ پر اسلام لے آیا۔ تو آپ نے اس پر احسان کیا اور آزاد کر دیا اور اسے اس کی قوم کا امیر بنا دیا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ آپ کے پاس آیا تو اس وقت مسلمانوں نے ان کا محاصرہ کیا ہوا تھا اور فرنگیوں نے صلح کی چاہی اور انہوں نے ابن سرح کے لئے سونے کے تین سو قنطار کی پیشکش کی کہ وہ عربوں کو ان کے علاقے سے لے کر کوچ کر جائے پس اس نے ایسا ہی کیا اور مسلمان مشرق کی طرف لوٹ آئے اور اسلامی فتنوں میں ملوث ہو گئے۔ پھر حضرت معاویہ بن ابی سفیان پر اتفاق ہو گیا اور معاویہ بن حدیج السکونی نے ۴۵ھ میں مصر سے افریقہ کو فتح کرنے کے لئے فوج بھیجی اور شاہ روم نے قسطنطنیہ سے سمندر میں انہیں روکنے کے لئے فوج بھیجی مگر کوئی بات نہ بنی اور عربوں نے ساحل اجم میں انہیں شکست دے دی اور جلولا کا محاصرہ کر کے اسے فتح کر لیا اور معاویہ بن حدیج مصر کی طرف واپس آ گیا۔ پس معاویہ بن ابی سفیان نے اس کے بعد افریقہ پر عقبہ بن نافع کو حکمران بنا دیا پس اس نے قیروان کی حد بندی کر دی اور فرنگیوں کی حکومت میں تفرقہ پڑ گیا اور وہ قلعوں کی طرف چلے گئے اور بربری اپنے مضافات میں باقی رہ گئے۔ یہاں تک کہ یزید بن معاویہ حکمران بن گیا۔ تو اس نے افریقہ پر ابوالمہاجر مولیٰ کو گورنر مقرر کیا اور ان دنوں بربر کی سرداری اوربہ بن کسیلہ بن لمزم کو حاصل تھی۔ جو البرانس کا سردار تھا اور اس کا نائب سکردید بن رومی بن بارزت تھا جو اوربہ میں سے تھا اور نصرانی تھا۔ پس یہ دونوں فتح کے آغاز میں ہی مسلمان ہو گئے۔ پھر ابوالمہاجر کی حکمرانی کے وقت مرتد ہو گئے اور ان دونوں کے پاس البرانس اکٹھے ہو گئے اور ابوالمہاجر جنگ کے لئے ان کی طرف گیا اور عیون تلمسان پر اترا۔ پس انہیں شکست دی اور کسیلہ کو پکڑنے میں کامیاب ہو گیا اور کسیلہ نے اسلام قبول کر لیا۔ تو اس نے اسے چھوڑ دیا۔ پھر ابوالمہاجر کے بعد عقبہ آیا تو اس نے ابوالمہاجر کے اصحاب پر غصے کی وجہ سے اُسے ایک طرف ہٹا دیا۔ پھر اس نے باغایہ اور لمبس کی طرح افریقہ کے قلعوں کو فتح کیا اور بربر کے بادشاہوں نے زاب اور تاہرت میں اس کا مقابلہ کیا۔ پس اس نے انہیں فوج در فوج دبا کر رکھ دیا اور مغرب اقصیٰ میں داخل ہو گیا اور غمارہ نے اس کی اطاعت اختیار کر لی اور ان دنوں ان کا امیر یلیان تھا پھر وہ ولیلی اور جبال درن کی طرف آ گیا اور المصامدہ کو قتل کیا اور اس کے اور ان کے درمیان جنگیں ہوئیں اور انہوں نے جبال درن میں اس کا محاصرہ کر لیا اور زناتہ کی فوجیں ان کی مدد میں آ گئیں جو مغراوہ کے اسلام لانے کے وقت سے خاص اسلامی فوجیں تھیں۔ پس انہوں نے عقبہ سے المصامدہ کو ہٹا دیا اور خوب خونریزی کی یہاں تک کہ انہوں نے اسلام کی اطاعت اختیار کرنے پر مجبور کر دیا اور ان کے شہروں پر قبضہ کر لیا۔ پھر وہ ملثمی صنہاجہ سے لڑنے کے لئے بلاد سوس کے دور سے سوس تک لڑا اور ان کا قتل عام

کیا اور وہ بھی آ گیا اور اسی دوران میں کسیلہ اپنی قوم کے مرتد ہونے کی قید میں تھا۔ لیکن جب وہ موقع سے واپس آیا تو اس نے قیروان کی طرف فوج بھیجی اور خود تھوڑی سی فوج کے ساتھ باقی رہ گیا اور اس نے کسیلہ اور اس کی قوم کے ساتھ مراسلت کی تو انہوں نے کام پیچھے اور اس موقع کو غنیمت جانا اور اسے اس کے ساتھیوں سمیت قتل کر دیا اور کسیلہ پانچ سال تک افریقہ کا بادشاہ بنا رہا اور قیروان میں اترا اور جو عرب اور اولاد اور جو بیمار لوگ وہاں سے باقی رہ گئے تھے۔ انہیں امان دے دی اور بربریوں پر اس کی بادشاہی گراں گذری اور عبدالملک کی حکومت میں قیس بن زہیر عقبہ کے خون کا بدلہ لینے کے لئے افریقہ میں جنگ کرنے کے لئے آیا۔ اور کسیلہ نے اس کے لئے باقی ماندہ بربریوں کو جمع کیا اور قیروان کے نواح میں ممش کے ساتھ اس سے مقابلہ ہوا۔ فریقین کے درمیان سخت معرکہ ہوا پھر بربریوں کو شکست ہو گئی اور کسیلہ قتل ہو گیا اور اس کے ساتھ بے شمار لوگ بھی قتل ہوئے اور عربوں نے ان کا اور ملویہ تک ان کا تعاقب کیا اور اس جنگ میں بربریوں نے فنا کر لیا۔ اور ان کے سوار اور جوان ختم ہو گئے اور ان کی شوکت ختم ہو گئی اور فرنج کی حکومت کمزور پڑ گئی اور بربر زہیر اور عربوں سے خوف زدہ ہو گئے اور انہوں نے قلعوں میں پناہ لے لی۔ پھر اس کے بعد زہیر نے دعکلہ کی اور مشرق کی طرف جاتے ہوئے برقہ میں شہید ہو گیا جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اور افریقہ میں آگ بھڑک اٹھی اور بربریوں میں افتراق پیدا ہو گیا اور ان کی حکومت سرداروں میں بٹ گئی۔ ان میں سب سے عظیم الشان کاہنہ دامیا بنت ماتیہ بن تیفان تھی جو جبل اوراس کی ملکہ تھی اور ان کی قوم جراوہ تھی۔ جو البتر کے بادشاہ اور لیڈر تھے۔ پس عبدالملک نے حسان بن نعمان غسانی کی طرف اپنے عامل مصر کو بھیجا کہ وہ جہاد افریقہ کو جانے اور اسے مدد بھی بھیجی۔ پس وہ ۶۹ھ میں افریقہ کی طرف گیا اور قیروان میں داخل ہو گیا اور قرطاجنہ سے جنگ کی اور اسے بزور قوت فتح کر لیا اور وہاں جو افرنج باقی رہ گئے تھے وہ صقلیہ اور اندلس کی طرف چلے گئے۔ پھر اس نے بربریوں کے سب سے بڑے بادشاہ کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کاہنہ اور اس کی قوم جراوہ کے متعلق بتایا تو وہ اس کی طرف گیا اور وادی مسکیانہ میں اترا۔ وہ بھی اس کے مقابلہ میں آئی اور شدید جنگ ہوئی پھر مسلمانوں کو شکست ہوئی اور بہت سی مخلوق ماری گئی اور خالد بن یزید قیسی قید ہو گیا اور کاہنہ اور بربر مسلسل حسان اور عربوں کا تعاقب کرتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے ان کو قابس کی عملداری سے نکال دیا اور حسان طرابلس کی عملداری میں آ گیا تو اس نے قیام کرنے کے متعلق عبدالملک کو خط لکھا تو اس نے اقامت اختیار کر لی اور اپنا محل بنایا اور اس عہد سے وہ قصور حسان کہلاتا ہے پھر کاہنہ اپنی جگہ پر واپس آ گئی اور اپنے اسیر خالد سے عہد کیا کہ وہ اس کے بیٹے کے ساتھ دودھ شریک ہو اور وہ افریقہ اور بربر میں پانچ سال حکمران رہی۔ پھر عبدالملک نے حسان کو مدد بھیجی تو وہ ۷۴ھ میں افریقہ واپس آ گیا اور کاہنہ نے تمام شہروں اور جاگیروں کو تباہ کر دیا اور طرابلس سے طنجہ تک متصل بستیوں میں ایک ہی بنا تھی اور بربر پر یہ بات شاق گزری۔ تو انہوں نے حسان سے امان طلب کی تو اس نے انہیں امان دے دی اور اس نے ان میں تفرقہ پیدا کرنے کی راہ پائی اور وہ اس کے مقابلہ میں گیا اور وہ بربریوں کی ایک فوج میں تھی۔ پس بربریوں نے شکست کھائی اور کاہنہ قتل ہو گئی اور اس کے ایک پوشیدہ مقام پر قتل ہوئی جو اس عہد تک معروف ہے۔ اور بربریوں نے اسلام اور اطاعت پر امان طلب کی اور یہ کہ ان میں سے بارہ ہزار مجاہدین اس کے ساتھ ہوں گے۔ پس انہوں نے یہ بات قبول کر لی اور اسلام لے آئے اور اس نے کاہنہ کے دو بیٹوں کو اس کی قوم جراوہ اور جبل اوراس

اس کا سردار بنا دیا۔ تو انہوں نے کہا کہ تم نے بھی تو اطاعت اختیار کی ہے اور اس کے پاس جا کر اس کی بیعت کی ہے اور کاہنہ نے اس کے متعلق شیاطین کے اشاروں سے لوگوں کو یہ بات بتا دی۔

اور حسان قیروان کی طرف واپس آ گیا اور دواوین لکھے اور بربریوں سے خراج پر صلح کی اور افرنگی عجمیوں اور بربروں میں سے نصرانیت پر قائم رہنے والوں پر خراج نافذ کیا اور افریقہ اور مغرب کے متعلق بربریوں میں اختلاف پیدا ہو گیا اور اکثر شہر خالی ہو گئے اور موسیٰ بن نصیر افریقہ کا حکمران بن کر قیروان کی طرف آیا اور اس نے اس کے اختلاف کو دیکھا اور دور دور کے عجمیوں کو قریب کے عجمیوں کی طرف لایا اور اس نے بربریوں میں خونریزی کی اور مغرب پر غالب آ گیا اور بربریوں نے اس کی اطاعت اختیار کر لی اور اس نے طنجہ پر طارق بن زیاد کو حاکم بنایا اور اس کے ساتھ ۲۷ ہزار عرب اور بارہ ہزار بربری اتار دیئے اور انہیں حکم دیا کہ وہ بربریوں کو قرآن اور فقہ سکھائیں۔ پھر اس کے بعد بقیہ بربریوں نے اسماعیل بن عبداللہ بن ابی المہاجر کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا۔

اور ابو محمد بن ابی زید نے بیان کیا ہے کہ بربریوں نے بارہ دفعہ طرابلس سے طنجہ تک ارتداد اختیار کیا ہے اور ان کا اسلام اس وقت تک مضبوط نہیں ہوا۔ جب تک طارق اور موسیٰ بن نصیر مغرب پر غالب آنے کے بعد اندلس کی طرف نہیں گئے اور ان کے ہمراہ بربریوں کے بہت سے امراء بھی گئے اور انہوں نے وہیں جہاد کا طبل بجا دیا اور فتح تک وہاں رہے تب اس وقت مغرب میں اسلام مضبوط ہوا اور بربریوں نے اس کے احکام کی اطاعت اختیار کی اور ان میں اسلامی باتیں راسخ ہو گئیں اور وہ ارتداد کو بھول گئے۔ پھر ان میں خارجیت پھیل گئی اور انہوں نے اسے ان نقل مکانی کرنے والے عربوں سے سیکھا جنہوں نے اس کے متعلق عراق میں سنا تھا اور ان کے کئی فرقے بن گئے اور اباضیہ اور صفریہ کے کئی طریق بن گئے۔ جیسا کہ ہم نے خوارج کے حالات میں بیان کیا ہے اور یہ بدعت پھیل گئی اور عرب کے منافق سرداروں نے اسے مضبوط کیا اور بربریوں میں فتنہ پیدا ہو گیا۔ جو حکومت کے خلاف حملہ کرنے کا ذریعہ بن گیا۔ نیز جب وہ عرب نکل گئے اور بربر کے غلط لوگ اپنے قائد کی طرف دعوت دینے لگے اور وہ ان پر اپنے مذاہب کفر کی تلاوت کرنے لگے اور حق و باطل کے ساتھ ملانے لگے۔ یہاں تک کہ ان میں ان کے بوئے ہوئے پودوں کی جڑیں مضبوط ہو گئیں۔ پھر بربریوں نے عربوں کی حکومت پر حملہ کرنے کی تیاری کی اور یزید بن ابی مسلم کو ۱۰۲ھ میں قتل کر دیا۔ کیونکہ انہیں اس پر اس کے بعض اعمال کی وجہ سے غصہ تھا۔ پھر ۱۲۲ھ میں بربریوں نے ہشام بن عبدالملک کی حکومت میں عبید اللہ بن حبحاب کی ولایت میں بغاوت کی کیونکہ اس کی فوجوں نے بلاد سوس کو پامال کیا تھا اور بربریوں میں خونریزی کی تھی اور لوگوں کو قیدی بنایا تھا اور غنیمت حاصل کی تھی اور سوس تک چلا گیا تھا اور قتل عام کیا اور قیدی بنایا تھا اور بربریوں کے دلوں میں اس کا رعب پڑ گیا اور اسے یہ اطلاع ملی کہ بربری یہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کی غنیمت ہیں پس انہوں نے اس کے خلاف بغاوت کر دی اور میسرہ مطغری نے طنجہ میں عمر بن عبداللہ پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا اور عبدالاعلیٰ بن جریج افریقی کی بیعت کر لی۔ جو رومی الاصل تھا اور عربوں کا غلام تھا اور وہ صفری خوارج کا لیڈر تھا اور مدت تک وہ ان کے امور کا ذمہ دار رہا اور میسرہ نے اپنے خارجی صفری مذہب کی طرف دعوت دیتے ہوئے خود اپنی خلافت کی بیعت لی پھر اس کا کردار خراب ہو گیا۔ تو بربریوں کو اس کے افعال پر غصہ آیا تو انہوں نے اسے قتل کر دیا اور خالد

بن حمید زناتی کو اپنا امیر بنایا ابن عبدالحکم کہتا ہے کہ وہ ہتورہ میں سے تھا جو زناتہ کا ایک بطن ہے۔ پس وہ ان کے امور کا ذمہ دار بنا اور عربوں کی طرف جنگ کرنے کے لئے گیا اور عبداللہ بن حجاب نے اس کے آگے فوجیں بھیجیں اور ان کے ساتھ خالد بن ابی حبیب بھی تھا پس وادی شلف میں جنگ ہوئی اور عرب شکست کھا گئے اور خالد بن ابی حبیب اور وہ سب کے سب قتل ہو گئے۔ اس جنگ کو جنگ اشراف کہتے ہیں اور شہر میں بغاوت پھیل گئی اور لوگوں کے معاملات خراب ہو گئے۔ ہشام بن عبدالملک کو اس کی خبر پہنچی تو اس نے ابن حجاب کو معزول کر دیا اور کلثوم بن عیاض قشیری کو ۱۲۳ھ میں حاکم بنایا اور اسے بارہ ہزار شامیوں کے ساتھ بھیجا اور مصر، برقہ اور طرابلس کی سرحدوں کو اس کی مدد کے لئے لکھا پس وہ افریقہ اور مغرب کی طرف گیا۔ یہاں تک کہ وادی طنجہ میں پہنچ گیا۔ جو سبو کی وادی ہے۔ پس خالد بن حمید زناتی لاتعداد بربری ساتھیوں کے ساتھ اس کے مقابلہ میں نکلا اور انہوں نے کلثوم بن عیاض کی ہراول فوج کو شکست دینے کے بعد اس سے مڈ بھیڑ کی پس ان کے درمیان سخت جنگ ہوئی اور کلثوم قتل ہو گیا اور فوج شکست کھا گئی اور شامی بلج بن بشر قشیری کے ساتھ اندلس کی طرف چلے گئے اور مصری اور افریقی قیروان کی طرف چلے گئے۔ جب ہشام بن عبدالملک کو یہ اطلاع ملی تو اس نے حنظلہ بن صفوان کلبی کو بھیجا اور وہ ۱۲۴ھ میں قیروان آیا اور ہوارہ ان دنوں حکومت کے باغی تھے۔ جن میں عکاشہ بن ایوب اور عبدالواحد بن یزید اپنی اپنی قوم کے لیڈر تھے۔ پس ہوارہ اور وہاں کے بربری مددگاروں نے تنگ کر دیا۔ پس حنظلہ بن صفوان نے ان کو شکست دی اور شدید جنگ کے بعد قیروان پر غالب آ گیا اور اس نے عبدالواحد ہواری کو قتل کر دیا اور عکاشہ کو قیدی بنا لیا اور اس جنگ کے مقتولوں کا شمار کیا گیا تو وہ ایک لاکھ اسی ہزار تھے اور حنظلہ نے یہ بات ہشام کو لکھی اور لیث بن سعد نے اسے سن کر کہا کہ میں نے غزوہ بدر کے بعد کسی جنگ میں شامل ہونا پسند نہیں کیا مگر مجھے غزوہ قرن اور اصنام بہت محبوب ہے۔ پھر مشرق میں خلافت کمزور ہو گئی اور بنی امیہ کے چچوں اور مروانیوں کے ساتھ شیعہ اور خوارج کے واقعات کی وجہ سے اس کی حکومت تباہ ہو گئی اور نوبت یہاں تک جا پہنچی کہ حکومت بنی امیہ سے نکل کر بنی عباس کے پاس پہنچ گئی اور عبدالرحمٰن بن حبیب نے اندلس سے آ کر افریقہ پر قبضہ کر لیا اور حنظلہ سے ۱۲۷ھ میں اس پر غلبہ حاصل کیا۔ پس حنظلہ افریقہ چھوڑ کر مشرق کی طرف واپس آ گیا اور بربریوں کی بیماری بڑھ گئی اور خارجیوں اور ان کے سرداروں کا معاملہ پیچیدہ ہو گیا پس انہوں نے اطراف سے بغاوت کر دی اور تمام حامیان بدعت کے ساتھ حکومت پر حملہ کر دیا اور اس میں صنہاجہ نے بغاوت کر دی اور اس کا امیر ثابت بن وزیدون اور اس کی قوم باجہ پر غالب آ گئے اور ان کے امراء میں سے عبداللہ بن سکردید نے اپنے مددگاروں سمیت اس کے ساتھ حملہ کر دیا اور طرابلس پر عبدالجبار اور حارث ہواری نے غلبہ کر لیا اور یہ دونوں اباضیہ کی رائے رکھتے تھے۔ پس انہوں نے طرابلس کے عامل بکر بن عیسیٰ قیسی کو جب وہ ان کو صلح کی دعوت دینے آیا قتل کر دیا اور ایک مدت تک یہی کیفیت رہی اور اسمٰعیل بن زیاد نے بربریوں کے قتل میں بڑا جوش دکھایا اور ان میں خوب خونریزی کی اور ۱۳۱ھ میں اس نے تلمسان پر چڑھائی کی اور اسے فتح کر لیا اور مغرب پر قبضہ کر کے وہاں کے تمام بربریوں کو ذلیل کیا اور اس کے بعد ۱۳۸ھ میں ورفجومہ اور باقی ماندہ قبائل نفزاوہ کا فتنہ اٹھا اور یہ بات اس وقت ہوئی جب عبدالرحمٰن بن حبیب ابوجعفر کی اطاعت سے منحرف ہو گیا اور اسے اس کے دو بھائیوں الیاس اور عبدالوارث نے قتل کر دیا۔ پس اس کی جگہ اس کا بیٹا حبیب حکمران بنا اور اس نے اپنے باپ کے بدلہ کا مطالبہ کیا

پس الیاس قتل ہو گیا اور عبدالوارث ورفجومہ کے ساتھ جا ملا اور ان کے امیر عاصم بن جمیل نے نفزاوہ سے مدد لی اور طرابلس کے امیر یزید بن سکوم نے بھی اس کی پیروی کی اور وہ نفزاوہ کی بات پر متفق ہو گئے اور ابو جعفر منصور کی دعوت دینے لگے اور قیروان پر حملہ کر کے اس میں زبردستی داخل ہو گئے اور حبیب بن قابس بھاگ گیا تو عاصم نے نفزاوہ اور ان کے قبائل میں اس کا تعاقب کیا اور عبدالملک بن ابی الجعد اور نفزاوہ کو جو قیروان میں موجود تھیں۔ قیروان پر حاکم مقرر کیا اور انہوں نے اسے قتل کر دیا اور ورفجومہ قیروان اور باقی افریقہ پر قابض ہو گئے اور وہاں پر رہنے والے تمام قریش کو قتل کر دیا اور اپنے چوپاؤں کو جامع مسجد میں باندھ دیا۔ پس اہل قیروان پر سخت مصیبت پڑی اور ورفجومہ اور نفزاوہ کے اس فعل کو طرابلس کے اباضی بربریوں نے جو ہوارہ اور زناتہ میں سے تھے برا سمجھا۔ پس وہ اکٹھے ہو کر ابوالخطاب کے پاس گئے اور ان کے خلاف خروج کر دیا اور زناتہ اور ہوارہ کے باقی ماندہ بربری بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے اور اس نے ان کو ساتھ لے کر قیروان پر چڑھائی کی اور عبدالملک بن ابی الجعد اور باقی ماندہ ورفجومہ اور نفزاوہ کو قتل کر دیا اور ۱۴۱ھ میں قیروان پر قابض ہو گیا۔ پھر عبدالرحمٰن بن رستم کو قیروان کا حاکم بنایا جو رستم کے غلاموں میں سے تھا۔ جو کاوسیہ میں ابراہیم کا امیر تھا اور وہ عرب موالی میں سے تھا اور اس جماعت کے سرداروں میں سے تھا اور ابوالخطاب طرابلس کی طرف گیا اور مغرب جنگ سے مشغول ہو گیا اور بربری خوارج نے جہات پر حملہ کر کے ان پر قبضہ کر لیا اور ۱۴۰ھ میں مکناسہ میں سے صفریہ مغرب کی جانب اکٹھے ہوئے اور انہوں نے عیسیٰ بن یزید اسود کو اپنا امیر بنایا اور سجلماسہ شہر کو بنیاد بنایا اور وہاں اتر گئے اور ابوجعفر منصور کی طرف سے محمد بن اشعث افریقہ کا والی بن کر آیا تو ابوالخطاب اس کے مقابلہ میں گیا اور سرت مقام پر اس سے جنگ کی۔ پس انہوں نے ابن اشعث کو شکست دی اور بلاد طرابلس میں بربریوں کو قتل کیا اور عبدالرحمٰن بن رستم قیروان سے تاہرت کی طرف بھاگ گیا۔ جو مغرب اوسط میں واقع ہے اور لمایہ کو اپنا حامی بنا لیا اور نفزاوہ کے اباضی بربریوں کے کئی گروہ اس کے پاس اکٹھے ہو گئے تو وہ وہاں اتر پڑا اور ۱۴۴ھ میں اس کے شہر کی حد بندی کر لی اور ابن اشعث نے افریقہ پر کنٹرول کر لیا اور بربری ڈر گئے۔ پھر زناتہ میں سے بنو یفرن اور بربریوں میں سے مغیلہ تلمسان کے نواح میں مشتعل ہو گئے اور بنی یفرن کے ابوقرہ کو اپنا لیڈر بنا لیا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ مغیلہ میں سے تھا اور یہ بات اثبت ہے اور ۱۴۸ھ میں اس کی بیعت خلافت کی گئی اور اغلب بن سود تمیمی عامل طبنہ جنگ کرنے کے لئے اس کی طرف گیا اور جب اس کے قریب ہوا تو ابوقرہ بھاگ گیا اور اغلب الزاب میں اتر گیا۔ پھر اس نے تلمسان اور طنجہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا اور فوج اس کے پاس واپس آ گئی تو وہ بھی واپس آ گیا۔ پھر اس کے بعد بربریوں نے عمر بن حفص کے زمانے میں بغاوت کی جو قبیصہ بن ابی صفرہ یعنی مہلب کی اولاد میں سے تھا اور ہزار مرد کا لقب ۱۵۱ھ سے چلا آ رہا تھا اور وہ طرابلس میں اکٹھے ہو گئے اور ابوحاتم یعقوب بن حبیب بن مدین بن سطوفت کو اپنا لیڈر بنایا جو امرائے مغیلہ میں سے تھا اور ابوحاتم کہلاتا تھا اور بربریوں کے ساتھ عمر کی فوجوں نے طبنہ کو ہلا کر رکھ دیا۔ ان میں سے ابوقرہ چالیس ہزار صفریہ اور عبدالرحمٰن بن رستم چھ ہزار اباضیہ اور اسی طرح مسعود بن ولی دس ہزار جوانوں اور جریر بن مسعود اپنے مدیونہ پیروکاروں اور عبدالملک بن سکردید ضہاجی دو ہزار جوانوں کے ساتھ جن میں صفریہ بھی تھے آئے اور عمر بن حفص کا محاصرہ سخت ہو گیا۔ تو اس نے مخالفت کی ایک چال چلی اور اپنے بیٹے کو چار ہزار جوان دیئے جو الگ ہو کر طبنہ سے چلے گئے۔ پھر اس نے ابن

رستم کی طرف ایک فوج بھیجی۔ جس نے اُسے شکست دی اور وہ شکست خوردہ ہو کر تاہرت میں داخل ہو گیا اور عمر بن حفص نے ابو حاتم اور اس کے بربری اباضی ساتھیوں پر حملہ کر دیا اور وہ بھی اس کے مقابلہ میں آ گئے۔ تو وہ انہیں قیروان کی طرف لے گیا اور اُسے فوجوں اور جماعتوں سے بھر دیا۔ پھر اس نے ابو حاتم اور بربریوں سے جنگ کی تو انہوں نے اُسے شکست دی اور یہ قیروان کی طرف واپس آ گیا تو انہوں نے اس کا محاصرہ کر لیا اور وہ تین لاکھ جرار تھے۔ جن میں سے پینتیس ہزار سوار تھے اور وہ سب اباضی تھے اور محاصرہ لمبا ہو گیا اور ۱۵۴ھ میں عمر بن حفص قتل ہو گیا اور اہل قیروان نے ابو حاتم کے ساتھ اس کی من مانی شرائط پر صلح کر لی اور وہ وہاں سے کوچ کر گیا اور ۱۵۵ھ میں یزید بن قبیصہ بن مہلب افریقہ کا والی بن کر آیا اور ابو حاتم عمر بن عثمان فہری کے مخالف ہو جانے کے بعد اس کے مقابلہ میں گیا اور ان کے معاملے میں افتراق پیدا ہو گیا پس یزید بن حاتم نے طرابلس میں اس سے جنگ کی اور ابو حاتم قتل ہو گیا اور بربریوں کو شکست ہوئی اور عبدالرحمن بن حبیب بن عبدالرحمن جو ابو حاتم کے اصحاب میں سے تھا کتامہ چلا گیا اور مخارق بن غفار طائی کو بھیجا تو اس نے آٹھ ماہ تک اس کا محاصرہ کئے رکھا۔ پھر اس پر غالب آ گیا اور اس کے بربری ساتھیوں کو قتل کر دیا اور وہ جدھر سے آیا ادھر بھاگ گئے اور فوج کے ساتھ طرابلس میں عمر بن حفص کے قتل سے خاتمہ تک ان کی ۳۷۵ جنگیں ہوئیں اور یزید افریقہ آ گیا اور اس نے فساد کو دور کیا اور قیروان کو درست کیا اور بربری ملک پر سکون رہا اور ۱۵۷ھ میں ورفجومہ نے بغاوت کی اور ابو زرجونہ کو اپنا لیڈر بنا لیا۔ پس یزید ان کی طرف ابن مجزاۃ مہلبی کے قبیلے کو لے کر گیا۔ تو انہوں نے اُسے شکست دی اور اس کے بیٹے مہلب نے اس سے اجازت طلب کی کہ وہ ورفجومہ پر حملہ کرنے والی فوج میں الزاب، طبنہ اور کتامہ کی فوجوں کا سالار تھا جو اس نے اُسے اجازت دی اور علاء بن سعید بن مروان مہلبی نے اس کی مدد کی تو اس نے ان پر حملہ کر کے انہیں بری طرح قتل کیا اور اس کے بعد ۱۷۱ھ میں نفزاوہ نے اس کے بیٹے داؤد کی سلطنت میں اس کے مر جانے کے بعد بغاوت کی اور صالح بن نصیر نفزی کو اپنا امیر بنا کر اباضیہ کے نظریہ کی دعوت دینے لگے۔ پس اس نے ان کے مقابلہ میں اپنے عمزاد سلیمان بن الصمہ کو دس ہزار فوج کے ساتھ بھیجا۔ تو اس نے انہیں شکست دی اور بربریوں کو بری طرح قتل کیا پھر وہ صالح بن نصیر کے پاس گیا تو اس نے دیکھا کہ تمام اباضی بربر بھاگ گئے ہیں اور شقبناریہ میں جمع ہو گئے ہیں۔ پس سلیمان نے انہیں دوبارہ شکست دی اور قیروان کی طرف واپس آ گیا اور افریقہ کے بربری خارجیوں کی ہوا تھم گئی اور اس کی بدعت میں ضعف پیدا ہو گیا اور ۱۷۲ھ میں حاکم تاہرت عبدالرحمن بن رستم نے حاکم قیروان روح بن حاتم بن قبیصہ بن مہلب کے ساتھ مصالحت کرنے میں دلچسپی لی۔ تو اس نے اس سے صلح کر لی اور بربریوں کا زور ٹوٹ گیا اور وہ غالب آنے والے حکمرانوں کے مطیع ہو گئے اور دین کی اطاعت کرنے لگے اور اسلام نے اپنے قدم جما لئے اور حکومت نے بربریوں پر ٹیکس لگا دیا اور ابراہیم بن اغلب تمیمی نے ہارون الرشید سے قبل ۱۸۴ھ میں افریقہ اور مغرب کی حکومت سنبھال لی۔ پس اس نے اس حکومت کو مضبوط کیا اور لوگوں سے حسن سلوک کیا اور بگاڑ کی اصلاح کی اور اتحاد پیدا کیا اور وہ سب لوگ راضی ہو گئے اور بغیر کسی تنازعہ اور بگاڑ کرنے والے کے آزادانہ حکومت کرتا رہا اور اس کے بیٹے خلف سے سلف تک اس حکومت کے وارث ہوئے اور انہیں افریقہ اور مغرب میں وہ حکومت حاصل تھی جس کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔ یہاں تک کہ افریقہ سے عرب حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

کتامہ اور کتامہ نے رافضی دعوت کے زیر اثر بنی اغلب کے خلاف خروج کیا اور ان میں ابو عبد اللہ شیعی عبید اللہ مہدی کا داعی بن کر گیا ہوا اور یہ افریقہ میں عربوں کی حکومت کا آخری دور تھا اور پھر جماعت کتامہ نے مستقل حکومت قائم کر لی اور ان کے بعد مغرب کے بربریوں نے حکومت قائم کر لی اور مغرب اور افریقہ سے عرب کا غلبہ جاتا رہا اور ان کی حکومت باقی رہی اور اس حکومت نے ابتدائی عہد تک ان کی شہرت کوئی نہیں ہوئی اور بربریوں اور ان کے قبائل کی حکومت ہو گئی جب ایک گروہ کے بعد دوسرا گروہ اور ایک قوم کے بعد دوسری قوم حاصل کرتی رہی اور کبھی یہ مغرب کے اموی خلفاء کی طرف اور کبھی بنو عباس اور بنو حسن کے ہاشمیوں کی طرف دعوت دیتے پھر انہوں نے آخرکار مستقل اپنی طرف دعوت دینی شروع کر دی۔ ہم ان کا مفصل تذکرہ زناتہ اور بربریوں کی حکومت کے بیان میں کریں گے جن کے حالات کو ہم بیان کر رہے تھے۔

باب: [illegible]

بتری بربر

بتری بربریوں اور ان کے قبائل کے حالات اور سب سے پہلے نفوسہ اور اس کی گردش احوال کا تذکرہ

بتری بربریوں کا جد مادغیس الابتر تھا اور اس کا بیٹا زحیک تھا اور اسی سے ان کے بطون نکلے ہیں۔ بربریوں کے نسابین اس کے چار بیٹوں کا ذکر کرتے ہیں نفوس اور اداس اور ضرا اور لوا [illegible] کیونکہ کہا جاتا ہے کہ لوا نے اپنے باپ [illegible] تو وہ دودھ چھڑانے سے قبل اس کی ماں کے پاس چھوڑا گیا تو وہ اسی کی طرف منسوب ہو گیا اور اس کے بیٹوں کے ساتھ [illegible] ہو گئے۔ جیسا کہ ہم نے اس کا ذکر کیا ہے اور یہ ضرا اور لوا کے بطون کا ایک ایک کر کے ذکر کریں گے اور نفوس کا ایک ہی بطن ہے۔ جس کی طرف سب نفوسی منسوب ہوتے ہیں اور یہ بربریوں کے وسیع ترین قبائل میں سے ہے جس میں بنی زمور اور بنی مسکور اور ماطوسہ کی طرح بہت سے قبائل ہیں اور ان کی اکثریت کا وطن جبال طرابلس اور اس کے قریب صبرہ میں ہے اور وہاں ایک پہاڑ بھی ان کے نام سے مشہور ہے اور یہ طرابلس کی جانب سے تین دن کی مسافت کے فاصلے پر ہیں اور آج بھی ان کے بچے کھچے لوگ وہیں رہتے ہیں اور اس سے قبل صبرہ شہر بھی انہی کے وطن میں شامل تھا اور ان کی طرف منسوب ہوتا تھا [illegible] اور ان کے [illegible] گیا [illegible] میں سے [illegible] زیادہ بھی تھا [illegible] نے عبیدی حکومت کے شروع میں [illegible] میں اس پر قبضہ حاصل کیا اور ان میں سے [illegible] مصر اور مغرب کے مقامات میں بکھرے ہوئے ہیں اور ان کے بچے کھچے لوگ اس کے علاوہ منتشر ہیں جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ واللہ وارث الارض ومن علیہا

باب: ۱۵

قبائل نفزاوہ

نفزاوہ اور ان کے بطون اور ان کی گردش احوال کا بیان

نفزاوہ طوفت بن نفزاو بن لوا اکبر بن زحیک کے بیٹے ہیں اور غساسہ، زہیلہ، سوماتہ، زاتیمہ، ولہاصہ، مجر اور ورسیف کی طرح ان کے بہت سے بطون ہیں اور ان کے بطون میں ایک مکلاتہ ہے۔ کہتے ہیں کہ مکلاتہ حمیری عربوں میں سے ہے۔ جو صغر سنی میں تطوفت کے پاس آیا تو اس نے اسے متبنیٰ بنا لیا اور یہ بربر میں سے نہیں ہے اور بنی ورپاغل اور گزناتہ اور بنی یصلتین اور بنی دیمار، یحمن اور ریحون اور بنی یزناسن کی طرح مکلاتہ کے بہت سے بطون ہیں اور بربری نسابوں جیسے سابق مطماطی وغیرہ کے نزدیک غساسہ کو بھی انہی میں سے بیان کیا جاتا ہے اور ولہاصہ کے بطون سے ورتدین بن داجیسن ولہاصہ اور ورہ فوس بن فیرحاس بن ولہاص ہیں اور ورفجومہ کے بطون سے زمور، رجالہ، انذکور بنی ورفجوم اور دوسرے بہت سے بطون ہیں اور ورفجومہ نفزاوہ کے بطون سے خوبصورت ترین، تعداد جنگجو اور صاحب قوت ہے اور جب عبد الرحمن بن حبیب نے ابوجعفر منصور کی اطاعت سے انحراف کیا اور اس کے دو بھائیوں الیاس اور عبد الوارث نے قتل کر دیا اور اس کے بیٹے حبیب نے ان دونوں سے بدلہ کا مطالبہ کیا تو عبد الوارث ورفجومہ کے پاس آ گیا اور ان میں ان کے امیر عاصم بن جمیل کے ہاں مہمان اترا اور یہ کاہن تھا تو اس نے اسے پناہ دی اور یہ ابوجعفر منصور کی دعوت دینے لگا اور نفزاوہ اس کے پاس اکٹھے ہو گئے۔

اور ان کے جوانوں میں سے عبد الملک بن ابی الجعد اور یزید بن سکوم بھی تھے۔ جو اباضی خارجی تھے اور انہوں نے ۱۳۹ھ میں قیروان پر حملہ کیا اور حبیب بن عبد الرحمن وہاں سے بھاگ گیا اور عبد الملک بن ابی الجعد اس میں داخل ہو گیا اور حبیب کو قتل کر دیا اور نفزاوہ قیروان پر غالب آ گئے اور انہوں نے وہاں رہنے والے قریشیوں اور قیس کے عربوں کو قتل کر دیا اور مسجد میں اپنے چوپاؤں کو باندھا اور ان کی بدعتیں بڑھ گئیں تو طرابلس کے بربری اباضیوں نے ان پر حملہ کیا اور ورفجومہ

اور زناتہ نے اس میں بڑا پارٹ ادا کیا بھی وہ اور عرب کے جوان خطاب بن سمح کے پاس جمع ہوئے اور طرابلس پر قبضہ کر لئے۔ پھر ۱۴۱ھ میں قیروان پر غالب آ گئے اور عبدالملک بن ابی الجعد کو قتل کر دیا اور اس کی قوم نے نفزاوہ اور ورفجومہ میں خوب خونریزی کی اور جب ابوالخطاب نے عبدالرحمن بن رستم کو قیروان پر حاکم مقرر کیا تو اس کے بعد طرابلس واپس آ گئے اور طرابلس جنگ کی آگ سے بھڑک اٹھا اور ورفجومہ کا فتنہ بڑھ گیا۔ یہاں تک کہ محمد بن اشعث ۱۴۴ھ میں مصر کی طرف سے مقرر ہو کر آیا اور اس نے بربریوں میں خونریزی کی اور اس فتنہ کی آگ کو ٹھنڈا کیا۔ جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اور جب عمر بن حفص نے ۱۵۱ھ میں طبنہ شہر کی حد بندی کی تو اس نے ورفجومہ کو یہاں آباد کیا کیونکہ یہ اس کے مددگار تھے اور جب ابن رستم اور بنو یفرن نے اس کا محاصرہ کیا تو یہ بہت خوشحال ہو چکے تھے۔ پھر عمر کی وفات کے بعد جب یزید بن حاتم ۱۵۵ھ میں افریقہ آیا تو انہوں نے اس کے خلاف خروج کیا اور ابو زرجونہ کو اپنا لیڈر بنایا اور یزید نے اپنے بیٹے کو قوم کے ساتھ ان کی طرف فوج بھیجی تو انہوں نے ان میں خوب خونریزی کی پھر نفزاوہ نے اس کے باپ داود کے خلاف بغاوت کی اور اباضی دین کی طرف دعوت دینے لگے اور انہوں نے صالح بن نصیر کو اپنا لیڈر بنایا تو سلیمان بن یزید ان کی طرف بڑھا اور انہیں بری طرح قتل کیا اور اس موقع پر افریقہ میں خوارج کا رعب اور بربریوں کا خوف جاتا رہا اور اس کے بعد ورفجومہ میں تفرقہ پیدا ہو گیا اور ان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور وہ قبائل میں بٹ گئے اور جو ان میں ایک [illegible] تھا۔ [illegible] کے آغاز میں اور بنو امیہ کے اندلس میں ایک جوان الرمادی ہے۔ جو قرطبہ کا ایک کاتب ہے اور اس عہد میں مغرب میں ان کے کچھ فرقے باقی ہیں اور وہاں پر مراکش کے میدان میں ایک بستی ان کی طرف منسوب ہے اور ورفجومہ میں سے باقی ماندہ [illegible] وغیرہ اس عہد میں متفرق گروہوں میں بٹے ہیں اور یہ لوگ ساحل تلمسان کا مشہور ترین قبیلہ ہے۔ جو قومیت میں شامل ہیں اور نسب کے لحاظ سے ان میں شمار ہوتے ہیں اور آغاز عبیدی حکومت کے وسط میں ان میں سے [illegible] مستقل ریاست [illegible] کی اور بنی عبدالواد کے تلمسان اور اس کے نواح پر غالب آنے کے بعد سلطان کے نام سے بادشاہ [illegible] جیسا کہ ہم بیان کریں گے۔ اس عہد میں ان کے سلطان عثمان بن عبدالرحمن پر غالب آ گئے اور اسے تلمسان میں [illegible] قید خانے میں بند کر دیا اور پھر اسے قتل کر دیا۔

اور ورفجومہ کے مشہور ترین قبائل میں سے ایک اور قبیلہ [illegible] کے میدان میں رہتا ہے جو گھوڑوں پر سوار ہوتا ہے اور لباس زبان اور دیگر شعار میں عربوں کی نقل کرتا ہے جیسا کہ ہوارہ کا حال ہے اور ان کا [illegible] اونٹ رکھنے والے [illegible] ہے اور ان کی سرداری بنی [illegible] میں ہے اور اس عہد میں حازم بن شداد بن حزام بن نصر بن مالک بن غریب کی اولاد میں ہے اور اس سے پہلے عسکر بن بطنان میں تھی۔ یہ ورفجومہ کے وہ حالات ہیں جو ہمیں معلوم ہو سکے تھے۔

بطون نفزاوہ کا انجام

اور نفزاوہ کے بطون میں سے ورتیمہ ہیں۔ ان کے بقایا اس عہد میں ساحل برقہ میں رہتے ہیں اور ان میں سے مسراتہ بھی ہیں جن کے بقایا اس عہد میں سواحل طرابلس میں رہتے ہیں۔ جہاں سمندر کے کنارے ایک [illegible] کے [illegible] ان کے نام سے موسوم ہے۔ اور خیال ہے کہ ان کے بقایا اس عہد میں [illegible] کے [illegible] رہتے ہیں [illegible] اور [illegible] سے [illegible] دولت کے دوسرے لوگ مغرب میں رہتے ہیں اور [illegible] کوئی [illegible] معلوم نہیں اور ان کی اولاد افریقہ میں عرب قبائل کے درمیان [illegible] ہے اور [illegible] کے [illegible] ان کے [illegible] رہتے ہیں [illegible] کا [illegible] تھے۔ واللہ اعلم۔

اور نفزاوہ کے باقی بطون کا اس عہد میں کوئی قبیلہ [illegible] معلوم نہیں ہوتا۔ [illegible] کی کچھ بستیاں ان کی طرف منسوب ہیں۔ جہاں [illegible] موجود رہتے ہیں [illegible] اور [illegible] اور [illegible] کے [illegible] اور ان [illegible] کے ساحل [illegible] جب حکومت کا [illegible] کا [illegible] ان میں [illegible] یہاں تک کہ [illegible] اور وہ سب کے سب ان کی اطاعت میں شامل ہو گئے۔ واللہ ولی الامور لا رب غیرہ۔

باب: ۱۶

لواتہ قوم

بتری بربر قبیلہ لواتہ کے حالات اور ان کی گردش احوال: یہ بتری بربر کے بطون میں سے بہت وسیع اور عظیم بطن ہے جو لوا الاصغر بن لوا الاکبر بن زحیک کی طرف منسوب ہوتے ہیں اور لوا الاصغر نفزاوہ کے بیٹے ہیں جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے اور لوا ان کے باپ کا نام ہے اور بربری جب جمع کے لئے عموم چاہتے ہیں تو "الف" اور "تا" کو زیادہ کر دیتے ہیں اور وہ لوات بن جاتا ہے اور جب عربوں نے اسے معرب کیا تو اسے مفرد پر محمول کیا اور اس کے ساتھ جمع کی "ھا" ملا دی اور ابن حزم نے بیان کیا ہے کہ بربری نسابوں کا خیال ہے کہ سدراتہ لواتہ اور مزاتہ قبطیوں میں سے ہیں۔ مگر یہ بات درست نہیں اور ابن حزم کو اس بارے میں علمائے بربر کی کتب کا علم نہیں ہوا اور لواتہ کے بہت سے بطون ہیں جیسے سدراتہ بن نیطط بن لوا اور [illegible] بنی ماسلت بن لوا اور [illegible] اور ان کے اصحاب نے مزاتہ کے سوا مغاغہ کے اور قبائل بھی شمار کئے ہیں جو بنی زائدہ بن لوا کی [illegible] جرمانہ اور نقاعہ ہیں اور ان کے اکثر بطون مزاتہ میں ہیں اور بعض نساب مزاتہ میں بہت سے بطون شمار کرتے ہیں جیسے [illegible] اور [illegible] کے [illegible] اپنے مواطن میں برقہ کے رہتے ہیں جیسا کہ مسعودی نے بیان کیا ہے اور ابو یزید کے فتنہ میں انہوں نے بہت کارنامے دکھائے ہیں اور جبل اوراس میں ان کی بہت بڑی قوم رہتی ہے۔ جس نے بنی کملان کے ساتھ ابو یزید کی حکومت کے متعلق مدد کی اور وہ ہمیشہ ہی اس جگہ میں ہوارہ اور کتامہ کے ساتھ آباد اور اسی میں رہتے ہیں اور حکومت جبل اوراس میں رہنے والے انہیں دیگر قبائل سے ٹیکس وصول کرنے میں ان سے مطالبہ کرتی رہتی ہے جس طرح اس کا کام کرتے ہیں اور جن دستوں کی ان پر لگائی جاتی تھی وہ انہیں سلطان کی فوج میں لے آتے تھے۔ جب حکومت کو ضعف آیا تو ان کے بعض گروہ اولاد محمد کی جاگیروں میں آگئے جو زواودہ میں سے تھا تو انہوں نے بھی ان سے وہ کام لئے جو حکومت ان سے لیتی تھی اور انہوں نے انہیں ٹیکس جمع کرنے کے لئے خادم اور [illegible] بنوا لئے [illegible] ان قوم کے [illegible] نہیں اور وہ خوش حال اور [illegible] ہیں۔ [illegible] منصور بن خرنی نے ان کو اپنے کام میں شامل کر لیا اور جب [illegible] حکومت سے [illegible] اور وہ اعراب میں آ ملے تو وہ انہیں [illegible] میں [illegible] کرنے لگے اور اس وجہ سے عرب [illegible] کی صورت میں ان کے پاس [illegible] کرنے لگے اور وہ اس عہد تک اپنے [illegible] میں [illegible] ہوئے ہیں

اور جب انہوں نے [illegible] سے ان کو چھوڑ کر میدان تک نہیں جاتے اور ان میں سے کئی ایک نے بلند علاقوں پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ جو پہاڑ کی وسعت میں گھرا ہوا ہے کیونکہ اس کے مقامات پر ان کو غلبہ حاصل ہے [illegible] جب ان پر سلطانی قوت کی طرف آتے ہیں۔ تو وہ بھی اپنے قلعوں میں [illegible] ہیں اور ولایت میں سے ایک [illegible] سے جیل کی جانب رہتی ہے اور وہ جیل کے درمیان [illegible] ہیں پھر ان کا ایک امیر تھی اپنے ساتھ ایک [illegible] لے گیا [illegible] اور ان کو [illegible] علی بن ہشام [illegible] جب یحییٰ بن [illegible] صاحب [illegible] نے منصور کے خلاف بغاوت کی تو ان کے خلاف [illegible] نے اس کے خلاف [illegible] کے بارے میں اس کے ساتھ [illegible] منصور نے اس کو طلب کیا اور [illegible] لیا اور [illegible] ان کے [illegible] اور پہاڑ سے [illegible] ان کی طرف واپس آ گیا۔

[illegible] نے بیان کیا ہے [illegible] ان مقامات کو [illegible] پہاڑ [illegible] ہیں [illegible] کی طرح [illegible] ہیں اور ان سے [illegible] ایک [illegible] کی طرف [illegible] حکومت سے [illegible] کی طرف [illegible] اس نے [illegible] بیان کی ہے [illegible] کے [illegible] تھے اور ان کے [illegible] میں [illegible] تھے اور ان سے درمیان [illegible] ایک [illegible] پیدا ہوا [illegible] انہوں نے [illegible] نے اپنی قوم کی طرف [illegible] اور ان کو [illegible] انہوں نے ایک دوسرے [illegible] تو انہوں نے ان [illegible] بن محمد [illegible] اور دوسری جانب سے [illegible] اور ان کا [illegible] سب [illegible] کی طرف [illegible] ان کے درمیان [illegible] جانب سے [illegible] نے [illegible] اور ان پہاڑ کی طرف لے گئے [illegible] اور [illegible] کے قبائل [illegible] اور [illegible] والے [illegible] میں [illegible] قبائل میں شمار ہوتے ہیں [illegible] کی [illegible] کی [illegible] ان پہاڑ میں رہتے ہیں جو ان کے نام سے مشہور ہے [illegible] اور [illegible] ہیں جو ان [illegible] کی طرح [illegible] بیان کیا ہے [illegible] ان کے [illegible] قریب آیا تو وہ [illegible] نے [illegible] کی اور انہوں نے ان کی طرف [illegible] اور ان کی قوم نے [illegible] جانے [illegible] ہے [illegible] قبائل [illegible] کے قریب رہتے

ہیں جو مغرب اقصیٰ میں ہے اور انہیں وہاں پر بڑی کثرت حاصل ہے اور بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ وہ حجاز کے نواح میں رہتے ہیں جو عرب جزیرہ نما سے تھا اور ان سے نکل گئے اور انہی میں شمار ہونے لگے اور ان میں سے کچھ قبیلے معقل اور سعید خالدی کی بستیوں اور علاقوں میں رہتے ہیں اور اسی طرح ان میں سے ایک قبیلہ حجاز کے نواح میں رہتا ہے جو لواتہ کے نام سے معروف ہے اور یہ کرامت کے میدان میں اترتے ہیں۔ بہر حال کہ صفاقس شہر سے جنوب والے اپنی کھیتی اور چارہ وغیرہ کی نگہداشت کے لئے آباد کرتے ہیں اور ان کی سرداری اس عہد میں زائدہ بن صواب کی اولاد میں ہے اور سلطان کی جانب سے ان پر ایک مقررہ ٹیکس عائد ہے اور لواتہ کے ان لوگوں کے لئے ایک فوج بھی مقرر ہے اور ان کے اور بھی بہت سے قبائل ہیں جو بطون وغیرہ میں شامل ہیں اور قبائل کے درمیان منقسم ہیں۔ واللہ وارث الارض ومن علیھا

ضریسہ کے بنی فاتن کے حالات جو بتری بربریوں کا ایک بطن ہیں اور ان کی گردش احوال...

ان کے بطون یہ ہیں مطغرہ، لمایہ، صدینہ، کومیہ، مدیونہ، مغیلہ، مطماطہ، ملزوزہ، مکناسہ، دونہ اور یہ سب کے سب فاتن بن تمصیت بن ضریس بن زحیک بن مادغیس الابتر کی اولاد میں سے ہیں اور یہ بربریوں سے ظاہر ہوئے ہیں اور ہم ان کے ایک ایک بطن کے متفرق حالات بیان کریں گے

مطغرہ: یہ ان قبائل سے زیادہ ہیں اور خاص طور پر بڑی بیویوں والے ہیں اور ان کی اکثریت خیمے والے ہیں اور ان کی اکثریت اسلام کے زمانے سے مغرب میں رہتی ہے اور انہوں نے ابتدا ہی سے قوت و شجاعت میں حصہ لیا اور یہ کام کرتے گئے اور جب اسلام بربریوں میں آیا تو یہ فتح اندلس کے لئے چلے گئے اور ان کے ساتھ وہ قومیں بھی گئیں جو وہاں پر ٹھہر گئیں اور جب خارجیوں نے دین میں بدعت کی اور بربریوں میں سرایت کی تو مطغرہ نے صفریہ کا مذہب اختیار کر لیا اور ان کا سردار میسرہ تھا اور حقیر کے نام سے معروف تھا اور جب عبیداللہ بن الحبحاب، ہشام بن عبدالملک کی طرف سے افریقہ کا حکمران بنا تو اس نے اسے حکم دیا کہ وہ مصر سے اس کی طرف جائے تو وہ اسی وقت وہاں آیا اور اس نے عمر بن عبداللہ المرادی کو طنجہ اور مغرب اقصیٰ کا گورنر اور اپنے بیٹے اسماعیل کو سوس اور اس کے ماورا علاقے پر گورنر مقرر کیا پس ان والیوں کی حکومت مسلسل قائم رہی اور ان کی بد سیرتی بربریوں میں اثر انداز ہو گئی اور وہ ان کے حالات سے برا منانے لگے اور وہ ان سے بربری وصائف اور شہد رنگ چادروں اور مغرب کی دیگر چیزوں کا مطالبہ کرتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ ان کو دکھانے میں مبالغہ کرتے یہاں تک کہ بکری کے بچوں سے شہد رنگ کی کھال بنانے کے لئے بکریوں کا ایک گلہ ذبح کر دیا جاتا اور ان میں سے صرف ایک ہی چادر بنتی۔ پس انہوں نے بربریوں کے اموال میں بڑی بے چینی ہوئی۔ پس میسرہ الحقیر جو صفریہ کا لیڈر تھا غضبناک ہو گیا اور اس نے بربریوں کو طنجہ کے گورنر عمر بن عبداللہ کے قتل پر آمادہ کیا تو انہوں نے اسے ۱۲۲ھ میں قتل کر دیا اور اس کی جگہ میسرہ نے عبدالاعلیٰ بن جریج افریقی کو جو روم میں سے رومی الاصل تھا حکمران بنایا اور وہ عرب کے موالی میں سے تھا اور خارجیت کی جڑ تھا اور صفریہ کے نظریات رکھتا تھا۔ پھر میسرہ نے اسے طنجہ پر حاکم مقرر کیا اور سوس چلا آیا۔ پس اس کے عامل اسماعیل بن عبیداللہ کو آ کے قتل کر دیا اور مغرب جنگ کی آگ سے بھڑک اٹھا اور خلفا کی مشرق پر اس کی حکومت ختم ہو گئی اور اس کے بعد وہ انہیں اپنی اطاعت میں نہ لا سکا اور حباب کے بیٹے نے ساتھی خالد بن ابی حبیب کے ہراول دستے میں فوجوں کے ساتھ ان سے جنگ کی اور ہراول دستے کو

شکست دے دی اور خالد کو قتل کر دیا اور بربریوں نے یہ خبر اندلس میں سنی تو انہوں نے اپنے عامل عقبہ بن الحجاج سلولی پر حملہ کر دیا اور اسے معزول کر دیا اور عبدالملک بن قطن فہری کو حاکم بنا دیا اور جب ہشام بن عبدالملک کو یہ اطلاع ملی تو اس نے کلثوم بن عیاض مری کو بارہ ہزار شامی فوج کے ساتھ بھیجا اور اسے افریقہ کا والی بنایا اور عبیداللہ بن حبحاب نے اسے حکومت دے دی اور کلثوم ۱۲۳ھ میں بربریوں سے جنگ کے لئے گیا یہاں تک کہ اس کا ہراول دستہ طنجہ کے مضافات میں اسبو مقام پر پہنچا تو بربریوں نے میسرہ کے ساتھ اس سے جنگ کی اور انہوں نے ان کے درمیان درہ کے روز ساتھ ملاقات کی اور خارجیت کی مدد میں لگے ہوئے تھے انہوں نے اس کے ہراول دستے کو شکست دے دی پھر اسے بھی شکست دے دی اور قتل کر دیا اور ان کے ساتھ جنگ کرنے میں ان کی یہی تدبیر تھی اور انہوں نے چھوٹی چھوٹی مشکوں کو پتھروں سے بھر کر گھوڑوں کی دموں کے ساتھ باندھ دیا تھا جس سے وہ دوڑ پڑتے اور پانی مشکوں میں پتھروں کی حرکت سے آواز پیدا ہوتی اور عربوں کے جنگی میدان میں انہیں ایک ایک کر کے لے جایا جاتا جس سے ان کے گھوڑے بدک جاتے اور ان کا میدان خراب ہو جاتا اور وہ پریشان ہو کر دور گروہ ٹوٹ پڑتے اور وہ منتشر ہو گئے اور ہر طرف بکھر گئے اور باقی ماندہ لوگ اپنے دستوں کے ساتھ [illegible] جیسا کہ ہم ان کے حالات میں بیان کر چکے ہیں اور معزول اور افریقہ [illegible] کی طرف واپس آ گئے اور اس جہت میں خوارج ظاہر ہو گئے اور مغرب خلفاء کی اطاعت سے دستبردار ہو گیا یہاں تک کہ میسرہ فوت ہو گیا اور اس کے بعد مغراوہ کی سرداری یحییٰ بن حارث نے سنبھالی جو محمد بن خزر اور مغراوہ کا حلیف تھا اس کے بعد مغرب میں ادریس کا ظہور ہوا اور وہ بربریوں کو یہاں لایا اور ان میں اس نے بڑا اثر قائم کیا جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اور ان دنوں مغراوہ کا سردار بہلول بن عبدالواحد تھا جس نے ابراہیم بن اغلب عامل قیروان کی سازش سے ادریس کی اطاعت سے انحراف کر کے ہارون الرشید کی اطاعت اختیار کر لی تو ادریس نے اس سے صلح کر لی اور اسے صلح کی خوشخبری دی پھر اس کے بعد مغراوہ کی ہوا اکھڑ گئی اور ان کی جمعیت پریشان ہو گئی اور حکومت نے ان پر اپنے دامن پھیلا دئیے اور وہ اس عہد میں مغرب کے کونوں اور اس کے اطراف میں بربریوں کے قبائل میں رہنے والے قبائل میں شامل ہیں۔

اور ان میں سے قبائل اور تلمسان کے درمیان بھی قومیں آباد ہیں جو بہت زیادہ [illegible] ہیں اور ان کے علاقوں میں داخل ہیں اور دعوت موحدین کے وقت سے ان کی [illegible] ہیں اور ان کی سرداری خلیفہ کی اولاد کے لئے ہے جو موحدین کے عہد میں ان کا سردار تھا اور [illegible] نے ان کے وطن میں ان کے لئے ساحل سمندر پر ایک قلعہ بنایا جس کا نام تاوحت تھا اور جب عبدالمومن کی حکومت جاتی رہی اور بنو مرین مغرب پر غالب آ گئے تو مغراوہ بن موسیٰ بن خلیفہ نے یعقوب بن عبدالحق کی دعوت سے ان کی حکومت قائم کی اور ندرومہ پر غالب آ گیا اور یغمراسن بن زیان اس کے مقابلہ میں گیا اس نے ندرومہ کو اس کے قبضے سے چھین لیا اور اس پر غالب آ گیا پھر یعقوب بن عبدالحق ان کے مقابلہ میں گیا اور اسے ان کے ہاتھوں سے چھین لیا اور اسے فوجوں سے بھر دیا اور [illegible] کو عامل مقرر کیا اور کچھ مدت بعد وہ مغرب کی طرف لوٹ آیا اور اس قلعہ میں پانچ سال رہا پھر اپنے آپ کی طرف دعوت دینے لگا۔ پھر یغمراسن نے اس سے رشتہ داری کی اور ۶۷۲ھ میں اسے صلح کی خاطر لے آیا اور اس عہد تک [illegible] ان کی سرداری قائم ہے اور مغراوہ کے قبائل میں سے ایک قوم جن فاس میں رہتی ہے جو ان

کے نام سے مشہور ہے اسی طرح ان کے بہت سے قبائل تیلمسان کے نواح میں رہتے ہیں اور وہاں کے اکثر باشندے انہی میں سے ہیں اور اسی طرح مغراوہ کے قبائل میں سے صحرائے مغرب میں رہتے ہیں جو ان کے محلات میں آباد ہیں اور انہوں نے عربوں کے طریقہ کے مطابق کھجوروں کے درخت لگائے ہیں اور ان میں سے بہت سے لوگ تیلمسان کی جانب توات سے تمنطیت تک جو اس کی آخری عملداری ہے دوسرے بربریوں کے ساتھ رہتے ہیں اور ان میں سے کچھ تیلمسان کی جانب میں اس سے چھ دن کی مسافت پر رہتے ہیں اور وہاں پر قریب قریب محلات بنے ہوتے ہیں اور وہ سب مل کر ایک بڑا شہر بن جاتا ہے جو دیہاتی آبادی سے بھرپور ہے اور صحرا کا ایک شہر شمار ہوتا ہے اور جنگل میں دور آباد ہونے کی وجہ سے حکومت کے سایہ سے باہر ہے اور اس کی سرداری بنی سید میں ہے جو ان کا ایک بادشاہ ہے اور اس کے مشرق میں کچھ فاصلے پر پے در پے کئی بستیاں آتی ہیں اور ان میں سے آخری بستی جبل راشد سے ایک دن کی مسافت پر ہے اور یہ بنی عامر کے میدانوں میں ہے جو زغبہ سے تھے اور ان کے اوطان جنگل میں ہیں اور انہوں نے اپنے بیٹوں کی خوشحالی اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ان پر قبضہ کیا یہاں تک کہ یہ شہر یازرتی کی طرف منسوب ہو گئے اور ان محلات سے مشرق کی جانب اور پانچ دن کی مسافت پر ایک شتالک جگہ ہے جو جنگل میں گھس جاتی ہے اور قلیدہ وبلی کے نام سے معروف ہے جسے مغراوہ کے قبیلے نے آباد کیا ہوا ہے اور جب کسی سال صحرا اولیاء ہو جاتا ہے تو وہ وہاں آکر اس کے ٹیلوں میں ٹھنڈک حاصل کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ اس کی جانب سے اندر گھسا ہوا ہے اور ان مغراوہ کے کچھ قبیلے مغرب اوسط اور افریقہ کے مقامات میں رہتے ہیں وللّٰہ الخلق جمیعاً

لمایہ: یہ بنی بطین ہیں جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے اس کا بھائی مغراوہ ہے جن کے بہت سے بطون ہیں۔ جن میں سے کچھ کو مطاطہ اور ان کے اصحاب نے شمار کیا ہے جیسے زکارہ، مزیزہ، مطغرہ اور مدین یہ سب لمایہ میں سے ہیں اور افریقہ اور مغرب میں سفر کرنے والے ہیں اور ان کی اکثریت مغرب اوسط میں سوس کی زمین کے ٹیلوں سے جو صحرا کے قریب ہے اور جب خارجی دین بربریوں میں سرایت کر گیا تو انہوں نے اباضیہ کا نظریہ اپنا لیا اور اسی کی طرف منسوب ہونے لگے اور اسے اپنا دین بنا لیا اور ان کے ہم وطن پڑوسیوں نے بھی جو ہوارہ، ولواتہ میں سے تھے۔ اسے اپنا دین بنا لیا اور یہ ارض السرسو میں ان سے منداس اور زواغہ کے مغرب میں رہتے تھے اور مطماطہ اور مکناسہ اور زناتہ سب کے سب جوانب اور مشرق میں رہتے تھے اور سب کے سب خارجی تھے اور ان میں سے کچھ اباضیہ کے نظریات بھی رکھتے تھے اور عبدالرحمٰن بن رستم فتح کے مسلمانوں میں سے تھا اور وہ بنی رستم کے بیٹوں میں سے تھا جو قادسیہ میں ایرانیوں کا سپہ سالار تھا اور وہ فتح کرنے والے مہاجرین دستوں کے ساتھ افریقہ آیا تب اور وہیں موجود تھا اور اس نے اباضی خارجیوں کا دین اختیار کر لیا تھا اور وہ ان کا تربیت یافتہ اور ان کا حلیف تھا اور جب اباضیہ نے قیروان میں ورفجومہ کے تسلط پر حملہ کیا اور جنگ کرتے ہوئے طرابلس کی جانب جمع ہو گئے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے اور وہ اباضیہ کے امام ابن الخطاب عبدالاعلیٰ بن السمح المعافری کے پاس جمع ہو گئے اور طرابلس پر قبضہ کر لیا پھر انہوں نے قیروان پر قبضہ کر لیا اور اس کے والی عمرو نے عبدالملک بن ابی الجعد کو قتل کر دیا اور ورفجومہ اور باقی ماندہ مغراوہ میں قتل عام کیا خونریزی کی اور قیروان میں عبدالرحمٰن بن رستم کو جانشین بنانے کے بعد ابوالخطاب اور اس

کے اباضی ساتھی جو زناتہ اور ہوارہ وغیرہ میں سے تھے وہیں آ گئے اور منصور بن ابی جعفر کو ان قوموں کے قتل اور افریقہ اور مغرب میں بربری خارجیوں کی زور کثائی اور قیروان میں ان کی امارت پر قبضہ کرنے کی خبر ملی تو اس نے محمد بن اشعث خزاعی کو فوج دے کر افریقہ کی طرف بھیجا اور اسے وہاں پر خوارج کے ساتھ جنگ کرنے کا کام سپرد کیا۔ پس وہ ۱۴۴ھ میں افریقہ آیا اور طرابلس کے قریب ابوالخطاب اسے اپنی فوج کے ساتھ ملا پس ابن اشعث نے اس پر اور اس کی قوم پر حملہ کر دیا اور ابوالخطاب قتل ہو گیا اور عبدالرحمن بن رستم کو یہ خبر اس کے دارالامارۃ قیروان میں ملی تو وہ اپنے بیوی بچوں کو لے کر مغرب اوسط کے ان بربری اباضیوں سے جا ملا جن کا ذکر ہم کر چکے ہیں اور لماية کے ہاں اترا کیونکہ ان کے اور اس کے درمیان قدیم سے حلف کا معاہدہ تھا پس انہوں نے اکٹھے ہو کر اس کی بیعت خلافت کر لی اور منصور کے شہر کو چھوڑ گئے جہاں ان کی کرسی امارت تھی پس انہوں نے جبل کزول [illegible] کے دامن میں منداس کے ٹیلوں پر تاہرت شہر کی تعمیر شروع کر دی اور وادی مینا اس کی حد بندی کی جہاں سے چشمے بہتے ہیں اور قبلہ و مشرق سے گزرتے ہوئے وادی شلف میں جا گرتے ہیں۔ پس عبدالرحمن بن رستم نے اس کی بنیاد رکھی اور ۱۴۴ھ میں اس کی حد بندی کی اور اس کی حد بندی میں وسعت پیدا ہو گئی یہاں تک کہ عبدالرحمن فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا عبدالوہاب [illegible] اباضیہ کا لیڈر تھا اور ۱۹۶ھ میں ہوارہ کے ساتھ طرابلس کی طرف جنگ کرنے کے لئے گیا۔ جہاں اس کے باپ کی طرف سے عبداللہ بن ابراہیم بن اغلب حکمران تھا پس اس نے بربری اباضی فوج کے ساتھ اس کا محاصرہ کر لیا یہاں تک کہ ابراہیم بن اغلب فوت ہو گیا اور عبداللہ بن اغلب اپنی امارت کے لئے قیروان آیا پس عبدالوہاب نے اس سے اس شرط پر صلح کی کہ صحرا ان کے لئے ہو گا اور وہ نفوسہ کی طرف واپس چلا گیا اور عبداللہ قیروان چلا گیا اور عبدالوہاب نے اپنے بیٹے میمون کو حکمران بنایا جو اباضیہ صفریہ اور واصلیہ کا لیڈر تھا اور [illegible] صفریہ [illegible] واصلیہ [illegible] سے [illegible] کے [illegible] اقتدار کے [illegible] جو [illegible] اور خیموں میں بسنے والے تھے اور تاہرت میں بنو رستم کے بیٹوں کی حکومت رہی اور ان کے مغراوہ اور بنی یفرن میں [illegible] جب انہوں نے تلمسان پر قبضہ کیا اور ادریس اکبر کی اطاعت میں داخل ہونے پر آمادہ کیا [illegible] کے قریب وہاں پر [illegible] کو گرفتار کر لیا اور وہ بقیہ ایام میں ان کے لئے رکاوٹ بنے رہے یہاں تک کہ عبداللہ شیعی [illegible] میں افریقہ اور مغرب پر غالب ہو گیا اور تاہرت میں ان پر غالب آ گیا اور ان کے بادشاہوں کو قتل کر دیا اور عبداللہ کی دعوت مغرب کے اطراف میں پھیل گئی اور اس حکومت کے تغیر سے ان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور عروبہ بن یوسف کتامی نے جس نے شیعوں کے لئے مغرب کو فتح کیا تھا ابو حمید [illegible] بن صولات لہیصی سے تاہرت پر حاکم مقرر کرنے کا عہد کیا۔ پس وہ [illegible] میں مغرب کی طرف گیا اور [illegible] نکلا اور [illegible] کے اباضیہ سے معرکوں میں الجھ گیا اور انہیں [illegible] ان کے دین پر آ [illegible] اور وہاں پر دین خوارج کا [illegible] یہاں تک کہ [illegible] میں [illegible] پھر اسماعیل منصور [illegible] کے زمانے [illegible] کے دور [illegible] کی دعوت دیتے تھے اور حمید بن [illegible] کے پاس چلا گیا۔ [illegible] تاہرت کا والی تھا تو اس کے بعد منصور نے تاہرت پر میسور الخصی کو والی مقرر کیا جو احمد بن [illegible] کا [illegible] حمید [illegible] نے تاہرت پر چڑھائی کی اور میسور کو شکست ہوئی اور [illegible] نے تاہرت میں داخل

ہو کر احمد بن معالی اور منصور کو گرفتار کر لیا اور ایک مدت کے بعد انہیں رہا کر دیا اور اس کے بعد تاہرت عبیدیوں کے باقی ماندہ ایام میں شیعہ اور صنہاجہ کی عملداری میں رہا اور زناتہ نے کئی بار اس پر غلبہ حاصل کیا اور بنی یفرن نے مغراوی امیر مغرب زیری بن عطیہ کے ماتحت ان سے چھین لیا یہاں تک کہ ان علاقوں پر قابض ہو گیا اور مغرب کی حکومت حمود کے پاس چلی گئی پھر ان کے بعد موحدین کی حکومت آئی اور انہوں نے اس پر قبضہ کر لیا اور آج تک ان کی ہے۔ بنو غانیہ نے ان کے لئے بغاوت کی اور یحییٰ بن غانیہ ان کے شہروں پر حملے کرتے رہے۔ افریقہ و مغرب اوسط کے میدان پر غارت گری کرتے رہے اور وہ بار بار موحدین اس میں داخل ہوتے رہے یہاں تک کہ جب ساتویں صدی کے نصف کا دور شروع ہوا تو وہاں کے باشندے اٹھ گئے اور علاقہ خالی ہو گیا اور اس کے نشانات مٹ گئے [illegible]

قبائل لمایہ: یہ لوگ اپنے اس شہر کی تباہ ہونے سے جس کی انہوں نے حد بندی کی تھی اور اس [illegible] ہے گئے اور اللہ تعالیٰ کی بے حد وسعت کے ساتھ [illegible] ہے اور ان میں سے کچھ لوگ قبائل میں منتشر ہو کر باقی رہ گئے ان میں سے ایک جزیرہ ہے جس کے نام سے [illegible] کے ساتھ ایک متعدد جزیرہ موسوم ہے اور وہاں عہد تک رہے اور [illegible] اہل مغرب کے امرا اور ان کے وطن پر پہنچے [illegible] پر قبضہ کر لیا تھا اور وہ لمایہ و [illegible] کے قبائل تھے۔ جو جزیرہ [illegible] کی طرح ہیں اور انہوں نے ان پر قبضہ کر لیا تھا اور ساحل سمندر پر [illegible] نام سے ایک مشہور قلعہ تھا اور [illegible] حکومت کی طرف سے ان کے ساتھ رہا یہاں تک کہ سلطان [illegible] کی حکومت میں قلوف بن [illegible] کے ہاتھ پر آخری صدی کے آخری سال میں وہ جزیرہ فتح ہو گیا اور اس کے بعد وہاں دعوت اسلام مضبوطی سے قائم ہے لیکن وہاں کے [illegible] قبائل بدستور خارجی دین کے پیروکار ہیں اور ان کے مذاہب کی تالیف کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں اور وہ اپنے اصول عقائد اور فروع مذاہب کی روایت کرتے اور اس کے پڑھنے پڑھانے میں لگے رہتے ہیں۔ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ

مطماطہ: یہ زری بن مغیس کی اولاد میں سے مطغرہ اور لمایہ کے بھائی ہیں جن کا ذکر پہلے بیان ہو چکا ہے اور یہ بہت سے قبائل ہیں اور سابق علماء نسب اور ان کے ساتھی نسابوں نے بیان کیا ہے کہ مطماطہ کا لقب مصکاب ہے اور مطماطہ کا نسب بھی انہی کے قبائل کا ہے جو مطماطہ میں سے ہے اور ان کا باپ اور بیٹا بھی تھا جس کا نام ورفل تھا اور ان کی اولاد کا انہوں نے ذکر نہیں کیا اور ورفل کے چار بیٹے تھے ورمابی مصالہ اور [illegible] اور مطیوی اور [illegible] کوئی اولاد نہیں اور باقی تینوں کی اولاد تھی اور انہی سے مطماطہ کے تمام قبائل نکلے ہیں اور ورمابی سے [illegible] ہیں اور [illegible] کی اولاد کا ذکر اور سعید اور تیدی ہیں اور سعید اور تیدی کی کوئی اولاد نہیں اور [illegible] کی اولاد [illegible] سلیمان بن ماقران ورداقی بصمال اور [illegible] ہیں اور یہ سب اپنی ماں کے نام سے مشہور ہیں اور مصغر اس کے لئے نام ہیں اور [illegible] ہے اور [illegible] میں جنہیں بنو [illegible] کہا جاتا ہے اور وہ اپنی ماں کے نام سے مشہور ہیں اور [illegible] سے [illegible] ہیں اور [illegible] بن [illegible] اور [illegible] سے مصالہ بن [illegible] سعید اللہ اور عبد الحمید ہیں۔

اور [illegible] بن [illegible] کے بیٹے [illegible] اور [illegible] ہیں اور [illegible] کا مقام اور [illegible] ہیں اور [illegible]

کے دو رخ اور محمد لے گیا اور [illegible] سے مغربی دور تک [illegible] اور [illegible] ہیں [illegible] سے [illegible] فلاں قوم [illegible] اور اطرافیہ ہے۔ [illegible] اور ان کے مشرقی ساحلوں کے بیان کے مطابق مطماطہ کے قبائل ہیں اور یہ وطن میں منتشر ہیں۔ ان میں سے بعض فاس اور صفرو کے درمیان ایک پہاڑ میں رہتے ہیں۔ جو ان کے نام سے معروف ہے اور ان میں سے کچھ [illegible] اور ان کے مغرب میں [illegible] شمار ہوتے ہیں اور انہی کے نام سے منسوب ہے اور اس میں [illegible] تھے ان کا ذکر [illegible] کی حکومت اور افریقی ممالک میں [illegible] اور ان۔ کہ یہ لوگ قبائل اور متفرق ہیں ان کی کثرت بہت کے لحاظ سے [illegible] اور [illegible] کے پاس [illegible] رہتی ہے اور وہ یہاں پر صنہاجہ کی حکومت کے قیام کا عزم کئے ہوئے ہیں۔

اور بادیس منصور کے ساتھ [illegible] الحسین کی جنگ میں انہوں نے بہت کارنامے دکھائے ہیں اور ان دنوں ان کا سردار عزاز تھا اور اس نے [illegible] بربریوں کے ساتھ [illegible] کئی جنگیں کی ہیں اور جب عزاز فوت ہو گیا تو مطماطہ میں اس کے بیٹے زیری نے حکومت قائم کی اور اس نے کچھ عرصہ حکومت کی تو صنہاجہ اس کی حکومت پر غالب آ گئے جن پر منصور بادیس کے منصور بن ابی عامر کے بارہ [illegible] نے اس پر [illegible] کیا اور [illegible] سے زیری امراء کے طبقے میں شامل ہو گیا اور اس کے [illegible] کارناموں میں شامل تھے۔ جس سے اس کی حکومت پر چھا گیا اور اس کے ہاں بڑی قدر و منزلت رکھتا تھا یہاں تک کہ فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا ظفر اور بھائی عبدالرحمن [illegible] نے مقام کو بلند کرنے اور اس کی حکومت کو چلانے لگے اور جب محمد بن ہشام بن عبد الجبار کی بغاوت کے وقت اپنے بربری امراء و رئیسوں سمیت [illegible] میں محمد کے ساتھ جا ملا تھا اور جب انہوں نے اس کی حکومت کی کمزوری اور اس کی بدتدبیری کو دیکھا تو محمد بن ہشام مہدی کے ساتھ مل کر [illegible] اندلس میں بربری فتنے پیدا ہونے تک اس کے ساتھ رہے یہاں تک کہ یہاں پر فوت ہو گیا۔ مگر مجھے معلوم نہیں کہ یہ کس سال میں فوت ہوا اور اسی طرح ان سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں سے [illegible] اسی [illegible] میں سے تھا اندلس [illegible] کے پاس آیا اور وہ بربری انساب کا عالم تھا۔

اور ان کے مشاہیر میں سے سابق بن سلیمان بن حراث بن مولات بن دوباب ہے جو [illegible] کے مطابق بربریوں کا بڑا نساب ہے اور آخری لوگوں میں [illegible] مہدی کا [illegible] مشہور آدمی ہے جن کا ذکر عنقریب ہم [illegible] مطماطہ کے حالات سے حاصل کی ہیں۔

سہل منداس: ایک بربری [illegible] کا خیال ہے [illegible] کتاب سے [illegible] کہ مطماطہ [illegible] کی اس نے منداس بن مغر بن اوریغ [illegible] نام رکھا ہے اور وہ [illegible] ہے [illegible] کی طرف [illegible] ہے [illegible] کیا جاتا ہے [illegible] ان کے حالات میں بیان کریں گے [illegible] ان پر [illegible] ہو گی۔ یہ [illegible] ان کے بیٹے تھے [illegible] اور [illegible] راوی بیان کرتا ہے کہ جب مطماطہ کی حکومت مضبوط ہو گئی اور اس عہد میں ان کا سردار [illegible] تھا [illegible] منداس [illegible] سے [illegible] دیا [illegible] اس کی حکومت پر غالب آ گیا اور اس کے بیٹوں نے منداس کے [illegible] آباد کیا اور [illegible] ہیں [illegible] گا۔

اور اس عہد میں یہ قوم ہوارہ، مرنیسہ اور حبش میں مل گئی اور جب ہوارہ بھی بہت زیادہ تھی۔ یہ تھے حالات جن پر غالب آ گئے تو ان کے ساتھ شامل ہو گئے اور ٹیکس دینے والے قبائل میں شمار ہونے لگے۔ واللہ وارث الارض ومن علیہا

مغیلہ: جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ یہ مطماطہ اور ملزوزہ کے بھائی ہیں اور ان کے بھائی لمایہ اور دوسرے بھی ہیں ان کی شاخیں بہت ہیں اور وہ اور کتامہ کا بھی یہی حال ہے جو وطن میں بکھرے پڑے ہیں اور ان میں سے بڑے قبیلے ہیں۔ ان میں سے ایک مغرب اوسط میں شلف کے سمندر میں گرنے کی جگہ کے قریب ہے اور اس عہد میں کوئی شہر اس سے پہلے نہیں آتا اور وادی کے ساحل سے عبدالرحمن الداخل اندلس جاتے ہوئے گزرا تھا اور مغیلہ کا ایک فرد ہوا تھا اور ان میں سے ابو قرہ مغیلی بھی ہوا ہے جس نے صفریہ خوارج کا دین اختیار کر لیا تھا اس نے چالیس سال حکومت کی ہے اور عباسیوں کی حکومت کے آغاز میں اس کے اور عرب کے درمیان کئی جنگیں ہوئی ہیں اور اس نے طبنہ میں بھی جنگ کی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابو قرہ بنی مطماطہ سے تھا اور میرے نزدیک یہ درست بات ہے جیسا کہ ہم نے ان کے حالات کو بنی یفرن کے حالات میں موخر کر دیا ہے اور یہ قاعدہ ہی سے تھے۔

اور اسی طرح ان میں سے ایک ابو حسان بھی ہے جس نے اسلام کے آغاز میں صفریہ کا مذہب اختیار کر لیا اور یعقوب بن حبیب بن مرین بن یطوفت جو مغیلہ میں سے تھا اس نے صفری مذہب اختیار کیا اور ابو قرہ کے ساتھ مل گیا اور تلمسان پر غالب آ گیا جیسا کہ بنی یفرن کے حالات میں ہے اور خلیفہ بن خیاط نے بیان کیا ہے اور مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ اسی طرح ان کے ساحل سے موسیٰ بن ابی العافیہ تھا جس کا ذکر عبدالرحمن الناصر نے کیا ہے اور اسی طرح ان میں دلول بن حماد بھی تھا۔ جو علی بن حمود کی حکومت میں ان کا امیر تھا اور یہ وہی شخص ہے جس نے مقدرت اور شکن کے ساحل پر بغاوت کی تھی۔ لیکن اس عہد میں وہ ختم ہو چکی ہے اور صرف چند خاندان باقی رہ گئے ہیں اور اس وطن میں مغیلہ کا کوئی قبیلہ اور جمعیت باقی نہیں رہی اور ان کی دوسری اکثریت مغرب اقصیٰ میں رہتی ہے اور وہ فاس اور صفرو کی پہاڑیوں میں ہیں اور یہ ادریس بن عبداللہ کی دعوت کے لئے تیار ہو گئے اور یہ پہلے ان کی اطاعت پر آمادہ ہو گئے اور وہ مسلسل اسی ذکر پر قائم رہے یہاں تک کہ ادریسی حکومت ختم ہو گئی اور ان کے بقیہ لوگ اپنے وطن میں فاس، صفرو اور مکناسہ کے درمیان رہتے ہیں۔ واللہ وارث الارض ومن علیہا

مدیونہ: جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں یہ فاتن کی اولاد میں سے ہیں اور یہ مغیلہ اور مطماطہ کے بھائیوں میں سے ہیں اور ان کا اکثر حصہ وطن اس عہد میں تلمسان کے قریب تھا جو ان کے نام سے معروف ہے اور یہ اسی کے مضافات اور جہات میں گھومتے پھرتے ہیں اور ان کی زمین ان سے پہلے مشرق کی جانب سے ان کے پڑوسی تھے اور مغرب کی جانب سے پڑوسی تھے اور ساحل کی جانب سے کوہستان بھی ان کے پڑوسی تھے۔

اور ان کے قابل ذکر امراء میں سے ایک ابن مسعود بھی ہے جو ان کا سردار تھا اور ابو حاتم اور ابو قرہ کے ساتھ ان کی جنگ میں شامل تھا اور فتح کے بعد اس وطن کے ساتھ ان میں سے بہت سے آدمی اندلس چلے گئے اور انہیں وہاں طاقت حاصل ہوئی اور ان میں سے ہلال بن ابزبا نے سنہ کے دوران میں عبدالرحمن الداخل کے خلاف بغاوت کی

[illegible] قبائل [illegible] کے قتل [illegible] تھی۔ [illegible] جب [illegible]
[illegible] مغرب [illegible] آپ آگئے تو اس وقت [illegible] تھی [illegible]
[illegible] اپنے [illegible] تسلیم کیا [illegible] کے [illegible] میں [illegible]
[illegible] معروف ہے [illegible] کے درمیان ایک قبیلہ [illegible]
[illegible] علیہ

کتامہ اور [illegible] کے نام سے مشہور ہیں جو [illegible] کا ایک قبیلہ تھا اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ [illegible] ان کے [illegible] سے ان [illegible] ہیں اور [illegible] [illegible]

[illegible] جیسا کہ [illegible] بیان کر چکے ہیں اور [illegible]

عبدالمومن بن علی ان علوم کے حصول کے لئے تیار ہو گیا۔ جو صغر سنی کی وجہ سے سفر کا بہت مشتاق تھا پس وہ اس کی ملاقات کے لئے بجایہ گیا اور اسے تلمسان میں آنے کی دعوت دی مگر وہ اسے اکتاہٹ کے ساتھ ملا اور اس کے اور عزیز کے درمیان سخت نفرت پیدا ہو گئی اور عزم کر لیا کہ اسے پٹوا دیتے اور اسے اذیت دیتے اور اس تک پہنچنے سے روکنے کی وجہ سے ان سے تعصب رکھتے تھے۔ پس عبدالمومن نے اسے ہر طرح سے ترغیب دی اور تلمسان کے طالب علموں کا خط پہنچایا اور عبدالمومن سفر و حضر میں اس سے علم حاصل کرنے لگا اور وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مغرب کی طرف چلا گیا اور خوب علم حاصل کیا اور امام نے اسے عقل اور فہم کی وجہ سے مزید خصوصیت اور قرب سے نوازا اور اس کی تعظیم کا خاص خیال رکھا یہاں تک کہ وہ امام کا مخلص اور اس کے اصحاب کا قرۃ العین بن گیا اور جب اس کے بارے میں مددگار شواہد واضح ہوئے تو وہ اس کی خلافت کی امید کرنے لگا اور جب وہ مغرب جاتے ہوئے راستے میں ثعالبہ کے ٹھکانے کے پاس سے گزرے جن کا ذکر ہم نے پہلے نواح مدینہ میں کیا ہے تو وہ ایک خوبصورت گدھا اس کے پاس لائے جو سواری کے لئے بطور عطیہ کے تھا اور وہ عبدالمومن کو اس پر سواری کی ترجیح دیتا تھا اور وہ اپنے اصحاب سے کہتا اسے اس گدھے پر سوار کراؤ۔ وہ تمہیں شاندار گھوڑوں پر سوار کرائے گا اور جب ہرغہ نے تینملل میں اس کی بیعت کی اور المصامدہ اس کی دعوت پر متفق ہو گئے اور اس نے لمتونہ سے جنگ کی اور مراکش سے مقابلہ کیا اور مقابلے کے ایام میں ایک روز سخت جنگ کے دوران ایک ہزار موحدین مارے گئے تو امام سے کہا گیا کہ موحدین ہلاک ہو گئے ہیں تو اس نے انہیں کہا عبدالمومن نے کیا کیا ہے انہوں نے جواب دیا وہ اپنے سیاہ گھوڑے پر خوب جنگ کر رہا ہے۔ تو اس نے کہا کہ جب تک عبدالمومن زندہ ہے کوئی آدمی ہلاک نہیں ہوا اور جب امام ۵۲۲ھ میں قریب المرگ تھا تو اس نے اپنی خلافت عبدالمومن کو دینے کی وصیت کی اور مصامدہ کے درمیان عصبیت سے متمکن ہوا پس اس نے مہدی کی موت کو پوشیدہ رکھا اور اس کی حکومت کے معاملہ کو موخر کیا یہاں تک کہ شیخ ابو حفص امیر ہنتاتہ اور مصامدہ کے سرداروں نے اس سے مصاہرت کی مراجعت کی اور ان کے متعلق امام کی وصیت کو نافذ کیا پس اس نے حکومت سنبھالی اور موحدین کی سرداری اور مسلمانوں کی خلافت کو اپنے ساتھ مختص کیا اور ۵۲۶ھ میں مغرب کی فتح کے لئے گیا تو غمارہ نے اس کی اطاعت کی پھر وہ وہاں سے ریف کی طرف چلا گیا پھر بطویہ چلا اور پھر بنی یزناسن پھر مدیونہ اور پھر کومیہ لوگوں کے پڑوسیوں ولہاصہ کے پاس گیا۔ پس اپنی قوم کی وجہ سے اس کا بازو مضبوط ہو گیا اور وہ اس کی حکومت میں داخل ہو گئے اور انہوں نے موحدین کے درمیان اس کی حکومت اور خلافت کو مضبوط کرنے کے لئے اس کی مدد کی اور جب وہ مغرب کی طرف لوٹا تو اس کے شہروں کو فتح کیا اور مراکش پر غالب آ گیا تو اس نے اپنی قوم کو مراکش آنے اور وہاں پر اکٹھا ہونے کی دعوت دی کیونکہ ان کی اکثریت کو مغرب سے محبت تھی اور اس تخت خلافت کو اٹھانے اور امر دعوت کے قائم کرنے اور اپنی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لئے مراکش کو وطن بنا لیا پس عبدالمومن اور اس کے بیٹوں نے بقیہ حکومت سے مدد مانگی اور وہ اپنی جگہ پر ایک کتاب کا آغاز تھے اور قوم ان کے ساتھ آ ملی اور وہ فتوحات اور فوج میں پیش پیش تھے اور فوج کے تیار کرنے اور علاقوں کے تقسیم کرنے میں علاقوں نے اختلاف کیا اور ان کا خاتمہ ہو گیا اور ان ابتدائی دشمنوں میں ان میں سے بنو عبد باقی رہ گئے اور وہ سرداری کے لئے قبائل میں شمار ہوتے ہیں اور ان کا زمانہ بدل گیا اور اس نے انہیں مہلت دی ہے پس انہوں نے تاوان برداشت کئے اور تکالیف اٹھائیں اور رسوائی اور عذاب میں اپنے پڑوسیوں ولہاصہ کے ساتھ رہے۔ واللہ مبدل الامر و قضا لک الملک سبحانہ۔

باب: ۱۷

قوم زواوہ اور زواغہ

یہ بطون بتری بربریوں کے بطون میں سمکان بن یحییٰ بن ضری بن زحیک بن مادغیس الابتر کی اولاد میں سے ہیں اور ہم ان میں ان کے ذکر سے ابتدا کرتے ہیں کیونکہ ان کا باپ سمکان کا بھائی ہے۔

زواوہ: اور زواوہ بھی ان کے بطون میں سے ہیں اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ زواوہ کتامہ میں سے ہیں جیسا کہ ابن حزم نے بیان کیا ہے اور بربری نساب انہیں سمکان کی اولاد میں سے شمار کرتے ہیں جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے۔ میرے نزدیک ابن حزم کا بیان صحیح ہے جس کی شہادت زواوہ اور کتامہ کے ساتھ عبیداللہ کے شیعہ ہونے سے ملتی ہے اور بربری نسابوں نے ان کے بہت سے بطون کو شمار کیا ہے اور وہ بنو مجسطہ اور بنو ملیکش ہیں جو صنہاجہ میں سے ہیں اور اس عہد میں ان کے مشہور قبائل یہ ہیں۔ بنو یراثن، بنو مانگلات، بنو حمران، بنو مانی، بنو بوغردان، بنو یتورغ، بنو یوسف، بنو عیسیٰ، بنو بو شعیب، بنو صدقہ، بنو غبرین اور بنو کشطولہ ہیں اور زواوہ کے ٹھکانے بجایہ کے نواح میں کتامہ اور صنہاجہ کے مواطن کے درمیان ہیں اور انہوں نے بلند اور دشوار گزار پہاڑوں کو اپنا وطن بنایا ہے جن سے نظریں خوف محسوس کرتی ہیں اور راہرو ان کے اندھیروں میں بھول جاتا ہے جیسے بنی غبرین جبل زیری میں رہتے ہیں۔ اس عہد میں وہاں درختوں کی علامتیں لگائی گئی ہیں ان کے ذریعے آدمی کو راستے کا پتہ چل جاتا ہے۔ جیسے بنی فراوسن اور بنی یراثن کا پہاڑ ہے اور وہ بجایہ اور تدلس کے درمیان ہے اور وہ ان کا سب سے مضبوط قلعہ ہے اور اسی کی وجہ سے انہیں حکومت پر غلبہ حاصل ہے اور انہیں خراج کے دینے میں اختیار حاصل ہے اور صنہاجہ کی حکومت سے صلح و جنگ کے مواقع پر ان کے بہت [illegible] ہیں جن کا ہم ذکر کر رہے ہیں اس لئے کہ یہ کتامہ کے دوست تھے اور ان کا پہلا آدمی ان کی حکومت کے زمانے میں غالب آ گیا اور بادیس بن منصور ان کے ساتھ ہو گیا اور ان کے شیخ امیر کا بن ابی امامہ نے [illegible] عمر پر اتہام لگایا اس کے بعد بنو حماد نے بجایہ کی حد بندی کی اور ان سے مقابلہ کیا تو وہ آخری حکومت تک ان کے مطیع رہے اور اس عہد تک ان کی قوم اسی طرح چلی آتی ہے۔

بنی یراثن: اور ان میں سے بنی یراثن کی سرداری بنی عبدالصمد میں تھی اور مغرب اوسط کے سلطان ابوالحسن سے بنی عبدالصمد کے سردار نے خط و کتابت کی اس کا نام شمسی تھا اور اس کے دس بیٹے تھے جن کی وجہ سے اس کی شان بڑھ گئی اور وہ ان کی حکومت پر قابض ہو گئی اور جب سلطان ابوالحسن [illegible] پہنچے۔ بیٹے یعقوب کو جو ابو عبدالرحمن کنیت کرتا تھا اپنی چھاؤنی

سے بھاگ گئے وقت کی جو بات تھی جو کہ اس کے گلے سے پکڑ لیا اور اس کے پیچھے سوار لگا دیئے۔ تو وہ اسے واپس لے آئے تو اس نے اسے گرفتار کرنے کے بعد قتل کر دیا جیسا کہ ان کے حالات میں بیان کیا جاتا ہے۔ اس وقت بنی یرابن عفو کے خاندان کے پاس گئے تو اس نے ان سے اپنا نام پوشیدہ رکھا اور اس کے اپنے بیٹے کے خلاف خروج کرنے کی دعوت دی تو حسنی اس کے لوازم کو پورا کرنے کے لئے تیار ہو گیا اور اپنی قوم کو اس کی اطاعت پر آمادہ کیا اور سلطان ابوالحسن نے اموال اس کی قوم میں بھیجے تو وہ دونوں سلامت تھے پھر اسے اس کے مکر و جھوٹ کے متعلق پتہ چلا تو اس نے اس کے عہد کو توڑ دیا اور وہ بلاد مغرب کی طرف چلا گیا جیسا کہ ان کے حالات میں بیان کیا جاتا ہے اور یہ لوگ اپنی قوم اور اس کے بعض بیٹوں کے ایک وفد کے ساتھ سلطان ابوالحسن کے پاس آئے تو سلطان نے اس کی غایت درجہ تعظیم و تکریم کی اور خوب انعام و اکرام دیا اور وفد اپنے وطن واپس چلا گیا اور سرداری ہمیشہ انہی میں رہی۔

ان کو چھپا گیا پس انہوں نے اچانک دشمن کو آ لیا اور فتح حاصل کرنے اور غنیمت لی اور ان کی جگہ کو بھی معلوم کر لیا جس میں انہیں بحیرہ کی نگرانی کا مکلف کیا گیا اور الشوالی نے بحیرہ میں تیر انداز بھیجے اور انہوں نے ان کی طرف جانے والے راستے کو روک دیا اور سلطان نے اپنے ممالک میں فوج کو اکٹھے کرنے والے بھیجے اور اسے ہر جانب سے امداد ملی اور حاکم بجایہ ابو ہلال بھی پہنچ گیا اور عربوں سدویکش ولہاصہ اور ہوارہ کی فوجیں بھی آ گئیں یہاں تک کہ زناتہ کے ملوک مغرب نے بھی اسے مدد دی اور محمد بن عبدالقوی نے اپنے بیٹے زیان کی نگرانی کے لئے بنی توجین کی فوج اس کی طرف بھیجی اور سلطان نے باقی ماندہ تنخواہ دار اور رضا کار فوج پر سات موحدین کو سالار مقرر کیا جن کے نام یہ ہیں۔ اسماعیل بن ابی کلاس عیسیٰ بن داؤد یحییٰ بن ابی بکر یحییٰ بن صالح ابو ہلال عیاد حاکم بجایہ اور محمد بن عبو اور ان سب کے سرخیل یحییٰ بن صالح اور یحییٰ بن ابی بکر تھے اور مسلمانوں کی اس قدر تعداد جمع ہو گئی جسے شمار نہیں کیا جا سکتا تھا اور صلحاء اور فقہاء اور درویش خود جہاد کے لئے نکلے اور سلطان خود اپنے خواص اور دوستوں کے ساتھ ان میں بیٹھ گیا اور وہ خواص اور دل دوست پر تھے۔ شیخ ابو سعید جو العود کے نام سے مشہور تھا اور ابن ابی الحسین اور قاضی ابو القاسم بن البراء اور اہل تحقیق تھے اور محرم ۶۶۹ھ میں مصف مقام پر ان کی جنگ ہوئی پس اس روز یحییٰ بن صالح اور محمد بن عبو نے حملہ کیا اور فریقین میں سے بہت سی مخلوق مر گئی اور انہوں نے عشاء کے بعد پڑاؤ پر حملہ کیا اور مسلمان اس کے نزدیک ہلاک ہو گئے اور پانچ سو نصاریٰ کے قتل کے بعد اس پر غالب آ گئے اور اس کے خیمے جس طرح لگے تھے لگے رہے اور اس نے پڑاؤ کے ارد گرد خندق کھودنے کا حکم دیا پس اسے لوگوں نے دست بدست کھودا اور شیخ ابو سعید نے خود بھی کھدائی کی اور مسلمان تونس میں مصیبت میں پڑ گئے اور بدگمانی کرنے لگے اور سلطان پر تونس سے قیروان جانے کا الزام لگایا گیا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے دشمن کو ہلاک کیا اور فرنجہ کا بادشاہ مر گیا۔ کہتے ہیں کہ وہ طبعی موت مرا تھا اور بعض کہتے ہیں کہ اسے ایک جنگ میں اچانک تیر آ لگا تھا اور بعض کہتے ہیں کہ اسے وبائی مرض ہو گیا تھا اور بعض کہتے ہیں سلطان نے ابن جرام دلائی کے ساتھ اس کے پاس ایک زہر آلود تلوار بھیجی تھی جس سے وہ ہلاک کیا گیا تھا مگر یہ بات بعید از عقل ہے اور جب وہ فوت ہو گیا تو نصاریٰ نے اس کے بیٹے دمیاط پر اتفاق کر لیا اور اس کا یہ نام اس وجہ سے ہے کہ وہ یہاں پر پیدا ہوا تھا پس انہوں نے اس کی بیعت کی اور جانے کا ارادہ کر لیا اور ان کا دارومدار شلیر پر تھا پس اس نے المستنصر سے خط و کتابت کی کہ جو کچھ وہ اپنے آنے پر اخراجات کر چکے ہیں انہیں دے دیئے جائیں پس چونکہ عربوں نے اپنے سرمائی مقامات کی طرف جانے کا عزم کر لیا تھا اس لئے سلطان نے ان کی مدد کی اور اس نے ربیع الاول ۶۶۹ھ میں مصالحت کرنے کے لئے فقہاء کے مشائخ کو بھیجا اور قاضی ابن زیتون نے چند رسالوں کے لئے مصالحت کے انعقاد کی ذمہ داری لی اور ابو الحسن علی بن عمر اور احمد بن الغماز اور زیان بن محمد بن عبدالقوی امیر بنی توجین حاضر ہوئے اور حاکم صقلیہ جو ان اپنے جزیرہ پر صلح کے لئے مخصوص ہوا اور نصاریٰ اپنے بحری بیڑوں کے ساتھ چلے گئے اور انہیں سخت آندھی نے آ لیا جس سے وہ ہلاکت کے قریب پہنچ گئے اور ان میں سے بہت سے لوگ ہلاک ہو گئے اور سلطان نے جو مال دشمن کو دیا تھا اس کا تاوان رعایا پر ڈال دیا جو انہوں نے رضا کارانہ طور پر اسے دے دیا۔ کہتے ہیں کہ وہ مال دس اونٹوں کے بوجھ کے برابر تھا اور نصاریٰ قرطاجنہ میں تیس منجنیقیں چھوڑ گئے اور سلطان نے حاکم مغرب اور نواح کے ملوک سے معاملات کے متعلق اور مسلمانوں سے اپنے دفاع اور اپنی صلح کے

متعلق بات چیت کی اور قرطبہ کو اس کی بیٹیوں سے نکال دیے جانے کا حکم دیا اور فوراً اپنی حکومت کی طرف لوٹ آئے اور یہ ان کے غلبے کا آخری زمانہ تھا پھر وہ مسلسل کمزور ہوتے چلے گئے یہاں تک کہ ان کی حکومت متعدد ریاستوں میں تقسیم ہو گئی اور حکام میں ہر حاکم اپنی جگہ خود مختار امیر بن گیا اپنے آپ کو دوسروں سے ترجیح دینے لگے اور اس دور میں ان کا قدم متزلزل ہوا اور اقتدار درجہ بدرجہ کمزور ہو گیا۔ واللہ وارث الارض ومن علیہا وھو خیر الوارثین۔

اصل میں یہ آل بنی سعید میں سے تھا جو غرناطہ کے قریبی قلعے کے رہنے والے تھے۔ ان میں سے بہت سے آدمی موحدین کے زمانے میں عہدوں کے مالک تھے وہ ان ۱۲۱۰ء ابو الحسن سعید ان میں بہت بڑا کاروباری آدمی تھا اور اس کا بیٹا جس کا نام محمد تھا اس نے اس کی کفالت میں نشو و نما پائی اور جب یہ موحدین مغرب کی طرف لوٹ گئے تو ۱۲۴۲ء میں یہ بھی ختم ہو گیا اور اس کا باپ محمد تونس کی طرف ہجرت کر آیا اور اس دور میں شیخ ابو محمد بن ابی حفص جو حاکم تھا اس کے بیٹے ابو زکریا کی خدمت میں منسلک ہو گیا اور جب اس نے اپنے باپ کی وفات کے بعد حکومت سنبھالی تو تونس کی خود مختاری پر غالب آ گیا پھر یہ ابو زکریا کی مراکش سے آیا اور افریقہ کا امیر محمد بن ابی الحسین ان کے مددگاروں میں سے تھا اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ وہ مراکش میں ستر برس کی عمر میں فوت ہو گیا تھا اور ابن ابی الحسین تونس کی طرف واپس آ گیا اور اس نے امیر ابو زکریا کے ساتھ تعلق میں مضبوطی پیدا کر لیا اور اس کی خواہشات پر غالب آ گیا اور جب المستنصر حاکم بنا تو اس نے تھوڑی دیر تک اسے اپنے طریق پر چلنے دیا پھر اللحیانی کے واقعہ کے بعد اس سے الگ ہو گیا اور بالطبع فخر کرتے تھے اس کے دشمنوں کی چغلی کا اثر ہو گیا اور انہوں نے ابو القاسم بن ابی زیدان الشیخ ابی محمد کے ساتھ اس کی بد اطواری کا تقرب کر کے سلطان نے اسے بتا کر اس کے گھر پر نظر بند کر دیا پھر وہ اپنے دوستوں سے اس کی جگہ مقرر کر لیا اور اس نے اپنے دشمنوں سے بدلہ لیا اور سلطان کے امور میں بھی اس کا نائب ہو گیا یہاں تک کہ ۱۲۶۱ء میں اس کی وفات ہو گئی اور اس نے اس کے عزیز سعید بن یوسف بن ابی الحسین کو تفریح کے کاموں کا مختلف کیا اور اس نے بہت سا مال جمع کر لیا اور انہوں نے بہت کچھ حاصل کیا اور وہ شیخ ابو عبداللہ مختلف علوم کا جامع اور شعر و لغت اور نظم و نثر کا بڑا ماہر تھے اور اس کی ایک تالیف ترتیب بھی ہے جو کتاب جوہری اور اس کے اختصار کی ترتیب کے مطابق ہے اور وہ اپنی ریاست میں مشہور رہے خودداری اور ہمت اور خدمت کی بلندی میں اعلیٰ تھا اور اس کے کچھ اشعار بھی ہیں جن میں سے التجانی نے رحلہ میں کچھ اشعار نقل کیے ہیں اور ان میں سے زیادہ مشہور وہ ہیں جو اس نے امیر ابو زکریا کی طرف سے عثمان بن جابر کو مخاطب کرتے ہوئے بیان کیے ہیں جو اس نے خوشخط ہو کر دی قافیہ ادا کی تھی اور دوسرے اشعار "ذا" کی ردیف میں ہیں اور اس سے قبل دوسرے اشعار بھی "ذ" کی ردیف میں ہیں اور اس کا ایک بیٹا سعید نام کا تھا جو اپنے باپ کی زندگی میں مراتب سلطانیہ میں فوت ہو گیا پھر وہ اپنی انتہا سے پہلے ہی شادمان ہو گیا اور اس کی تیسری صورت شیخ ابو سعید عثمان بن محمد جتاتی جو [illegible] کے نام سے مشہور تھے کی صورت تھی اور مغرب میں اس کے اہل بیت بنی ابی الرابعہ کے نام سے مشہور تھے اور ان میں ایک ابو محمد زکی تھی جو صاحب الاشغال کے نام سے مشہور تھا اور [illegible] کے زمانے میں تیسری سلطنت سے مغرب سے بھاگ گیا اور ۱۲۷۰ء میں تونس چلا گیا اور وہاں ابو عبد اللہ المستنصر تھے۔ یہ بہت کل کی اور امیر ابو زکریا کی بیعت کر لی پس جب اس نے آئے

موحدین کے مشائخ کے درجے اور اپنے اہل مجلس میں شامل کر لیا پھر اس نے بنی نعمان کی مصاحبت کے بعد اس کے بیٹے المستنصر کے ہاں وہ مقام حاصل کیا کہ کوئی اس کی ہمسری نہ کر سکتا تھا اور اس کی رائے اور تدبیر پر غالب آ گیا یہاں تک کہ ۶۷۲ھ میں فوت ہو گیا اور عوام و خواص میں اس کا ذکر خیر باقی رہ گیا۔

اہل جزائر کی بغاوت اور ان کی فتح کے حالات: جب اہل جزائر نے زناتہ اور اہالیان مغرب اوسط کی حکومت کے مٹنے کو دیکھا تو انہوں نے بنی حفص کی حکومت کے قیام کی سوچ کی اور انہوں نے اطاعت کا جوا اپنی گردن سے اتار پھینکا اور علاحدگی اختیار کر لی اور ۶۶۱ھ میں سلطان نے ان کی طرف فوج بھیجی اور اس نے صاحب ثغر بجایہ ابو ہلال عیاد بن سعید ہنتاتی کو جو اس کا ساتھی تھا اشارہ کیا تو وہ ۶۶۲ھ میں موحدین کی فوجیں لے کر آ گیا اور اس نے ایک سال تک ان سے جنگ کی مگر وہ فتح حاصل نہ کر سکا تو وہ وہاں سے بہت سے غنائم لے کر واپس آ گیا اور ۶۶۳ھ میں بجایہ میں فوت ہو گیا اور پھر ۶۷۴ھ میں سلطان نے ان کے ساتھ جنگ کرنے کا قصد کیا اور خشکی میں ان کی طرف فوج بھیجی اور سمندر میں بحری بیڑے بھیجے اور تونس کی فوج پر ابو الحسن بن یاسین کو سالار مقرر کیا اور عامل بجایہ کو اشارہ کیا کہ وہ ایک دوسری فوج بھیجے تو اس نے ابو العباس بن ابی الاعلام کی نگرانی کے لئے ایک فوج بھیجی اور ان بری اور بحری فوجوں نے جزائر کو چاروں جانب سے گھیر لیا اور اس کا محاصرہ سخت کر دیا اور اسے بزور قوت فتح کر لیا اور وہاں میں خوب قتل عام کیا اور گھروں کو لوٹا اور حرم و اموال ضائع ہوئے اور اس نے شہر کے مشائخ کو گرفتار کر لیا اور انہیں پابہ زنجیر تونس لایا گیا اور قصبہ میں قید کر دیا گیا یہاں تک کہ سلطان کی وفات کے بعد واثق نے انہیں رہا کر دیا۔

اور جزائر کی فتح کے بعد سلطان تونس سے شکار کے لئے باہر نکلا اور گھوڑے پر سے گر پڑا اور مرض نے اسے آ لیا اور وہ اپنے گھر واپس آ گیا اور اس کی بیماری میں اضافہ ہو گیا اور اس کی موت کی افواہیں پھیل گئیں اور وہ ۶۷۵ھ کو عید الاضحیٰ کے روز لوگوں کے ہاتھوں کے ساتھ نکلا اور اس کے پاؤں زمین پر گھسٹتے جاتے تھے اور وہ لوگوں کی خاطر صبر کا اظہار کرتے ہوئے تخت پر بیٹھا پھر اپنے گھر میں داخل ہوا اور اسی شب کو فوت ہو گیا اور آل حفص کے ملوک میں یہ سلطان بہت عظیم آدمی تھا اور اس کی شہرت بہت دور دور تک پھیلی ہوئی تھی اور دور دور سے اقالیم کی سرحدوں نے بھی اس کے دامن کو تھامنے کے لئے اپنا ہاتھ بڑھایا ہوا تھا اور بڑے بڑے لوگ خصوصاً اندلس سے عجیب کلام کہنے والے شاعر اور کاتب اور عالم پرہیزگار اور بادشاہ اور بڑے جوش سے اس کے بیٹے کی حکومت کی پناہ لیتے ہوئے مشرق و مغرب میں خلافت کے نشانات کو مٹانے اور اس حکومت کے سربراہ کی آواز دبانے کے لئے جمع ہو گئے اور طاغیہ نے مشرقی اور مغربی اندلس میں سلطنت کی بنیادوں کو ختم کر دیا یعنی قرطبہ پر ۶۳۳ھ میں اور بلنسیہ پر ۶۳۶ھ میں اور اشبیلیہ پر ۶۴۶ھ میں قبضہ ہو گیا اور ۶۵۶ھ میں مشرق میں عربوں اور اسلام کے دارالخلافہ بغداد پر قابض ہو گئے اور بنو مرین نے بنی عبد المومن کی حکومت چھین لی اور ۶۶۸ھ میں موحدین کے دارالخلافہ مراکش میں اکٹھے ہو گئے اور یہ سب کچھ اس کے اور اس کے باپ کے عہد میں ہوا اور ان کی حکومت بڑی مضبوط، مرفہ الحال اور بڑے مال و دولت اور کثرت فوجوں والی تھی اور ان کی جنگوں اور فتوحات اور جلال و عظمت کے بہت سے واقعات ہیں اور اس کے دور میں تونس کے تمدن نے بڑی ترقی کی اور اس کے ماتحت بہت سے رفاہ

مالا مال ہو گئے اور لوگ سواریوں، ملبوسات، عمدہ زینت، تحائف، اشیاء اور برتنوں میں اونچی اور عمدہ چیزوں کا چرچا کرنے لگے۔ لیکن انہوں نے ان چیزوں کو بہت اچھے طریقے پر تیار کیا یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گئے پھر ان کی صف لپیٹ دی گئی۔ واللہ مالک الامور۔

الواثق یحییٰ بن المستنصر مخلوع کی بیعت کے حالات
اور دیگر احوال کا تذکرہ

جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ جب سلطان مستنصر ۶۷۵ھ میں فوت ہو گیا تو موحدین اور دوسرے لوگوں نے اس کے باپ کی وفات کی شب اکٹھے ہو کر اس کے بیٹے کی بیعت کر لی اور اس نے الواثق کا لقب اختیار کر لیا اور اپنی حکومت کا آغاز مظالم کے دور کرنے، قیدیوں کو رہا کرنے، قریش اور اہل دیوان کو عطیات دینے اور مساجد کی اصلاح کرنے اور لوگوں سے بہت سے ٹیکسوں کو دور کرنے سے کیا اور شعراء نے اس کی مدح کی تو اس نے انہیں اچھے انعامات دیئے اور یحییٰ بن داؤد کو اپنی قید سے رہا کر کے بھیجا۔ یہ پہلا مقام ہے جہاں وہ رہا اور لوگوں سے بیعت لیتے اور اس کی حکومت کے قیام کا متولی سعید بن یوسف بن ابی الحسین تھا کیونکہ اسے حکومت میں بڑا مقام اور تجربہ میں بڑا رسوخ حاصل تھا لیکن اس نے حکومت سنبھال لی اور وہ ہمیشہ اسی حالت میں رہا یہاں تک کہ اس نے اسے پچھاڑ دیا اور اس سے حکومت لے لی اس آدمی کا نام یحییٰ بن عبدالملک غافقی تھا اور کنیت ابوالحسن تھی اور یہ اندلس کا باشندہ تھا اور مرسیہ کے مضافات میں رہتا تھا اور یہ دشمن کے غلبے کے زمانے میں شرق اندلس سے غیر ملکی مسافروں کے ساتھ آیا اور یہ بہت عمدہ کتابت کرتا تھا اور اس کے سوا اور کوئی کام نہ جانتا تھا لیکن وہ مضافات میں گھومتا رہا پھر ابوالحسن کی خدمت میں چلا گیا تو اس نے اسے کاتب بنا لیا پھر وہ اسے ولایت و دیوان میں لے گیا تو اس کی شان بڑھ گئی اور وہ ان میں اس کا دوست بن کر سلطان کے پاس آتا جاتا ہو گیا اور جب واثق کی حکومت مستحکم ہو گئی تو اس نے اس کے مرتبہ کو بڑھا دیا اور مشورہ کے لئے خاص کر لیا اور اسے اپنی علامت کی کتابت عطا کی اور سعید بن الحسین اس کی قدر میں مسابقت کرتا تھا اور اس سے حسد کرتا تھا پس اس نے سلطان کو اس کے خلاف کیا اور اسے اس کے مال میں رغبت دلائی اس نے ابو سعید بن ابی الحسین کو بہانے سے گرفتار کر لیا اور قصبہ میں قید کر دیا اور اس نے معقل بن یاسین اور ابن سید وغیرہ کی طرف پیادہ فوج بھیجی اور موحدین میں سے یزید بن ابی الاعلام کو ابن ابی الحسین سے مال لینے اور اس کی آزمائش کرنے پر مقرر کیا اور وہ مسلسل اس سے مال لیتا رہا یہاں تک کہ اس نے تنگی کا اظہار کر دیا اور اس سے حلف طلب کیا گیا تو اس نے حلف اٹھا دیا پھر اسے مارا گیا تو اس نے بتایا کہ اس نے کچھ لوگوں کے پاس اپنا مال بطور امانت رکھا ہوا ہے

جنہوں نے اسے بتایا کہ اس کے متعلق جانتا تو انہوں نے وہ مال اسے دے دیا پھر اس نے اپنے ایک غلام کو اپنے گھر کے ایک مدفون ذخیرے کے متعلق بتایا تو اس نے اس سے تقریباً چھ ہزار دینار نکالے پھر اس کے بعد اس نے اس کی بات کو فاش کیا اور اسے خوب عذاب دیا یہاں تک کہ وہ اسی سال ذوالحجہ میں فوت ہو گیا اور اس کے گھر کی کسی جگہ دفن کیا گیا کہ اس کے دفن کو کوئی نہیں جانتا اور ابوالحسن الخیر حکومت و سلطنت پر قابض ہو گیا اور اس نے اپنے بھائی ابوالعلاء کو حجابت کا والی بنا کر بھیجا اور مشائخ اور خواص نے اس کی سرکشی اور ان کے کبر و نخوت سے جو تکلیف اٹھائی اس پر افسوس کیا یہاں تک کہ اس کا [illegible] کر حکومت پر قابض ہو گیا جیسا کہ ہم آئندہ بیان کریں گے۔

* * *

باب: ۲۳

سلطان ابو اسحاق کا

اندلس میں ورود

اہل بجایہ کا سلطان ابو اسحاق کی

اطاعت میں داخل ہونے کے حالات

سلطان المستنصر نے سنہ ۹ھ میں ابو ہلال عیاد بن سعید ہنتاتی کو بجایہ کا حاکم مقرر کیا اور وہ اسے اس کے بھائی امیر حفص نے حکومت دلائی اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں وہ اس پر اپنی وفات تک جو ۷۲ھ میں ہوئی حکمران رہا اور اس کے بعد اس نے اس کے بیٹے محمد کو وہاں کا حاکم مقرر کیا جسے اس کی حکومت میں بڑی قوت حاصل تھی پھر المستنصر فوت ہو گیا اور اس کا بیٹا الواثق حکمران بن گیا تو اس نے اس کی اطاعت اختیار کرنے میں جلدی کی اور بجایہ کی بیعت کا وفد بھجوایا پھر ابو الحسن القائم الدولہ نے اپنے بھائی ادریس کو بجایہ کی حکومت کا کاروبار سونپا تو اس نے کار سلطنت کو سنبھالا اور احوال کو ٹھیک کر دیا اور مشائخ میں اپنا حکم چلانے لگا اور محمد بن ابی ہلال نے اس کی زیادتی پر برا منایا پس ادریس نے اسے گزند پہنچانے کا ارادہ کیا تو محمد بن ابی ہلال اس کے حملے سے خوفزدہ ہو گیا اور اس نے اپنے بعض دلی دوستوں کو اس کے قتل میں شامل کیا اور سرداروں سے بھی اس کے متعلق گفتگو کی پس انہوں نے ۷ ذوالقعدہ ۷۶ھ کو سلطان کے دروازے میں اسے جو حیثیت حاصل تھی اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا اور اس کے سر کو مختلف لوگوں میں پھینک دیا پس انہوں نے اسے پھینک دیا اور یہ واقعہ سلطان ابی اسحاق کے تلمسان میں اترنے کے ساتھ ہوا اور جب اسے اپنے بھائی المستنصر کی وفات کی خبر ملی تو اس نے تھوڑی دیر تردد کے بعد اپنا حق لینے کا ارادہ کر لیا پھر وہ تلمسان واپس لوٹ آیا اور یغمراسن بن زیان کے ہاں اترا پس وہ اس کی آمد پر کھڑا ہو گیا اور اس کی تواضع کے متعلق مبالغہ آرائی کی اور اہل بجایہ اور ابن ابی ہلال نے بھی اپنا اپنا کام کیا اور الحضرۃ پر سلطان کے ظلموں سے خوفزدہ ہو گئے پس اس نے سلطان ابو اسحاق سے بات چیت کی اور انہوں نے اس کی بیعت کر لی اور اس کے پاس وفد بھیجا جس نے اسے حکومت کے متعلق اکسایا پس اس نے انہیں جواب دیا اور وہ ذوالقعدہ کے آخر میں آیا تو موحدین اور اہل

بجایہ کے سرداروں نے اس کی بیعت کی اور محمد بن ہلال نے اس کی حکومت کو سنبھالا پھر اس نے اپنی فوجوں کے ساتھ قسنطینہ پر چڑھائی کی اور اس سے جنگ کی اور وہاں پر عبدالعزیز بن عیسیٰ بن داؤد موجود تھا پس وہ اسے فتح نہ کر سکا اور وہ بجایہ سے چلا گیا یہاں تک کہ وہ بات ظہور پذیر ہوئی جس کا ہم ذکر کریں گے۔

اور جب واثق اور اس کے وزیر ابن الحبیر کو بجایہ میں سلطان ابو اسحاق کے داخل ہونے کی اطلاع ملی تو اس نے فوجوں کو اس کے پیچھے جنگ کے لئے بھیجا اور اپنے چچا ابو حفص کو ان کا سالار مقرر کیا اور ابو زید بن جامع کو اس کا وزیر بنایا پس وہ تونس سے نکلا اور بجایہ میں اس کی فوج منتشر ہو گئی اور واثق قسنطینہ کی طرف بڑھا اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اس نے امیر ابو اسحاق کو قسنطینہ پر جانے سے روکا پھر امیر ابو حفص نے خروج کے متعلق ابن الحبیر کی مدد کی اور اس نے اپنی فوج کو روکنے کا ارادہ کر لیا پس واثق نے ابو حفص اور اس کے وزیر ابن جامع کو لکھا اور ان میں ہر ایک اپنے ساتھی کو ترغیب دیتے۔ پس ان دونوں نے گفتگو کے بعد امیر ابو اسحاق کو بلانے پر اتفاق کر لیا اور اسے یہ اطلاع بھی بھجوائی اور واثق کو بھی تونس میں یہ خبر پہنچ گئی جب اہل تونس اور دین دوستوں سے تخلف ہو چکا تھا پس اسے حکومت سے ہٹنے کے متعلق یقین ہو گیا اور اس نے سرداروں کو بلایا اور اپنے چچا سلطان ابو اسحاق کے لئے ماہ ربیع الاول ۶۷۸ھ کو حکومت چھوڑ دی اور قصبہ کے شاہی محلات کو چھوڑ کر دار الاقوری کی طرف چلا گیا اور اس کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

الحضرۃ پر سلطان ابو اسحاق کے غلبہ کے حالات۔ جب سلطان ابو اسحاق کو بجایہ سے اپنے امیر ابو حفص اور ابن جامع کا خط ملا تو اس نے تیزی سے سفر کیا اور ان کے پاس پہنچنے میں جلدی کی پھر اسے اپنے بھتیجے واثق کے متعلق اطلاع ملی کہ اس نے تونس میں علیحدگی اختیار کر لی ہے پس وہ سب اور الحضرۃ کے باقی ماندہ باشندے اپنے اپنے مراتب کے مطابق اس کی ملاقات کو گئے اور اس کی اطاعت اختیار کر لی اور وہ اور محمد بن ہلال جو اس کی حکومت کا شیخ تھا نصف ربیع ۶۷۸ھ کے آخر میں الحضرۃ میں داخل ہوئے اور اس نے اپنی دربانی پر ابوالقاسم بن شیخ کو جو کاتب ابی الحسن تھا اور کار سلطنت کے انجام دینے پر ابن ابی بکر بن حسن بن خلدون کو مقرر کیا اور وہ اشبیلیہ سے اپنے بیٹے حسن کے ساتھ امیر ابو زکریا کے پاس گیا کیونکہ اس نے ان کے ساتھ ایک عہد کیا تھا اور حسن مشرق کی طرف چلا گیا اور وہیں فوت ہو گیا اور اس کا بیٹا ابوبکر الحضرۃ میں باقی رہ گیا پس امیر ابو اسحاق نے اسے کار سلطنت میں داخل ہوتے ہی دیوان پر مقرر کر دیا اور جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں کار سلطنت کے منتظم صرف موحدین ہی مقرر ہوتے تھے اور اس نے فضل بن علی بن مزنی کو الزاب کا حاکم مقرر کیا حالانکہ اس کے والی بھی صرف موحدین ہی مقرر ہوتے تھے لیکن اس نے فضل بن علی کے اس عہد کا پاس کیا جو اس نے اس کے ساتھ اندلس جانے کے متعلق کیا تھا پس اس نے اسے الزاب پر اور اس کے بھائی عبدالواحد کو قسنطینہ پر حاکم مقرر کر دیا پھر اس نے ابن الحبیر کو گرفتار کر لیا اور اسے قید کرنے کا حکم دے دیا اور اسے امتحان و آزمائش کے لئے موسیٰ بن یزکیں کے پاس بھیج دیا اور اس نے تعویذات کی بعض مختلف اشکال کی جادو کی تحریریں دیکھیں جن کے ذریعے ان کے خیال میں اس کا مخدوم جادو کرتا تھا پس اس نے اس کے ساتھ گفتگو کی اور اسی حالت آزمائش میں تھی کہ وہ اس کی سطوت کے ایام میں سعید ابی الحسن کی شان میں قسم دینے اور ہلاک ہونے والی تھی یہاں تک کہ وہ اسی سال جمادی الاولیٰ کے مہینے میں فوت ہو گیا اور اللہ تعالیٰ کسی پر ایک ذرہ بھر ظلم نہیں کرتا اور جب

سلطان ابو اسحاق اپنے تخت حکومت پر قائم ہو گیا اور اس کی خلافت کا مرکز مضبوط ہو گیا اور تو اس نے محمد بن ابی ہلال کو گرفتار کر لیا اور اسے اپنے بیٹے کی مصیبت لانے کی وجہ سے قتل کر دیا کیونکہ اسے اس سے حکومت میں خرابی لانے کی توقع تھی اور اسے اس کی فتنہ انگیز مساعی کا بھی علم ہو چکا تھا۔

اور جب واثق حکومت سے الگ ہو گیا اور دار البتوری کی طرف چلا آیا تو وہ وہاں کئی روز تک ٹھہرا اور اس کے تین بیٹے الفضل، طاہر اور طیب بھی اس کے ساتھ تھے پھر اس کے متعلق سلطان ابو اسحاق کے پاس شکایت کی گئی کہ وہ بغاوت کا ارادہ رکھتا ہے اور اس نے اس کام میں فرنج کے بعض عیسائی رؤساء کو بھی شامل کیا ہے جس اس کے مقام ہجیت نے اسے پریشان کر دیا اور اس نے قصبہ میں اس کے بیٹوں کو تنگ جگہ پر اس کے بھائی المستنصر کے زمانہ میں قید کر دیا پھر اس نے ماہ صفر ۶۷۹ھ میں سب کو قتل کر دیا اور اس کی حکومت مضبوط ہو گئی اور اس نے حکومت اپنے بیٹے کو دے دی یہاں تک کہ اس کا وہ حال ہوا جس کا ہم ذکر کریں گے۔

امیر ابو فارس بن سلطان ابو اسحاق کا اپنے باپ کے زمانے میں بجایہ کا حکمران بننا اور اس کا سبب

سلطان ابو اسحاق کے پانچ بیٹے تھے ابو فارس عبدالعزیز، ابو محمد عبداللہ، ابو زکریا یحییٰ، خالد اور عمر۔ ان میں ابو فارس سب سے بڑا تھا اور سلطان المستنصر نے انہیں اپنے عہد حکومت میں ان کے باپ کے اندلس کی طرف بھاگ جانے کی وجہ سے محل کے ایک کمرے میں محبوس کیا ہوا تھا اور ان کا وارث مقرر کیا ہوا تھا پس انہوں نے اس کی زیر کفالت اور اس کے وافر رزق کے تحت پرورش پائی یہاں تک کہ ان کا باپ ابو اسحاق حکومت پر قابض ہو گیا پس وہ اس کے کناروں تک گئے اور پیچھے رہ گئے اور عزت حاصل کی اور انہوں نے بیعت کرنے والے جماعتوں کو پایا اور سلطان نے انہیں ہر طرح سے آزادی دے دی اور ان میں سب سے فائق ان کا بڑا بھائی ابو فارس تھا کیونکہ اسے ولی عہدی کے لئے تربیت دی گئی تھی اور وہ سلطان کے بہترین لوگوں میں سے تھا اور احمد بن ابی بکر بن سید الناس اور اس کے بھائی ابو الحسین نے نیک نیتی کی وجہ سے اس پر اپنی محبت و وجاہت کی چادر ڈالی ہوئی تھی اور وہ سید الناس کا باپ ابو بکر بن حسن اشبیلیہ کے اشراف میں سے تھا وہ حافظ حدیث تھا اور داؤد اور اس کے اصحاب کے مذہب پر ظاہری فقہ کا راوی تھا اور یہ فقہ اہل اشبیلیہ اور خصوصاً اندلس کے لوگوں کے درمیان مروج تھی پس جب طاغیہ نے حکومت پر حملہ کیا اور اس کی سرحدوں کو جڑ سے کاٹ دیا اور اس کے میدانوں کو چھین کر لے گیا اور اس کے دیار و امصار کی طرف گیا تو اس نے سرداروں اور اشراف کو مغرب اور افریقہ کی طرف جانے کی اجازت دے دی اور ان کا زیادہ تر قصد حفصی حکومت کی مضبوطی کے لئے تونس جانے کا تھا پس جب حافظ ابو بکر نے اندلس کے حالات کے اختلال اور اس کے انجام اور اس کے باشندوں کے مٹ جانے کو دیکھا تو اس نے خلفائے تونس کے ساتھ جو تعلق تھا اس کی وجہ سے ان کے پاس جانے کی نیت کر لی پس وہ سمندر پار کر کے تونس میں جا اترا تو سلطان نے اسے بڑی عزت

کے ساتھ ملا اور اُسے اس مدرسہ میں جو تمام اطوار کے پاس ہے اور جسے اس کی ماں ام الخلائف نے بنایا تھا، تدریس علم پر مقرر کر دیا اور اس کے بیٹوں احمد اور ابوالحسن نے اپنے باپ کے اختصاص کی وجہ سے حکومت کے ماحول اور کفالت میں پرورش پائی اور طلب علم سے طلب دنیا کی طرف مائل ہو گئے اور سلطان کے مراتب کی طرف دیکھنے لگے اور انہوں نے سلطان ابواسحاق کے بیٹوں کے ساتھ مل کے ان گھروں سے رابطہ پیدا کر لیا جن میں ان کے چچا نے انہیں ان کے باپ کے جانے کے بعد رہائش دی تھی پس وہ ان سے مل جل گئے اور ان کی خدمت کرنے لگے اور جب سلطان حکومت پر قابض ہو گیا اور اس نے اپنے بیٹے ابوفارس کو ولی عہدی کی ترجیح دی اور اُسے وزارت کے طریقوں پر چلایا تو اس نے احمد بن سید الناس کو چنا اور اس کی تعریف کی اور اس کی عزت افزائی کے لئے اسے خلعت دیئے اور اُسے اپنے حاجب کے لقب سے مختص کیا اور اس کا بھائی ابوالحسین اس بارے میں اس سے زبردستی کے رنگ میں مقابلہ کرتا تھا جس کی وجہ سے خواص ان دونوں سے حسد کرنے لگے پس انہوں نے سلطان ابواسحاق کو دوبارہ بھڑکا دیا اور اس کے مقام سے اُسے خوفزدہ کر دیا کہ احمد بن سید الناس نے اُسے حکومت پر حملہ کرنے میں شامل کیا ہے اور اس نقل میں عبدالوہاب بن قائد الکلاعی نے جو اہل وطن کے کاتبوں میں سے تھا بڑا کردار ادا کیا اور وہ ان دنوں عوام کے لئے لکھتا تھا پس سلطان نے ۷۶۴ھ کے آخر میں محل کے دروازے کی طرف جا کر امیر ابن سید الناس پر حملہ کر دیا پس تلواروں نے اسے کاٹ دیا اور اس کے جسم کو ایک گڑھے میں پھینک دیا گیا اور امیر ابوفارس کو بھی اطلاع مل گئی تو وہ نہایت غمگین ہو کر اپنے باپ کے پاس سوار ہو کر آیا تو اس کے باپ نے اُسے تسلی دی اور بتایا کہ اسے معلوم ہوا ہے کہ ابن سید الناس حکومت کے ساتھ فریب کرنے لگا تھا اور اس نے اپنے ہاتھ سے اس کی سیاست کو مٹایا اور ابوالحسین اس ہلاکت سے بچ گیا اور کئی دن تک روپوش رہنے کے بعد امیر ابوفارس کے آدمیوں کو گرفتار کر لیا گیا پھر اُسے قید خانہ سے رہا کر دیا گیا اور اس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ بھی بغاوت کریں گے اور سلطان نے اس کے بیٹے کو مانوس کرنے کے لئے بہت کوشش کی اور اس کے سینہ سے کینے کو دور کر دیا اور اسے بجایہ اور اس کے مضافات کا حاکم مقرر کر دیا اور اسے وہاں کا مستقل امیر بنا کر بھیجا اور اس کے ساتھ وہاں کے لئے حاجب محمد کو بھیجا جو ابو محمد بن حسن بن خلدون کا بیٹا تھا پس وہ ۷۶۴ھ میں بجایہ کی طرف گیا اور اس کی حکومت کو سنبھالا اور جیسا کہ ہم بیان کریں گے وہ اس کی حکومت کے آخر تک وہاں امیر رہا۔

اس آدمی کا نام ابو محمد بن موسیٰ بن خلیل ہے اور اس کی نسبت کہا ہے جو موحدین کے گھرانوں میں سے ہے اور یہ ابن [illegible] قسنطینہ کا خادم اور دوست تھا اور سلطان ابواسحاق نے اُسے قسنطینہ کا نگہبان مقرر کیا اور اس کی حکومت مستحکم ہو گئی اور ابوالعباس کو فرصت ہوئی تو خلافت کے گھر کے [illegible] وہاں کا حاکم مقرر کیا پھر سلطان ابواسحاق نے اُسے اور ابن وزیر بڑا طامع تھا اور لوگوں کے اموال کو اکٹھا کرنے سے غرض رکھتا تھا اُسے پتہ چلا کہ قسنطینہ اس کا گھر اور پناہ گاہ ہے تو اسے اس میں پناہ لینے اور حکومت پر حملہ کرنے کی سوجھی اور اہل حکومت پر اس کا [illegible] پڑا تو انہوں نے اپنا معاملہ سلطان ابواسحاق کے سامنے پیش کر دیا اور اس کے لئے تیار ہو گئے پس جب اس نے قسنطینہ کی طرف سے جنگ کرنے کے آثار دیکھے تو ان سے کوئی وعدہ نہ کیا اور طاقتور نے اس معاملہ کے متعلق جو اس کے سامنے پیش کیا گیا تھا معذرت کی تو اس نے اُسے قبول کر لیا اور اُسے مبارکباد دی اور جب امیر ابوفارس ۷۶۴ھ میں اپنے مقام امارت بجایہ کی طرف جانے لگا تو اس

[illegible]

سلطان کو جہاد کے لئے فوجوں کی قیادت کرنا [illegible]

[illegible]

غز اسنقر نے اپنے بیٹے ابراہیم کو جو ابو عامر کی نیابت کرتا تھا اپنی قوم کے ایک وفد کے ساتھ اس معاہدے کی تکمیل کے لئے بھیجا یعنی سلطان نے ان کی بیعت پر اعتماد کیا اور ان کے مطالبہ میں ان کی مدد کی اور وہ مصر میں کئی روز قیام پذیر رہے اور انہوں نے دمشق کے قلعوں میں بڑے کارنامے دکھائے اور ربیعہ اپنی عورت کے ساتھ واپس آ گئے اور سلطان دمشق کے پہنچنے کے وقت ان کے پاس گیا اور دو آدمی ان کے مکانات کی تعمیر چیز اور ان کی حکومت کے اور ان کے اور ان کی قوم کے لئے شہرت کا باعث تھی۔

ابو عمارہ دعی کے ظہور اور اس کے عجیب و غریب حالات کا بیان

احمد بن مرزوق ابو عمارہ مسیلی جو بجایہ کے اطراف میں سے مقام مسیلہ سے یہاں آئے تھے اس نے بجایہ میں پرورش پائی اور جہالت سے درزی کا پیشہ کرتا تھا اور وہ اپنے آپ کو بادشاہ خیال کرتا تھا نیز اس کے ذہن میں یہ جم گیا تھا اسے اس بات کی خبر دیتے تھے۔ پھر وہ اپنے شہر کو چھوڑ کر صحرا کی طرف نکلا۔ پس چلا گیا اور مستقل عربوں سے مل جل گیا اور ان کی بیعت کی طرف منسوب ہونے لگا اور دعویٰ کرنے لگا کہ وہ فاطمی منتظر ہے اور وہ لوگوں کو پانی کو سونے میں تبدیل ہوتے دکھاتا پس لوگ اس کے پیچھے ہو گئے اور کئی روز تک اس کے مقام کے متعلق تحقیق کرتے رہے اور بجایہ کے شہروں میں سے (علامہ برزالی کا ایک بیٹا ہے) اعطی بن منقذ نے بتایا کہ اس نے اسے اس کے ظہور کے ایام میں مصر میں دیکھا کہ وہ اس دعوی میں احتیاط کر رہا تھا یہاں تک کہ بجز مغرب کے اسے روانہ کر دیا پھر جب لوگوں نے اس کے سوا جانے کے ارادہ میں اسے عاجز پایا تو اس سے بے رغبتی اختیار کر لی اور وہ وہاں میں پھرتا رہا جیسا کہ طرابلس میں پہنچ گیا اور آپ کے ہاں اترا اور اس میں سے ایک نوجوان نصیر جو الواثق المستنصر کا غلام تھا اور بڑی تعجب کی بات ہے اس نے مصاحبت اختیار کر لی اور جب اس نے اسے دیکھا تو اسے اس میں اپنے آقا کے بیٹے فضل کی شبیہ نظر آئی تو وہ رونے لگا اور اس کے پاؤں چومنے لگا تو ابن ابی عمارہ نے اسے کہا تمہارا کیا حال ہے تو اس نے اسے سب واقعہ بتایا تو اس نے کہا تو نے مجھے اس واقعہ کی خبر بتا دیا ہے اور میں ان لوگوں سے جو ان سے ڈریں کے پیچھے ترجیح دوں گا اور شیخ امرائے عرب کے پاس خوشی کے ساتھ اپنے آقا کے بیٹے کی منادی کرتا ہوا آیا یہاں تک کہ ان پر شک کرنے لگا۔ پھر یاوس بن ابی عمارہ کے پاس ان مقتولوں کے لئے آیا جو عربوں اور واثق کے درمیان ہوئے تھے اور ابن ابی عمارہ نے اپنی حکومت سے قبل کے واقعات انہیں بیان کیا تو انہوں نے تصدیق کی اور مطمئن ہو گئے اور اس کی بیعت کر لی اور ان کی حکومت امیر زیاب مرغم بن صابر بن عسکر نے سنبھالی اور عربوں کو اس کی خاطر جمع کیا اور انہوں نے طرابلس سے جنگ کی اور اس وقت وہاں محمد بن عیسیٰ ہنتاتی حکمران تھا جو عنق الفضہ کے نام سے مشہور تھا جس دولت ابی حفص کو مرغم نے نکلے اور تعددی طرف بڑھے اور اس کی بیعت کی طرف جہاں جانے تھے چلے گئے اور ان پر قبضہ کر لیا پھر وہاں تونس میں چلا گیا اور وزراء کو قتل کیا اور ان سے خوب کریاں حاصل کیا پھر اس نے تونس پر چڑھائی کی تو رجب ۶۸۱ھ میں عبدالملک بن مکی نے اس کی بیعت کر لی اور اس کے آباء کے حق کو پورا کرنے کے لئے بڑھا۔ وہ بیعت اس سے عہد و پیمان لے لیا اور اس کی خلافت کو

اعلان کر دیا اور اپنی قوم کو بیدار کیا اور کعب بن سلیم کو اس کا خادم بنایا اور ان کی سرداری ان کے شیخ عبدالرحمٰن کے بیٹوں میں تھی پس انہوں نے اس کی دعوت کو قبول کیا اور اس کی خدمت میں لگ گئے اور اس کی پارٹی کے لوگ اور کلاوہ اور مغراوہ کی بستیوں کے لوگ اس کی بیعت کو آنے لگے پھر اس نے بلاد توزر اور قسطیلہ پر چڑھائی کی تو انہوں نے اس کی اطاعت قبول کر لی پھر وہ قفصہ کی طرف واپس آیا تو اس کے باشندوں نے بھی اس کی بیعت کر لی اور اس کی پوزیشن مضبوط ہو گئی اور شہرت پھیل گئی تو سلطان ابواسحاق نے تونس سے اس کی جانب فوج بھیجی جس کا ذکر ہم آئندہ کریں گے۔

اور جب طرابلس کے نواح میں دعی کا معاملہ عظیم ہو گیا اور اہل نفزاوہ میں سے بہت سے لوگ اس کی اطاعت میں داخل ہو گئے تو سلطان نے اپنی فوجوں کو تیار کیا اور اپنے بیٹے امیر ابوزکریا کو اس کے ساتھ جنگ کرنے پر مقرر کیا پس وہ تونس سے نکلا اور اس نے قیروان سے جنگ کی اور وہاں سے ٹیکس اور تاوان حاصل کئے اور پھر دعی کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے چل پڑا اور قمودہ پہنچ گیا اور اسے وہاں خبر ملی کہ دعی نے قفصہ پر قبضہ کر لیا ہے پس فوج میں زلزلہ آ گیا اور وہ اس کے اردگرد سے منتشر ہو گئے اور وہ تونس کی طرف لوٹ آیا اور رمضان کے آخری دنوں میں داخل ہو گیا اور دعی بھی قفصہ سے اس کے پیچھے پیچھے آیا اور قیروان میں فروکش ہوا تو وہاں کے باشندوں نے اس کی بیعت کر لی اور مہدیہ، صفاقس اور سوسہ کے باشندوں نے بھی اس کی اقتدا کی اور اس کی بیعت کر لی اور تونس میں بہت افواہیں پھیلیں جس سے سلطان پریشان ہو گیا اور اس نے شوال کے وسط میں شہر کے باہر اپنا پڑاؤ کر لیا اور لوگوں پر جنگ فرض کر دی اور تعداد میں اضافہ ہو گیا اور سلطان شہر سے باہر اپنے پڑاؤ میں آیا اور دعی نے بھی قیروان سے اس پر چڑھائی کرنے کے لئے کوچ کیا تو اس کے پاس فوج اور موحدین کے مشائخ آ گئے اور طاغیہ بنی المستنصر نے جو ان کا طبیب خلیفہ تھا جب اس نے دعی اور اس کے بیٹوں کے ساتھ ان کی تعداد دیکھی تو جنگ میں فوج ان پر ٹوٹ پڑی اور خلافت حکومت کو اکھیڑ دیا پھر حکومت کا بڑا آدمی موسیٰ بن یاسین موحدین کے ایک بڑے گروہ کے ساتھ سلطان سے الگ ہو گیا اور راستے ہی میں دعی کے ساتھ جا ملا پس وہ اقتدار سے اتر گیا اور اس کی حکومت کا کرّ ٹوٹ گیا اور وہ بجایہ کی طرف بھاگ گیا جس کا ذکر ہم بیان کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

سلطان ابواسحاق کے بجایہ جانے اور دعی بن ابی عمارہ کے تونس میں داخل ہونے کے حالات

اور جب آخر شوال ۶۸۱ھ میں سلطان ابواسحاق کی فوج منتشر ہو گئی اور وہ اپنے خواص اور ایک فوج کے ساتھ سوار ہو کر بجایہ جاتے ہوئے تونس کے پاس سے گزرا تو اس کے پاس ٹھہر گیا اور اپنے اہل و عیال کو لے کر قلب الہرد میں چلا گیا اور وہ اس کی تھکاوٹ اور بارش اور بیماری کی وجہ سے بڑی تکلیف برداشت کر رہا تھا اور اپنے راستے میں آنے والے قبائل کو رشوت دیتا اور ان سے صلح کرتا پھر وہ قسنطینہ کے پاس سے گزرا تو اس کے عامل عبداللہ بن توفیان الہرغی نے اسے وہاں داخل ہونے سے روکا اور بعض بستیوں نے اسے خوراک دی اور وہ بجایہ کی طرف کوچ کر گیا اور پھر اس کا وہ حال ہوا جو

بیان کیا جاتا ہے کہ اس دوران میں [illegible] اپنی وزارت اور ابوالقاسم احمد بن [illegible] کو اپنی [illegible] کی امید دلائی [illegible] ابوبکر بن الحسین بن خلدون کو گرفتار کر لیا اور اس سے سب مال لے لیا اور [illegible] کے ساتھ اس سے مال کا مطالبہ [illegible] عبدالملک [illegible] اور حکومت کی [illegible] کر لی اور [illegible] کے [illegible] حکومت نے [illegible] کے [illegible] کی جنگ کی [illegible]

اور جب [illegible] ابواسحاق اپنے ملک سے [illegible] حکومت [illegible] میں [illegible] اس کے پاس آیا اور [illegible] کی حکومت سے [illegible] کے سرداروں اور [illegible] کے [illegible] اس بات پر [illegible] [illegible] کے [illegible] کے لئے [illegible] اس کے ساتھ [illegible]

امیر ابوفارس کے وزیر سے جنگ کرنے اور شکست کھانے اور معرکہ میں اس کے اور اس کے بھائیوں کے قتل ہونے کے حالات اور ان کے باپ سلطان ابواسحاق کے فوت ہونے اور ان کے بھائی امیر ابو زکریا کے تلمسان کی طرف فرار اختیار کرنے کے اثرات

جب [illegible] کے متعلق [illegible] نے اپنے باپ [illegible] کے لئے تیار [illegible] اس نے [illegible] کیا اور اس کے [illegible] کے ساتھ [illegible] دونوں فوجوں [illegible] اور [illegible] میں قتل ہو گیا اور [illegible] بھائی [illegible] کے لئے [illegible] اپنے ہاتھ سے قتل کیا اور ان کے سروں [illegible] کر دیا

گیا اور اس کا چچا امیر ابوحفص جنگ سے بھاگ گیا اور اس کے حالات کا ذکر ہم بیان کریں گے اور جنگ کی خبر بجایہ پہنچی تو وہاں کے باشندے مضطرب ہو گئے اور ایک دوسرے پر حملہ کرنے لگے اور سلطان ابواسحاق اور اس کا بیٹا امیر ابوزکریا تلمسان کی طرف چلے گئے تو اہل بجایہ نے محمد بن السید کو اپنا سردار بنا لیا جو ان میں دعی کی اطاعت پر قائم تھا اور وہ اختفاء کے دوران نکلا تو اسے جبل بنی غبرین میں پایا تو وہ اسے لے آیا اور اسے گرفتار کر لیا اور امیر ابوزکریا تلمسان کی طرف بھاگ گیا اور سلطان ابو اسحاق بجایہ میں قید ہو گیا اور جب دعی کو یہ خبر پہنچی تو دعی نے محمد بن عیسیٰ بن داؤد کو بھیجا جس نے اسے ربیع الاول ۶۸۲ھ کے آخر میں قتل کر دیا اور اس کی حکومت ختم ہو گئی اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ امیر ابوحفص اپنے بھتیجے کی جنگ میں دعی کے ساتھ مرماجنہ میں حاضر تھا جس اس نے پیدل چل کر جنگ سے جان بچائی اور قلعہ سنان کی طرف چلا گیا جو جنگ کی جگہ کے قریب ہوارہ کی پناہ گاہ ہے اور اس کے جانے اور نجات پانے تک وہاں ان کے تین پیروکار آئے وہ ابوالحسن بن ابی بکر بن سید الناس اور ابوالقاسم الرزی اور محمد بن ابی بکر بن خلدون نے پناہ لی جو مؤلف کا جد قریب ہے اور بسا اوقات جب وہ تھک جاتا تو وہ اسے اپنی پشتوں پر اٹھا لیتے اور جب وہ قلعہ سنان آ گیا تو لوگوں میں بے چینیاں ظاہر ہو گئیں اور اس نے تونس کی طرف جانے کی تجویز مشہور ہو گئی اور اس نے عربوں کو گرمایا اور اس سے انہیں دعی پر خروج پر ابھارا اس کی آمد کے دن لوگوں نے اس کے پاس ان کے فسادات کی شکایت کی تو اس نے ان میں سے تین کو گرفتار کر کے قتل کر دیا اور عطیب وغیرہ پھر اس نے موحدین کے سردار ابوالحسن بن یاقرا کو وطن کے ذیابوں کے قلع قمع کے لئے بھیجا اور اسے ان میں توڑ پھوڑ کرنے کا اشارہ دیا پھر ان کا جو آدمی بھی اسے ملا تو اس نے قتل کر دیا پھر اس نے بنی عوف کے مشائخ کو گرفتار کر لیا اور اس نے قریب آ کر انہیں جیل میں ڈال دیا اور دعی پر اس کا بہت برا اثر پڑا اور انہیں۔ پھر اس نے انہیں طلب کیا اور قسطنطان میں امیر ابوحفص کے مقدمے کے متعلق ایک دوسرے کو خط لکھے اور عرب اس کی طرف چلے گئے اور ۶۸۳ھ میں انہوں نے اس کی بیعت کر لی اور اس کے لئے آ گئے۔ یہ اور خبر اسے پہنچی کہ لئے اور ان کے امیر ابوعلی بن ادریس نے اپنی حکومت سنبھال لی اور دعی کو اطلاع ملی تو اسے اپنے ارباب حکومت کے متعلق بدگمانی پیدا ہو گئی اور اس نے اپنی حکومت کے سردار ابوعمران بن یاسین اور ابو ... بن ابی بن ادریس اور حسن بن عبدالرحمن سردار دونوں کو گرفتار کر لیا اور ان کی آزمائش کی اور ان کے اموال لے لئے اور آخر میں انہیں قتل کر دیا اور لوگوں کے دلوں میں اس کے متعلق نفرت پیدا ہو گئی اور اس کی حکومت مضطرب ہو گئی یہاں تک کہ وہ کچھ ہوا جس کا ہم ذکر کریں گے۔

دعی کے خروج اور رجوع کے حالات اور سلطان ابو حفص کا اپنے ملک پر قابض ہونا اور وفات پانا

جب سلطان ابو حفص کا تقرر ہو گیا اور عربوں نے اس کی بیعت کر لی اور اکٹھے ہو گئے، مخبروں سے اس کے متعلق یکے بعد دیگرے باتیں سنیں اور لوگ دیکھتے ہوئے ان کے پاس گئے اور دعی نے ان کی حکومت پر حملہ کر دیا اور انہوں نے اس سے بغض رکھا اور وہ تونس سے اس کے ساتھ جنگ کرنے کے ارادہ سے نکلا۔ پس فوجوں نے اس کے متعلق بری افواہیں اڑا دیں اور وہ شکست کھا کر واپس آ گیا اور عرب نے سلطان ابو حفص کی اطاعت قبول کر لی اور انہوں نے تونس پر حملہ کرنے میں جلدی کی اور سیجوم کے قریب اترا اور دعی نے شہر سے باہر ان کے مقابلہ میں پڑاؤ ڈال لیا اور کئی روز تک جنگ نے ان کے درمیان طول پکڑے رکھا اور لوگ ہر روز دعی کے مکر و فریب کو سمجھتے یہاں تک کہ انہوں نے اس سے علیحدگی اختیار کر لی اور اسے چھوڑ دیا اور اپنے پڑاؤ کو چھوڑ کر روپوش ہو گیا اور سلطان ربیع الآخر ۶۸۳ھ کو شہر میں داخل ہوا اور اس کے تخت حکومت پر قابض ہو گیا اور اس کے دو روز بعد ایک کو خرابی سے پکڑ لیا اور دعی تونس میں روپوش ہو گیا اور وہاں سے پاسبانوں سے نکلنے میں گم ہو گیا اور چاروں طرف اس کی تلاش شروع ہو گئی تو پتہ چلا کہ وہ سلطان کی آمد کی رات میں ریت کے ایک آدمی ابو القاسم الغرمیری کے گھر میں ہے تو اسی وقت اسے گرفتار کر کے وہاں سلطان کے پاس لایا گیا تو اس نے سرداروں کو بلایا اور اسے توبیخ کی اور اس سے برا سلوک کیا تو اس نے ان کے نسب کی طرف منسوب ہونے کا اعتراف کر لیا پس اس نے اس کی آزمائش اور قتل کا حکم دے دیا اور اس سے بے عزتی سے سلوک کیا اور اس کے جسم کو پھرایا اور سر کو نصب کر دیا اور عبداللہ بن عمر اس کے قتل میں شامل تھا اور اس کے حالات بڑے عبرتناک ہیں اور سلطان نے خود حکومت سنبھالی اور المستنصر باللہ کا لقب اختیار کیا اور لوگوں نے اس کی اطاعت اختیار کرنے میں جلدی کی اور طرابلس و تلمسان سے اہل قابس نے اور ان دونوں شہروں کے درمیان رہنے کے لوگوں نے اس کی بیعتیں بھیج دیں اور اس نے شیخ ابو عبداللہ الفزازی کو جنگوں میں اپنا قائم مقام اور مشیر بنایا اور اپنی حکومت کے انتظام کے لیے مقرر کیا اور اس سے پہلے حاجب تھا اس بات سے کنارہ کشی کرتے تھے اور اپنے حقوق کا کوئی دروازہ نہ کھولتے تھے اور دونوں بے نیاز رہے اور اکٹھے تھے پس ان کا قیام تھا یہاں تک کہ دونوں میں جو پیش آیا جس کا ذکر ہم آگے کریں گے ان شاء اللہ۔

اور عظیم واقعات میں سے ایک واقعہ یہ ہے کہ اس سلطان کے دور حکومت میں دشمن نے سمندری جزیرہ جربہ پر حملہ کر دیا وہاں کے لوگوں کو قید کر لیا اور یہ سب ۶۸۸ھ میں جربہ پر حملہ کر کے قبضہ کر لیا وہاں ان دنوں جزیرہ کی ریاست محمد بن عمر بن شیخ ابو حیو اور شیخ النازہ کے پاس تھی اور یہ دونوں خوارج کے فرقے ہیں اور صقلیہ کے حکمران المراغونہ نے عہد کیا ابن الحریدا کو جو برشلونہ کے سمندری علاقوں کا بادشاہ تھا کا نائب بن مرغان پر چڑھائی کی جسے وہ مرقیان اور حوالی کے متعلق کہتے تھے اور انہوں نے انہیں کئی بار شکست دی پھر انہوں نے ان پر قبضہ کر لیا اور ان کے اموال کو لوٹ لیا اور وہاں کے باشندوں کو قیدی

بنا کر لے گئے کہتے ہیں کہ جنوب میں گرم پتھر مارنے کے بعد ان کی تعداد آٹھ ہزار تھی اور یہ واقعہ مسلمانوں کے لئے نہایت اندوہ گیں تھا پھر انہوں نے اس کے ساحل پر ایک قلعہ بنایا اور اسے محافظوں اور ہتھیاروں سے بھر دیا اور ہر سال وہاں پر آٹھ ہزار دینار ٹیکس مقرر کیا اور صدی کے سرے تک اسے ایسا ہی قائم رکھا اور الجزیرہ نصاریٰ کے قبضہ میں رہا یہاں تک کہ [illegible]ھ کے آخر میں یہ لوگ باقدس کی طرف واپس آ گئے جیسے کہ ہم اس کا حال بیان کریں گے اور [illegible]ھ میں دشمن نے جزیرہ بعرقہ کو فتح کر لیا اور طاغیہ برشلونہ بیس ہزار جانبازوں کے ساتھ اپنے بحری بیڑوں میں سوار ہو کر اس کی طرف گیا اور یہ لوگ بعرقہ کے پاس سے گزرے اور یوں معلوم ہوتا تھا کہ یہ لوگ ایک سمندر ہیں اور انہوں نے اہل مرسیٰ بحیم رودی سے پانی پینے کے لئے اترنے کی اجازت طلب کی تو اس نے انہیں اجازت دے دی پس جب یہ لوگ ساحل پر آ گئے تو انہوں نے وہاں کے باشندوں کو جنگ کا الزام دے دیا اور تین دن لڑتے رہے اور مسلمانوں نے ہزاروں آدمیوں کو قتل کیا اور زخم لگائے اور طاغیہ کے بیٹوں میں تھا یہی وہ جنگ سے ایک طرف ہو گیا اور جب تیسرا دن ہوا اور شکست اس کی قوم پر چھا گئی تو طاغیہ نے فوج کے ساتھ حملہ کر دیا اور مسلمان شکست کھا گئے اور انہوں نے اپنے قلعے میں پناہ لی اور دیواروں سمیت محصور ہو گئے اور انہوں نے ابن حکم کو اپنے اہل اور حرم کا ذمہ دار بنایا اور معتصم کی طرف چلے گئے اور بقیہ لوگوں نے دشمن کے فیصلے کو قبول کر لیا اور پھر وہ بعرقہ کی طرف گیا اور وہاں کے ذخائر اور سامان پر قبضہ کر لیا۔

اور اس کے بعد [illegible]ھ میں قزوری کی بندرگاہ میں خیانت کی اور اس کی فصیلوں کو توڑ کر اس کے اندر گھس گئے اور جو کچھ وہاں موجود تھا اٹھا لے گئے اور وہاں کے باشندوں کو قیدی بنا کر لے گئے اور گھروں کو جلا دیا پھر یہ تونس کی بندرگاہ سے گزرے اور اپنے شہروں کی طرف واپس لوٹ آئے اور اسی سال یا اس کے بعد [illegible]ھ میں دشمن کے بحری بیڑے نے المہدیہ سے جنگ کی جس میں جنگ کے لئے سوار موجود تھے پس انہوں نے کئی بار اس پر چڑھائی کی اور مسلمانوں نے تمام المہدیہ کو فتح کر لیا پھر اہل مجم کی مدد آ گئی اور دشمن شکست کھا گیا یہاں تک کہ انہوں نے بحری بیڑے کے ساتھ ان پر حملہ کر دیا اور وہ ناکام ہو کر واپس لوٹ گئے۔

باب: ۲۴

امیر ابوبکر زکریا

کا الجزائر و قسطنطنیہ پر قبضہ

کے مختصر حالات اور اس کا آغاز اور اس کا انجام

امیر ابوبکر زکریا بن سلطان زکریا بن [illegible] کی تربیت [illegible] سے [illegible] کی وجہ سے حکومت کی نیابت [illegible] تھی اور یہ امراء ان کے حسن سلوک کی داد دیتے تھے [illegible] کے مقابل [illegible] میں سلطنت [illegible] تھا ایک [illegible] کا قبضہ پایا اور جب یہ بجایہ میں اپنے باپ کی وفات کے بعد [illegible] تلمسان [illegible] تو اپنے [illegible] کے بعد ابوالحسن [illegible] کے باپ [illegible] کے بعد سلطان [illegible] ان کے پیچھے پیچھے آ گیا۔ [illegible] نے [illegible] بیعت [illegible] اور حکومت [illegible] عبداللہ [illegible] تلمسان میں [illegible] کے ساتھ [illegible] حکومت کے [illegible] حکومت کی [illegible] سلطان ابو [illegible] ابوزکریا نے اپنے [illegible] کے مقامات میں چلے گئے [illegible]

کی ابتداء میں تونس اس کا عامل ابوزیان تھا جو موحدین کے مشائخ میں سے تھا اور بجایہ کا حکمران ابوالحسن بن طفیل تھا جس کی عامل کے ساتھ رشتہ داری تھی پس اس نے امیر ابوزکریا کو بلا بھیجا۔ حالات میں شامل کرلیا اور اس کے لئے اور اس کے رشتہ داروں کے لئے شرط لگائی پس سلطان نے ان کی شرط کو پورا کردیا اور انہوں نے اسے البلاد پر قبضہ دلا دیا اور وہاں اس کی دعوت کو قائم کیا اور وہ بجایہ کی طرف چلا گیا جہاں کے باشندوں میں اضطراب پیدا ہوگیا تو جس نے بھی اختلاف و اشتعال تک پہنچا دیا تھا جنہوں نے امیر ابوزکریا کو بلا بھیجا تو وہ جلدی سے ان کی طرف گیا اور [illegible] میں بجایہ میں داخل ہوگیا کہتے ہیں کہ قسطنطینیہ پر حکومت سے پہلے اسے بجایہ پر حکومت حاصل تھی اور ہم نے جو کچھ اپنے شیوخ سے سنا ہے اس میں یہ بات سب سے زیادہ درست اور صحیح ہے اور اہل جزائر نے ان کی اطاعت اختیار کرلی اور پھر جبل مرسہ پر قابض ہوگیا اور اس نے المستنصر ابو عبداللہ کا لقب اختیار کرلیا اور اپنے بیٹے کے ادب کی وجہ سے جو المستنصر اس کا خلیفہ تھا اس نے امیر المومنین کے نام کو چھوڑ دیا اور جماعت کے علماء [illegible] موحدین کی [illegible] اس نے ابوالحسن بن سید الناس کو حاجب مقرر کیا جس سے اس کی حکومت مضبوط ہوگئی اور اس نے مغربی جانب اپنے بیٹے کو دے دیا اور حکومت تقسیم ہوگئی یہاں تک کہ تلمسان اس کی اطاعت کے لئے ہوگئی اور انہوں نے الجزائر پر قبضہ کرلیا جس کا تذکرہ ہم [illegible] کریں گے اور جب امیر ابوزکریا نے قریب ہی قبضہ کرلیا اور الجزائر کے مضافات کو حاصل کرلیا تو اس نے تونس پر چڑھائی کرنے کا ارادہ کیا پس اس نے [illegible] میں یحییٰ بن [illegible] ابو محمد اس پر حملہ کیا اور عبداللہ بن [illegible] جو مذہب کے مشائخ میں سے تھا اس کے پاس گیا اور الزاوی نے آ کے ابوزکریا کو تونس سے روکا پھر اس نے تاجس سے جنگ کی اور اس کا محاصرہ کرلیا اور اس کے ساتھ جنگ کرنا اس کو کمزور سمجھا تھا ایک روز اس کے جانبازوں پر شکست طاری ہوگئی تو اس نے ان میں خوب قتل عام کیا اور قیدی بنائے اور ان کی جمعیت کو کمزور کیا اور [illegible] اور کھجوروں کو جلا دیا اور مصرات کی طرف بڑھ گیا اور ان کے واقعات میں سے ایک یہ واقعہ بھی ہے کہ جب امیر ابوزکریا اپنی حکومت کے حصول کے لئے تلمسان سے نکلا تو اس کا [illegible] کی طرف سے واپس لانے سے باز رہا اور اس کی [illegible] عداوت سے اس کا دل لبریز ہوگیا اور اس نے [illegible] تونس کی بیعت کی اور وہاں اپنے [illegible] یحییٰ بن محمد [illegible] کو بھیجا اور اس دوران میں علی بن غانیہ اور [illegible] مغرب اوسط میں ظاہر ہوگیا اور المغرب کے باشندے امیر ابوزکریا کے مقام سے متحمل ہوگئے کیونکہ وہ ان سے مطالبات کرتا اور ان کے وزراء کے ذریعہ ان کو ذلیل کرتا تھا اور انہوں نے عثمان بن [illegible] کو بجایہ کے بعد اس کے قلعہ سے جنگ کرنے میں شامل کیا کہ وہ اس کی اولاد کو [illegible] دے پس اس نے [illegible] میں بجایہ پر چڑھائی کی اور کئی روز تک اس سے جنگ کرتا رہا پھر وہ اس سے باقی ماندہ مضافات کے ساتھ مدد کرنے لگا اور [illegible] چوکیوں کو فتح کرلیا اور امیر ابوزکریا [illegible] میں بجایہ کی طرف لوٹ آیا یہاں تک کہ وہ [illegible] جس کا تذکرہ ہم کریں گے ان شاء اللہ۔

اہل جرید کی مخصوص حکومت کے آغاز کے حالات: ایک روز توزر کی [illegible] سے سدادہ اور توزر کے درمیان جنگ چھڑ گئی جس میں سدادہ کے شیخ کو قتل کیا گیا اور انہوں نے قسم کھائی کہ وہ شیخ توزر سے اس کا بدلہ لیں گے اور توزر کا عامل محمد بن ابی بکر [illegible] تھا جو موحدین کے مشائخ میں سے تھا پس اس نے شیخ توزر کی سرداری کی اور اس کے دشمن

کے مقابلہ میں اس کی مدد کے لئے مال خرچ کیا اور المنتصر سے خط و کتابت کی اور اہل سوسہ کے خلاف اعلان جنگ کر دیا اور اہل نفطہ اور تقیوس ان کے مقابلہ میں اکٹھے ہو گئے اور وہ اہل توزر کی جمعیت میں نکلا اور ان کے شہر میں ان کے ساتھ جنگ کی اور مہلت دینے اور مال خرچ کرنے سے پناہ طلب کی مگر اس نے قبول نہ کیا پس اہل نفزاوہ نے ان کو مدد دی اور اس پر چڑھائی کی تو اس کی فوج شکست کھا گئی اور انہوں نے اس کے شیوخ کو قتل کیا اور قیدی بنا کر توزر لے آئے یہ واقعہ ۷۵۸ھ کا ہے پھر اس کے بعد ان کی دوبارہ جنگ ہوئی تو انہوں نے اس پر فتح حاصل کی اور پھر اس نے ان سے صلح کی اور اس شرط لگائی کہ اس کے سوا ان پر اور کوئی حکم نہ ہوگا اور نفزاوہ کے سوا ان کی ملکیت سے ہوں گے پس اس نے ان کی شرط کو پورا کیا اور یہ اہل الجرید کے اختصاص کا آغاز تھا جیسا کہ ہم آئندہ بیان کریں گے ان شاء اللہ۔ ابو یحییٰ عمر اکبر کی عبد المومن کا آخری خلیفہ تھا جسے ۶۶۸ھ میں قتل کر دیا گیا تھا اور اس کے بیٹے پراگندہ ہو گئے اور زمین میں بکھر گئے۔ اور ان میں سے عثمان مشرق اندلس میں چلا گیا اور طاغیہ برشلونہ کے ہاں اترا اور اس نے اس کی عزت افزائی کی اور وہاں پر اس نے اپنے چچا سید ابی زید المنتصر کی اولاد کو پایا جو عیسائیوں کی رعیت میں تھے ان کے قبیلوں میں ابی زید کا بھائی تھا اور بلنسیہ ابی زید نے اپنے دین کو چھوڑ کر ان کے دین میں آنے کی وجہ سے ایک مقام حاصل تھا پس انہوں نے اپنی قوم کی امداد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اس کی اطاعت کے بارے میں تحریر بھیجی اور انہوں نے مرغم بن صابر بن عسکر کو جو ذباب میں سے جواری کا شیخ تھا اسے اس کی قید سے چھڑانے پر اتفاق کیا جسے اہل صقلیہ میں سے اسطول نے طرابلس کے نواح میں ۶۸۲ھ میں قید کر لیا تھا اور انہوں نے اسے برشلونہ میں ایک آدمی کے پاس اسے فروخت کر دیا اور اسے طاغیہ نے خرید لیا اور وہ اس کے پاس قیدی بن کر ٹھہرا رہا یہاں تک کہ عثمان بن ابی دبوس اس کے پاس آیا اور موحدی دعوت کے حق کے طلب کرنے کی وجہ سے شہرت پا گیا اور اس نے اطراف کے لوگوں میں ہواخواہی کی امید کی کیونکہ وہ ان کے خلفا سے تھا۔ جب یہ بنی دباب کے عبور کر کے طرابلس چلا گیا اور طاغیہ کے پاس بھی اس کی خوش بختی کی امید تھی کہ اس نے مرغم بن صابر کو اس کی خاطر رہا کر دیا اور اس کے ساتھ اس کی مدد کرنے کا معاہدہ کیا اور ان کے لئے بحری بیڑے تیار کئے اور انہوں نے اس کے ساتھ جو مالی شرط طے کی اس کے مطابق اس نے بحری بیڑا دیا کہ جانباز اور دستے بھی دیئے پس وہ ۶۸۸ھ میں طرابلس اترے اور مرغم نے اپنی قوم کو اکٹھا کیا اور انہیں زبانی اس کی اطاعت اختیار کرنے پر آمادہ کیا اور انہوں نے اس کے اور اس کی نصرانی فوج کے ساتھ اتفاق کیا۔ پس جنگ کی اور انہوں نے تین دن تک ان کا محاصرہ کئے رکھا اور ان کو بڑا نقصان پہنچا پھر نصرانی اپنے بحری بیڑے کے ساتھ چلے گئے اور اس کے قریب ترین ساحل پر لنگر انداز ہو گئے اور ابن ابی دبوس اور مرغم طرابلس کے محاصرہ کے لئے فوج اتارنے کے بعد طرابلس کے نواح میں چلے گئے پس انہوں نے ان سے وہ مال لئے جو انہوں نے اپنی شرائط کی ضمانت کے طور پر دینے تھے اور نصاریٰ اپنے بحری بیڑے میں بحیرہ گئے اور ابن ابی دبوس عربوں کے ساتھ گھومتا رہا اور ان کے بعد ابن مکی نے اسے بلایا کہ وہ اپنے اختصاص میں درست ہو جائے مگر ابھی اس کی بات پوری نہ ہوئی تھی کہ وہ ایک بیماری سے ہلاک ہو گیا۔

ابوالحسن بن سید الناس حاجب بجایہ کی وفات کے حالات
اور اس کی جگہ ابن ابی حی کی حکومت کا قیام

اس سے قبل ہم اس شخص کے حالات میں بیان کر چکے ہیں کہ یہ تونس میں امیر ابوزکریا کے ساتھ چلا گیا تھا اور اس کی خوب خدمت کی تھی پس جب امیر ابوزکریا کو افریقہ پر حکومت حاصل ہو گئی اور اس نے اسے بجایہ کے مضافات سے الگ کر دیا اور بجایہ میں اترا اور [illegible] کی مدد کی تو اس نے ابوالحسن بن سید الناس کو اپنا حاجب مقرر کیا اور اس کے دور کے پیچھے جو کچھ تھا اس نے اس کے سپرد کر دیا اور اس نے اس کی ریاست میں ابوالحسن کے طریق پر چلایا اور [illegible] ابن مستنصر کی حکومت میں ابن عباس کے طریق پر یہ لوگ چلے اور اس کے مقاصد کے مددگار تھے۔ پھر اس کی ریاست قابت کے خاندان میں ابوالحسن کی ریاست سے زیادہ بہتر تھی کیونکہ بجایہ کی حکومت کی فضاء [illegible] سے صاف ہو چکی تھی جو اس سے مزاحمت کرنے والے تھے اور اس نے اپنے [illegible] حکومت کو بہت شاندار طریق سے چلایا اور اس کی طرف لوگوں کی توجہ ہو گئی اور زمام حکومت اس کے ہاتھ میں رہی یہاں تک کہ ۶۹۰ھ میں اس کی وفات ہو گئی پس امیر ابوزکریا نے اس کی جگہ اپنے کاتب ابوالقاسم بن ابی حی کو مقرر کیا اور میں اس کی اہلیت کے متعلق زیادہ سے زیادہ نہیں جانتا ہوں کہ وہ اندلس کے مسافروں میں سے تھا۔ وہ حکومت کے پاس آیا اور [illegible] کرنے لگا پھر جب ابوالحسن بن سید الناس کے سپرد [illegible] کیا تو اس نے اس سے لکھوایا پھر اسے ترقی دے دی اور اسے اپنے لئے مختص کر لیا اور اس کو [illegible] سے جوڑ دیا اس نے سید الناس کے ہاتھ سے زمام حکومت لے لی اور دین کی خدمت گزاری سے [illegible] یہاں تک کہ سردار لوگ اس کے پاس اکٹھے ہو گئے اور خواص نے اسے امید دلائی اور سلطان کو اس کے متعلق علم ہوا کہ وہ اپنے خدام کے امور [illegible] دین کی قوت رکھتا ہے اور اسے دوسروں کی کارگزاری سے بے نیاز کر دیتا ہے اور ابوالحسن بن سید الناس فوت ہو گیا تو سلطان نے اسے اس کے کام پر مقرر کر دیا تو وہ اس کے باقی ماندہ ایام حکومت اور اس کے بیٹے امیر ابوالبقاء کی حکومت کے آغاز میں اس کام پر مقرر رہا یہاں تک کہ وہ واقعہ ہوا جس کا تذکرہ ہم بعد میں کریں گے۔ ان شاء اللہ۔

الزاب کا امیر ابو حفص کی اطاعت سے خروج کر کے امیر ابو زکریا کا اطاعت کرنا اور اس کا اپنی جماعت میں بسکرہ کا شامل کرنا

جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ سلطان ابو اسحاق نے الزاب پر فضل بن علی بن مزنی کو امام مقرر کیا جو [illegible] کے مشائخ میں سے تھا اور اس نے اپنی حکومت کو سنبھال لیا اور جب سلطان فوت ہو گیا تو [illegible] [illegible] اپنی قوم کی حکومت سنبھال لی [illegible] امیر ابو حفص کی بیعت [illegible] کے مطابق اس کی جماعت [illegible] منصور بن فضل بن مزنی کے ساتھ جنگ کی [illegible] اپنے بیٹے کی وفات کے وقت الحضرۃ چلا گیا تھا [illegible] حکومت کے [illegible] اور مال جمع کر دیا [illegible] اور سلطان کے [illegible] الزاب کی حکومت [illegible] سلطان کے [illegible] [illegible] امیر ابو زکریا کی اطاعت کا اعلان کر دیا [illegible] [illegible] امیر ابو زکریا [illegible] الزاب [illegible] ان کے بیٹوں کی حکومت [illegible]

[illegible]

شیخ الموحدین عبداللہ الفازازی اور حاجب ابوالقاسم ابن الشیخ

رؤسائے حکومت کی وفات کے حالات

عبداللہ الفازازی موحدین کے مشائخ میں سے تھا اور سلطان ابوحفص کا خاص دوست تھا اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اس نے اسے تونس کا امیر مقرر کیا تھا اور اسے [illegible] کے عبور کرنے کے لئے بھیجا تھا پس اس نے [illegible] معاملات [illegible] ٹھیک [illegible] حاصل کیا اور [illegible] پر قبضہ کیا [illegible] نے [illegible] لیا اور اس بارے میں اس نے [illegible] اور ان کے مشائخ کے ساتھ [illegible] اس کے [illegible] کی خلافت پر [illegible] حکومت کرنے کے ارادے سے روکا اور [illegible] کے فاصلے پر ۶۹۳ھ میں وفات پا گیا اور اسی سال حاجب ابوالقاسم بن الشیخ کی وفات ہوئی اور اس کی [illegible] کا واقعہ یہ ہے کہ یہ ۶۳۳ھ میں [illegible] سے آیا اور اس کے [illegible] سے رابطہ [illegible] اس نے اسے [illegible] اور [illegible] پر [illegible] ہو گیا اور اس [illegible] ابن الشیخ [illegible] سلطان نے [illegible] کرنے کے لئے اپنا [illegible] نے اپنے [illegible] ابوالقاسم بن الشیخ کی بہت تعریف کی اور سلطان نے [illegible] اس نے اس کے [illegible] پر نظر [illegible] اور اس کی تحسین کی اور اسے اپنی خدمت میں رکھا اور اسی کی [illegible] خدمت کے طور پر [illegible] اور اس نے اپنے [illegible] کر دیا [illegible] اور سلطان کے گھر کے [illegible] اس کی نگرانی پر موقوف تھے اور اس بارے میں اس کا حکم [illegible] اس نے اس کی وفات کے بعد ابن الشیخ [illegible] اور جب سلطان الواثق حاکم بنا جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں [illegible] کے کام پر [illegible] اپنے لئے مختص کر لیا اور اسے اپنے ساتھیوں میں شامل کر لیا پھر سلطان ابو اسحاق کی حکومت آئی تو اس نے بھی اسے اس کے کام پر [illegible] رکھا اور اسے اپنی [illegible] کے ساتھ [illegible] اور اس کے [illegible] اور اس کے بعد ابو زکریا [illegible] کے پاس [illegible] کی حکومت پر [illegible] ابوالقاسم بن الشیخ کو [illegible] لیا اور اسے [illegible] احکامات دے کر [illegible] کے علاقے کی طرف بھیج دیا اور جب سلطان ابوحفص [illegible] حکومت [illegible] الشیخ [illegible] کے پاس

حاصل تھا تو خوف پیدا ہوا تو اس نے بھلائی اور عبادت کی علامت کے طور پر علیحدگی چاہی تو انہوں نے اس کی سفارش کی جسے سلطان نے قبول کر لیا اور اس نے ازخود ان کے سامنے اس بات کا اظہار کیا کہ اس کے سپرد کوئی کام کیا جائے تو اس نے اسے اپنا نائب مقرر کر دیا اور ساتھ ہی کتاب العلامۃ فی تواریخ الحکومات کی تصحیح کا کام دے دیا لیکن جب سلطان ابو حفص کو اپنی حکومت مل گئی اور یہ قتل ہو گیا اور علامت حکومت کسی اور آدمی کی طرف چلی گئی پس وہ اپنی وفات تک جو ۶۹۹ھ میں ہوئی اس عہدے پر قائم رہا اور اس کے بعد بھی نیابت کا امر ابن تغیل کے خاندان پر قائم رہا اور اس نے مذہب کا حکم دیا اور اس کی ریاست موحدین کے مشائخ کی طرف واپس لوٹ گئی یہاں تک کہ احوال بدل گئے اور الٹ پلٹ گئے جیسا کہ آپ کو ان کے بیان ہونے والے حالات سے پتہ چلے گا اور اس کے بعد سلطان نے اپنا نائب ابو عبداللہ کو مقرر کیا جو اخیار کے طبقہ میں سے تھا اور وہ حکومت کے آخر تک اس عہدہ پر قائم رہا۔

سلطان ابو حفص کی وفات کے حالات اور اس کا اپنے بعد حکومت کی وصیت کرنا

